مدینۃ اولیاء ملتان سے شائع ہونے والا کثیر الاشاعت روحانی جریدہ

جنوری 2017ء

تحفۂ روحانیات

روحانی ماہنامہ

قیمت فی شمارہ 60 روپے



روحانی واردات

شرف زہرہ خاص اعمال

طلسماتی عمل شرف زہرہ

طلسمات قوت امساک

شیڈول انعامی بانڈ 2017ء

نایاب رمل

آسان مجرب اعمال

خصوصی تجزیہ جنرل قمر جاوید باجوہ

چیف ایڈیٹر و بانی ادارہ روحانیات

محمد ایاز مزمل حسین شاہ

طلسم لاثانی

نمبر1:۔اس خاص طلسم کے استعمال میں لاتے ہی دل ودماغ، جسم وروح میں عجیب قوت آجاتی ہے۔بیمار مریض چند دنوں میں صحت یاب ہوجاتا ہے۔خصوصاً وہ افراد جنہیں دل وجگر کے امراض ہوں اس طلسم کے استعمال سے جلد ہی صحت یاب ہوجاتے ہیں۔

نمبر2:۔ہائی اور لو بلڈ پریشر کے مریض اس طلسم سے یقیناً فوری فائدہ اٹھاسکتے ہیں۔

نمبر3:۔جگر کا ورم ختم ہوجاتا ہے۔ہیپاٹائٹس کے مرض سے نجات مل جاتی ہے۔

نمبر4:۔کمزور جسم خوبصورت ہوجاتا ہے۔بے رونق چہرے پر سرخی اور سفیدی آجاتی ہے یعنی چہرہ پرنور ہوجاتا ہے۔

نمبر5:۔بے اولاد یا اولاد نرینہ (بیٹا) کے خواہشمند حضرات بھی اس طلسم سے فائدہ اٹھاسکتے ہیں۔

نمبر6:۔**طلسم لاثانی** کی بدولت مرد، مرد ہوجاتا ہے اور خاص مواقع پر خاص مرد ہوجاتا ہے۔

نظمبر7:۔خواتین **طلسم لاثانی** کی بدولت مردوں کو اچھی طرح اپنے بس میں کرلیتی ہیں اسی طرح مرد حضرات بھی خواتین کیلئے باعث کشش ہوجاتے ہیں۔

نمبر8:۔مخالفین پر رعب اور دبدبہ قائم ہوکر غلبہ دشمن ہوجاتا ہے۔

نمبر9:۔**طلسم لاثانی** کی روحانی قوت سے بند کاروبار کھل جاتا ہے۔اور چلتا ہوا کاروبار خوب فروغ پاتا ہے۔

نمبر10:۔اس طلسم کی بدولت افسران بالا خود بخود مہربان ہوجاتے ہیں۔ملازم پیشہ افراد کی ترقی میں کسی قسم کی کوئی رکاوٹ نہیں ڈالتے۔

نمبر11:۔**طلسم لاثانی** 500 برس پرانے قاعدے کے مطابق تیار کیا جاتا ہے جس کی وجہ سے اس کے اثرات تاحیات ختم نہیں ہوتے۔

نمبر12:۔زمانہ قدیم میں اس طلسم کو بادشاہ اور امراء خصوصی طور پر تیار کرواتے تھے۔**طلسم لاثانی** کی بدولت برسوں حکومت کرتے اور ہر شخص کو مسخر کرلیا کرتے تھے۔محبوب آپ کے بغیر سانس بھی نہیں لیتا۔

نمبر13:۔وہ افراد جو انعامی اسکیموں میں حصہ لے کر مایوس ہوچکے ہیں۔**طلسم لاثانی** کی بدولت انشاءاللہ انعام کے حقدار ٹھہریں گے۔

نمبر14:۔**طلسم لاثانی** کی بدولت جسم اور روح کی تسخیر ہوتی ہے۔لاغرپن، کمزوری، احساس کمتری، بزدلی اور خوف سے نجات ملتی ہے۔

ورد طلسم لاثانی

یااللہ یالطیف یامغنی یاطیب یاسمیع یامنعم یاقوی یانافع یاحیی یامعز بحق الم طسم ق ن ح م

ہدیہ طلسم لاثانی 2700 روپے منی آرڈر کریں۔



غار حراء کے اس در و دیوار کے نام جہاں محمد ﷺ کی خوشبو ابھی تک رچی بسی ہے

جلد نمبر 12 جنوری 2017ء شمارہ نمبر 7

بانی ادارہ روحانیات و چیف ایڈیٹر
ماہر روحانیات
شہزادہ محمد ایاز مزمل حسین شاہ سہارنپوری

سب ایڈیٹر	محمد نبیل مزمل۔ سید عابد حسین شاہ
معاونین	ملک ذوالفقار علی اعوان، سید شبیہہ الحسنین رضوی
پروف ریڈر	سید آل محمد، حنیف یاسر
سرکولیشن منیجر	رضوان علی رضوی 0300-6368746
کمپوزنگ گرافکس	محمد مصباح العالم، محمد علی قریشی۔

مجلس مشاورت

سید عارف معین بلے ایکسپریس نیوز چینل (ریذیڈنٹ ایڈیٹر روزنامہ ایکسپریس) ڈائریکٹر عابد کمالوی محکمہ تعلقات عامہ

ملک نسیم رضا ڈائریکٹر ایف آئی اے (ر)۔ بابا صدف انبالوی، منظور علی سموں، ماسٹر شوکت علی بروہی

علامہ آغا السید محمد ابوالحسن موسوی، زوار حکیم محمد ابصار حیدر، حکیم خضر عباس بیاسی، سبط حسن جعفری

ترتیب مضامین

مضمون	صفحہ نمبر	مضمون	صفحہ نمبر
دعا اختتام سال، دعا آغاز سال	3	اعمال آیت کریمہ	22
معجزات نبی کریمؐ	4	زکوۃ کی قسمیں	24
روحانی واردات	6	نایاب رمل	26
خصوصی عددی تجزیہ جنرل قمر	8	پتھروں کی اہمیت	28
ستاروں کی چال	9	سبزیوں کی افادیت	30
شرف زہرہ خاص اعمال	10	یہ ماہ کیسا رہیگا؟	33
طلسماتی عمل شرف زہرہ	12	حکومتی قرعہ اندازی نتائج	39
طلسمات قوت امساک	13	انعامی بانڈ شیڈول 2017	40
آسان مجرب عملیات	14	روزانہ کے لکی نمبر	41
مجربات قریشی	16	جنوری کے لکی نمبر	42
نام کی اہمیت	18	پیغامات	44
خاتم قمر	20	آپ کی ڈاک	45
گھریلو نسخے	21	قلمی دوستی	47

لیگل ایڈوائزر

محمد فیاض حسین (ایڈووکیٹ ہائیکورٹ ملتان)

مس شاہدہ وزیر (ایڈووکیٹ ہائیکورٹ ملتان)

قیمت فی شمارہ 60 روپے

بیرون ممالک سالانہ خرید اری

انڈیا، ترکی، کویت، ایران، سری لنکا 3000 روپے

یورپ، فارایسٹ 4000 روپے

امریکہ، کینڈا، آسٹریلیا 5000 روپے

سالانہ ممبر شپ 7201 روپے مع ڈاک خرچ

آفس

ادارہ روحانیات

نزد عزیز ہوٹل چوک ملتان کینٹ

0300-6351192

0333-6158193

ایڈیٹر، پبلشر محمد ایاز مزمل حسین شاہ نے منزل آرٹ پریس بوہڑ گیٹ، ملتان سے چھپوا کر مکتبہ روحانیہ نزد عزیز ہوٹل چوک ملتان سے جاری کیا

ملتان مابہ جنت اعلیٰ برابر است　　آہستہ پابنہ کہ ملک سجدہ می کنند

(ترجمہ) ملتان اور جنت کی زمین دونوں برابر ہیں یہاں پر قدم آہستہ رکھو کہ فرشتوں نے اس زمین پر سجدے کئے ہیں۔

اللہ رب العزت نے موجودہ وقت میں انسانوں کے اعمال کی خرابی پر جادو اور جنات کو عذاب کی شکل میں ظاہر فرمایا ہے۔ اس کی مدافعت صرف تعویزات وغیرہ سے نہیں کی جاسکتی جب تک اعمال کی درستی کی طرف توجہ نہ کی جائے۔ (ابو محمد مصباح العلم)

☆ کلمہ استغفار" اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ رَبِّی مِنْ کُلِّ ذَنْبٍ وَّ اَتُوْبُ اِلَیْہِ (ترجمہ) توبہ کرتا ہوں اللہ سے اپنے تمام گناہوں کی اور وہ توبہ قبول کرنے والا ہے۔)

☆ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰی آلِہٖ مُحَمد بِعَدَدِ الْمُزَّمِّلِ وَالْخَصَائِص۔

استغفار اور درود پاک کے علاوہ کوئی بھی وظیفہ بلا اجازت نہ پڑھیں۔

فضائل سورۃ مزمل شریف

حدیث پاک:۔ حضور نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا کہ جو کوئی مصیبت کی حالت میں سورۃ مزمل کو پڑھے گا اللہ تعالیٰ اس سے اس کی مصیبت کو دور فرمادے گا۔

حدیث پاک:۔ اسی طرح ایک اور موقع پر حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ جو شخص سورۃ مزمل کو پڑھے گا اللہ تعالیٰ اسے دنیا و آخرت میں خوش رکھے گا اور اس کی غربت و مفلسی کو دور کردے گا۔ جس مشکل کیلئے پڑھے گا وہ مشکل آسان ہوجائے گی۔

حدیث پاک:۔ حضرت ابو ہریرہؓ سے مروی ہے کہ حضور نبی کریم نماز فجر کے بعد مسجد میں تشریف فرما تھے اور صحابہ کرامؓ آپ کے گرد جمع تھے کہ حضرت جبرائیلؑ نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ ہر چار مقرب فرشتوں کو گواہ کر کے فرماتا ہے کہ جو سورۃ مزمل پڑھے گا اس کو عذاب و عقوبت نہ ہوگا اور اس کے گناہ معاف کئے جائینگے اور جہنم کی آگ اس پر حرام ہوگی۔ روایت حضرت شیخ فریدالدین گنج شکرؒ سے منقول ہے کہ:

اگر جو شخص قبر پر ایک بار سورۃ مزمل پڑھے گا تو 300 برس تک صاحب قبر عذاب قبر سے دور ہوگا اور اگر 3 بار کوئی شخص صاحب قبر کے لئے سورۃ مزمل پڑھے گا تو قیامت تک عذاب قبر اس صاحب قبر پر نہ ہوگا۔ آنحضرت نے فرمایا جو شخص سورۃ مزمل کا ورد جاری رکھے گا اس کو دنیا و آخرت میں رنج نہ ہوگا۔

حدیث مبارکہ

احکام نقوش و الواح

حضرت ابی خزامہؓ نے اپنے والد محترم سے روایت کی کہ انہوں نے فرمایا" میں نے حضرت محمد ﷺ سے دریافت کیا کہ یہ دعا اور تعویز (نقوش اور الواح) جسے ہم اپنی بیماریوں کے سلسلے میں کرتے ہیں اور یہ دوائیں جو ہم اپنے مرض کو دور کرنے کیلئے کرتے ہیں اور یہ احتیاطی تدابیر (وظائف، نقوش اور الواح) جو ہم مشکلوں اور دکھوں سے بچنے کیلئے تیار کرتے ہیں۔ کیا یہ اللہ کی تقدیر کو ٹال سکتی ہیں؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے نے فرمایا! یہ سب چیزیں بھی تو اللہ کی تقدیر میں سے ہیں۔

ربیع الثانی، زکات سورۃ مزمل

نوچندی جمعرات کو اذان فجر سے کم از کم 1 گھنٹہ قبل نیند سے بیدار ہوں پہلے وضو پھر غسل کریں اذان فجر سے قبل اول آخر درود پاک 21 بار ورد کریں سورۃ مزمل اس طرح پڑھی جائے کہ ہر 7 بار پڑھنے کے بعد 7 بار درود پاک کا ورد کریں۔

مدت عمل 21 یوم دوران عمل سرخ و سفید رنگ کا لباس استعمال کیا جائے۔ جو کہ صرف پڑھائی کے وقت پہنیں اور فجر کی نماز کے بعد اس کو محفوظ کرلیں۔ مدت عمل مکمل ہونے تک لباس کو نہ دھوئیں۔ جو ورد مزمل زکات مزمل میں پڑھا جائیگا۔ وہ ذیل میں ہے

الصلوۃ السلام علیک یا ایھا المزمل زملنی

دعا اختتام سال

اَللّٰھُمَّ مَاعَمِلْتُ فِی السَّنَۃِ مِمَا نَھَیتَنِی عَنہُ وَلَمْ اَتُبْ مِنْہُ وَحَلمْت فِیھَا بفَضْلِكَ بَعْدَ قُدْرِ تَك عَلیٰ عَفْرَبِیْ وَدَ عُوَتَنِیْ اَلتَوْبۃَ مِنْ جَرَاتِی عَلیٰ بِفَضْلِكَ بَعْدَ قُدْرِ تَك عَلیٰ عَقرَبَتِی وَدَعُوَتَنِی اَلتَّوْبۃُ مِنْ جَرَاتِی عَلیٰ مَعَصِیتَاكَ فَانِیاَسْتُغْفِرُكَ فَا غْفِرلیٰ وَمَا عَمِلتُ فِیھَا تَرْضَاہ وَعَدَ تَنِی عَلیہِ الثَوَابَ فَاسئلَكَ اَنْ تَتَقَلْبہٗ مِنِی وَلَا تَقطَعَ وَجَائِی مِنْكَ یَا کَرِیم۔

ترجمہ: ۔اے اللہ! اس سال جو میں نے تیری نافرمانی کی اور اُن بداعمالیوں سے اب تک توبہ نہ کی اس کے باجود میرے قابل سزا ہونے پر بھی تیری رحمت فضل وکرم مجھ پر جاری رہا اور سب کچھ جانتے ہوئے بھی تو نے مجھے توبہ کی طرف مائل کیا اے اللہ میں تجھ سے مغفرت طلب کرتا ہوں۔اے اللہ میں نے اس سال جتنے بھی نیک کام کئے تیری رضا کیلئے کئے اور جن پر تو نے انعام واکرام کا وعدہ فرمایا۔اے اللہ میں تجھ سے دعا کرتا ہوں کہ اُن نیک اعمال کا بدلہ تو ہی دینے والا ہے اے کریم میری اس اُمید کو جو تیری ذات سے وابستہ ہے کبھی منقطع نہ کرنا۔

دعا آغاز سال

اَللّٰھُمّ اَنْتَ اِلَا بَدیٰ اَلْقَدِیم الَا وَعَلیٰ فَضْلِكَ الْعَظِیم و کَرَمَ جَوْدِكَ الْمَزِلَ وَھٰذَا عَام جَدِیدْ قَدْ اَقْبَل اَسئل العَصْمَۃفِیہ مِنَ الشَیْطَانْ وَاوَلِیاَ ئہٗ وَاَلْعَوْنَ عَلیٰ ھٰذَا النَفْسِ اَلَا مَادَۃُ بالسَّوْءِ وَالَا اشْتَغَالِ بِمَا یَمتُرْ بُنِی اِلَیكَ زَلْفیٰ یَاذَوَالجَلَال وَاَلا اِکرام

ترجمہ: ۔اے اللہ! آپ کی ذات ازلی ابدی اور اول ہے۔اپنے عظیم فضل قابل بھروسہ بخش اور کرم کے ساتھ تو قائم ودائم ہے۔اے اللہ یہ نیا سال آن پہنچا ہے اس نئے سال کے اندر شیطان اور اس کے مددگاروں سے مجھے نجات دلا اور برائیوں کے خلاف برانگیختہ کرنے والے اپنے اس نفس کے خلاف میری مدد فرما اور میری مدد فرما ایسے اعمال میں مشغولیت کی جو میرے مرتبہ کو آپ کی ذات کے قریب کردے اے اللہ تیری بزرگی اور کرم ہمیشہ قائم رہنے والا ہے۔

(نوٹ) ان دونوں دعاؤں کو اختتام سال اور آغاز سال سے قبل تین تین بار پڑھیں۔ان بابرکت دعاؤں کی بدولت پورا سال پریشانی مصیبت آفات بلیات اور دکھوں سے نجات ملتی ہے۔

معجزات نبی کریمؐ

تحریر:۔ملک ذوالفقار علی اعوان (چکوال)

میں اپنے پیارے دوستوں کو نئے سال کی مبارکباد پیش کرتا ہوں۔گزشتہ چند ماہ سے آپ کی خدمت میں معجزات نبی کریمؐ کے عنوان سے سلسلہ مضمون شروع کیا ہے۔میرے حلقہ احباب اور دیگر قارئین نے اس سلسلہ کو بہت پسند فرمایا اس مضمون کا مقصد محبت ومودت بنی نوع انسان کے دل میں نبی کریمؐ پیدا کرنا ہے۔ میں رب کریم کا شکریہ ادا کرتا ہوں کہ جتنا ہو سکا میرے قلم سے یہ عظیم خدمت انجام دی جارہی ہے۔اپنے اُن دوستوں کا بھی شکریہ ادا کرتا ہوں کہ جو مجھے وقتاً فوقتاً اپنی قیمتی آراء سے راہنمائی فرماتے ہیں۔اللہ تعالیٰ جزائے خیر عطا فرمائے۔ نئے سال کی ابتداء میں فاتح خیبر کے بارے میں پیشن گوئی نبی کریمؐ حاضر ہے۔

پیشن گوئی فتح خیبر

صحیحین میں سہل بن سعد رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے خیبر کے دن فرمایا کہ میں کل نشان ایسے شخص کو دوں گا جس کے ہاتھ میں اللہ تعالیٰ فتح دے گا وہ اللہ اور رسول کو دوست رکھتا ہے اور اللہ ورسول اسے دوست رکھتے ہیں جب صبح ہوئی لوگ باامید عطائے نشان حضور میں حاضر ہوے آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے پوچھا علی بن ابی طالب (رضی اللہ عنہ) کہاں ہیں لوگوں نے عرض کیا کہ ان کی آنکھیں دُکھتی ہیں، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ انہیں کو بلا بھیجو لوگ انہیں لے آئے آپ نے لعاب دہن مبارک ان کی آنکھوں میں لگایا پس وہ اچھی ہوگئیں گویا کہ آنکھیں دُکھتی ہی نہ تھی پھر انہیں نشان عطا فرمایا۔

اس حدیث میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے خبر دی تھی کہ کل ہم جسے نشان دیں گے اس کے ہاتھ پر قلعہ فتح ہو جائے گا، سو اسی طرح ہوا کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ کی شجاعت اور صفدری سے خیبر مفتوح ہوا۔

وقوع قتال مابین

حضرت علیؓ حضرت زبیرؓ کے درمیان وقوع قتال کی پیش گوئی۔بیہقی نے روایت کی ہے کہ ایک دن جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت علی رضی اللہ عنہ اور حضرت زبیر رضی اللہ عنہ کو باہم ہنستے ہوئے دیکھا آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت علی رضی اللہ عنہ سے پوچھا کہ تم زبیر کو دوست رکھتے ہو انہوں نے کہا کہ میں کیسے دوست نہ رکھوں وہ میری پھوپھی کے بیٹے ہیں اور وہ میرے دین پر ہیں پھر حضرت زبیر رضی اللہ عنہ سے پوچھا کہ تم علی کو دوست رکھتے ہو انہوں نے کہا کہ میں کیونکر دوست نہ رکھوں وہ میرے ماموں کے بیٹے ہیں اور میرے دین پر ہیں آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے زبیر رضی اللہ عنہ سے فرمایا کہ ایسا اتفاق ہوگا کہ تم علی سے قتال کرو گے اور تم ظالم ہوگے سو جب جنگ جمل واقع ہوئی حضرت علی رضی اللہ عنہ حضرت زبیر رضی اللہ عنہ کے مقابلے میں آئے اور ان سے قسم دلا کر پوچھا کہ تم نے سنا ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تم مجھ سے لڑو گے اور تم ظالم ہوگے حضرت زبیر رضی اللہ عنہ نے کہا کہ واقعی میں نے سُنا ہے لیکن میں بھول گیا تھا بعد اس کے حضرت زبیر رضی اللہ عنہ وہاں سے پھر گئے اور ابن جرموز نے جا کر انہیں وادی السباع میں میں سوتے ہوئے شہید کیا۔

جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جو خبر دی تھی کہ درمیان حضرت علیؓ اور حضرت زبیرؓ کے قتال واقع ہوگا۔ایسا ہی ہوا۔کہتے ہیں بے جا کام کرنے کو حضرت علیؓ خلیفۂ برحق تھے ان کے ساتھ مقابلہ کرنا اگرچہ بسبب دھوکہ اور بطور خطا کے ہو بے شک بے جا ہے۔

حضرت علی رضی اللہ عنہ کی شان میں وقوع افراط و تفریط کی پیش گوئی

امام احمد نے حضرت علی رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے کہ انہوں نے کہا کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھ سے فرمایا کہ تیرا حال مثل حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے ہے کہ انہیں یہود نے دشمن رکھا یہاں تک کہ ان کی ماں کو تہمت لگائی اور نصاریٰ نے انہیں دوست رکھا یہاں تک کہ ان کو اس مرتبہ کو پہنچایا کہ ان کا نہ تھا یعنی تمہاری شان میں بھی افراط وتفریط ہوگی کچھ لوگ تمہارے دشمن ہو جائیں گے اور تمہارا رتبہ اتنا گھٹائیں گے کہ تمہیں بُرا کہیں گے اور تم پر تہمتیں جھوٹی لگائیں گے اور کچھ لوگ تمہارے دوست بن کر تمہیں اتنا بڑھا دیں گے کہ بہت زیادہ مرتبہ تمہارے لئے ثابت کریں

گے یہاں تک کہ خدا انہیں گے اور پھر ایسا ہی ہوا حضرت علی رضی اللہ عنہ کے حال میں ایسا ہی اختلاف ہوا نواصب اور خوارج انہیں بُرا کہتے ہیں اور جھوٹی تہمتیں مثل شرکت در قذف حضرت عائشہ و قتل حضرت عثمان رضی اللہ عنہما لگاتے ہیں اور غلاۃ روافض انہیں خدا کہتے ہیں۔

شہادت حضرت علی رضؓ

پیش گوئی شہادت حضرت علی کرم اللہ وجہہ۔امام احمد رحمتہ اللہ علیہ نے روایت کی ہے کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت علی رضی اللہ عنہ سے فرمایا کچھ جانتے ہو کہ اگلی اُمتوں میں سب سے زیادہ شقی کون تھا اور اس اُمت میں سب سے زیادہ شقی کون ہے انہوں نے عرض کیا کہ مجھے نہیں معلوم آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ بد بخت ترین اگلی امتوں کا وہ مرد سرخ رنگ تھا قوم ثمود میں سے یعنی قُدار بن سالف جس نے ناقۃ اللہ کی کونچیں کاٹیں اور بد بخت ترین اس امت کا وہ شخص ہے جو تمہارے سر پر تلوار مارے گا یہاں تک کہ داڑھی تمہاری خون سے رنگین ہو جائے گی اور اس تلوار سے شہید ہو گے۔

اس حدیث میں جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے خبر دی کہ قاتل حضرت علی رضی اللہ عنہ کا ان کے سر پر تلوار مارے گا اس سے داڑھی ان کے خون سے رنگین ہو جائے گی اور اسی سے شہید ہوں گے۔ اسی طرح واقعہ ہوا کہ عبدالرحمٰن بن ملجم خارجی نے صبح کے وقت آپ رضی اللہ عنہ کی پیشانی پر تلوار ماری کہ خون اس کا بہہ کر آپ رضی اللہ عنہ کی داڑھی پر آیا اور اسی سے آپ شہید ہوئے۔

حضرت علی رضی اللہ عنہ کو باخبار جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یہاں تک مفصل اپنی شہادت کا حال معلوم تھا کہ اس رات جس کی صبح میں ابن ملجم نے آپ کو زخمی کیا کئی بار حضرت علی رضی اللہ عنہ نے نکل کے آسمان کو دیکھا اور یہ کہتے تھے کہ واللہ نہ میں نے جھوٹی بات کی اور نہ مجھ سے جھوٹی بات کہی گئی یہ تو وہی رات ہے جس کا مجھ سے وعدہ تھا اور سحر کے وقت بطخیں آپ کے سامنے چلانے لگیں لوگوں نے انہیں ہانکا آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ چھوڑ دو انہیں کہ یہ نوحہ گر ہیں پھر مؤذن نے آکر نماز کے لئے کہا آپ رضی اللہ عنہ نماز کے لئے نکل کے مسجد کو تشریف لے چلے تب ابن ملجم نے آپ رضی اللہ عنہ کی پیشانی پر تلوار ماری۔

ایک بار کسی شخص نے حضرت علی رضی اللہ عنہ سے کہ وہ منبر کوفہ پر تھے" رجالٌ صدقوا ما عاهد والله عليه فمنهم من قضى نحبهٗ و منهم من ينتظر وما بدلوا تبديلا

حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ یہ آیت میری شان میں اور میرے چچا حمزہ رضی اللہ عنہ اور میرے چچا کے بیٹے عبیدہ بن حارث رضی اللہ عنہ کی شان میں نازل ہوئی ہے سو عبیدہ نے کام پورا کیا حمزہ رضی اللہ عنہ یوم بدر شہید ہوئے شقی ترین اس امت کا، میری داڑھی کو میرے خون سر سے رنگین کرے گا ایسا ہی مجھ سے میرے حبیب ابوالقاسم صلی اللہ علیہ وسلم نے عہد کیا ہے۔

ترجمہ آیت :۔کہ کچھ مرد ہیں کہ سچا کیا انہوں نے اس بات کو جس پر عہد کیا تھا انہوں نے اللہ سے سو بعضے ان میں سے کام کو پورا کر چکے اور بعضے منتظر ہیں اور نہیں بدلا انہوں نے کسی طرح کا بدلنا۔

ایک بار حضرت علی رضی اللہ عنہ کی خدمت میں ابن ملجم سواری مانگنے آیا آپ رضی اللہ عنہ نے اسے سواری دی پھر فرمایا کہ واللہ یہ میرا قاتل ہے لوگوں نے کہا آپ رضی اللہ عنہ اسے قتل کیوں نہیں کر ڈالتے آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ پھر مجھے قتل کون کرے گا۔

قارئین تحفہ روحانیات سے التماس ہے کہ نقوش اور عبارت عمل کی خود بھی پڑتال کر لیں۔ ادارہ کی جانب سے ان باتوں کا خاص خیال رکھا جاتا ہے مگر پھر بھی غلطی کا احتمال ہے۔ خاص طور سے قرآنی آیات کی قرآن پاک سے پڑتال کریں۔ بہت باریکی سے خیال رکھنے کے باوجود دینی عبارات یا قرآن پاک آیات کی کمپوزنگ غلطی لاعلمی میں ہو سکتی ہے۔قارئین خود بھی احتیاط کریں۔ **(ادارہ)**

حالت قمر

قمر در عقرب:20 جنوری 03:09 تا 22 جنوری 15:45

ھبوط قمر:20 جنوری 07:09 تا 10:32

قمر در ثور:07 جنوری 01:07 تا 09 جنوری 03:06

شرف قمر:07 جنوری 04:40 تا 06:21

شادی بیاہ کی تاریخیں

3.7.8.10.13.14.16.22.23.27.28

قسط 31 جنات کی روحانی واردات

تحریر:۔ ماہر روحانیات محمد ایاز مزمل حسین شاہ

کالے و سفلی علم کے جادوگروں کے بھیانک انجام' جنات بھوت' پریاں چڑیل' اولیاء اللہ اور بزرگان دین' شہداء' کشف القبور' موت اور زندگی کے سچے واقعات

محترم دوستو! گزشتہ شمارہ جات میں جنات سے متعلق اہم واقعات آپ قارئین کرام کی خدمت میں مختصر طور پر پیش کئے جا رہے تھے جن کا مقصد روحانیت کے طالب علم حضرات کو جنات سے متعلقہ وظائف و چلہ کشی کے علاوہ، جناتی مریض کی تشخیص اور اس کا روحانی علاج شائع کیا گیا اس سلسلہ کو بیشمار قارئین کرام نے پسند فرمایا، درخواست کی کہ اسی قسم کے واقعات جو کہ جنات سے متعلق ہوں شائع کئے جائیں ارادہ تو یہ تھا کہ نئے سال سے نئے موضوع پر واقعات علاج اور تشخیص قارئین کی نظر کی جائے لیکن مزید چند واقعات قارئین کی خواہش کو مدنظر رکھتے ہوئے پیش کئے جا رہے ہیں۔

سورۃ مزمل بندہ احقر کا مرکز رہی سورۃ مبارکہ کی برکت سے بہت سی کرامات اور معجزات کا مشاہدہ کیا گیا۔ ایسے قارئین جو کہ ان صفحات پر شائع کردہ مضامین سے استفادہ کرنا چاہتے ہوں انہیں چاہیے کہ پہلے سورۃ مبارکہ کا وظیفہ کریں جس کی برکت سے زبان میں تاثیر پیدا ہو درود مزمل کا ورد ہر وقت جاری رہے دیگر لوازمات اور قواعد عملیات ہر مبتدی کے علم میں ہیں اس بارے میں دوبارہ سے ذکر کرنا ضروری نہیں سمجھا جاتا وہ افراد جو کہ روحانیت کا شوق رکھتے ہوں، عوام الناس کی روحانی خدمت کا جذبہ رکھتے ہوں ایسے افراد کو چاہیے کہ کسی روحانی بزرگ کے زیر تربیت رہیں تاکہ فن چلہ کشی کے بنیادی اصولوں سے واقف ہوں۔ بیشمار ایسے افراد سے ملاقات ہوئی جن کا کہنا ہے کہ ہم نے بہت سے وظائف' چلہ کشی کی مگر ان کا کوئی اثر ظاہر نہ ہوا۔ کچھ لوگ رجعت میں مبتلا ہو گئے یہاں تک کہ کچھ جان سے بھی گئے۔ گزشتہ اقساط میں ایسے واقعات کا مختصر ذکر کیا جا چکا ہے دوستوں سے گزارش ہے کہ جو بھی شخص وظیفہ یا چلہ کشی کا ارادہ رکھتا ہو بنیادی اصول وضوابط' قواعد کا خیال رکھیں تاکہ کسی بھی نقصان سے بچا جا سکے یا محنت ضائع ہونے کا خدشہ نہ ہو صدقہ ضرور دیں۔ انشاءاللہ زبان میں تاثیر پیدا ہوگی جب تک زبان میں تاثیر نہ ہو اس کا اثر بھی ظاہر نہیں ہوتا اور کسی بھی کلام کی تاثیر پیدا کرنے کیلئے بار بار اُس کلام کا ورد خاص طریقہ کار سے کیا جاتا ہے۔ دیگر ہر قسم کی پاکیزگی جسمانی و باطنی رکھی جائے اس تاثیر کے اثرات ظاہر ہوتے ہیں لیکن دوسری جانب اگر زبان میں اثر نہ ہوگی تو اس کی تاثیر بھی ظاہر نہ ہوگی۔ کسی چلہ یا وظیفہ کا کرنے کے بعد اس کو سنبھالے رکھنا بھی ضروری ہے طبیعت میں غرور اور تکبر ہرگز نہ آئے ورنہ سب کچھ ختم ہو جائیگا ہمیشہ عجز و انکساری سے کام لیا جائے۔ طبیعت میں نرمی رکھی جائے ہر وقت باوضو رہا جائے استغفار اور درود پاک کا ورد ہمیشہ جاری رکھیں انشاءاللہ کامیابی ملے گی۔

چند برس قبل بندہ احقر روحانی امراض میں مبتلا و دیگر دنیاوی مسائل میں پریشان حال افراد کی روحانی امداد اس طرح کیا کرتے تھے کہ بعد نماز عصر ایک بڑے ہال کمرہ میں جس میں ایک جانب خواتین اور دوسری جانب مرد حضرات ہوتے تھے۔ ایک نشست خالی چھوڑ دی جاتی تھی پھر با آواز درود پاک 21 بار، سورۃ مزمل 21 بار ورد کی جاتی اس کلام پاک کی برکت سے روشنی کا ہالہ نمودار ہوتا جو سورۃ مزمل کی روحانیت تھی۔ اس ہال میں موجود تقریباً 70 سے 80 فیصد لوگ اُس نور کے ہالہ کا مشاہدہ کر سکتے تھے۔ پھر وہ اپنے سوال با آواز دہراتے اُن کے مسائل کا حل اور جوابات اُس وقت دیا جاتا۔

ایک بار ایسا ہوا کہ بندہ احقر سورۃ مزمل کی تلاوت ابھی 5 بار ہی پڑھ پایا تھا کہ اس مجلس میں سے ایک شخص پر جنات کی حاضری ہوئی تمام لوگ خوفزدہ ہو گئے خوف اور دہشت کی فضا پیدا ہو گئی تھی۔ بندہ احقر نے اُس مریض کو سب کے سامنے بٹھایا سیدھے ہاتھ سے سر کے چند بالوں کو گرفت میں لیا، اپنا ورد مکمل کیا بعد اختتام ورد اُس سے پوچھا گیا کہ آپ کون ہیں؟ اُس شخص نے غیر معمولی گرج دار آواز میں جواب دیا کہ ہماری تعداد 4 ہے ہمیں اس کی ساس نے مسلط کروایا ہے کیونکہ یہ جب دبئی گیا اس کا رویہ شروع میں اپنے سسرالی رشتہ داروں سے بہت اچھا تھا اس کی بیوی اپنی ماں کی طرف یعنی اس کی ساس کی طرف رہتی تھی اور پھر اس میں غرور و تکبر وقت کے ساتھ آتا گیا کیونکہ اس کا وہاں پر اچھا سلسلہ روزگار ہو گیا تھا۔ اب اس کا رویہ اپنی ساس اور سسرالی رشتہ داروں سے اچھا نہ رہا، اس کے پاس اچھا خاصا پیسا جمع ہو گیا تھا مگر صرف اتنی رقم اپنی بیوی کو ارسال کرتا جتنی اسکو ضرورت ہوتی۔ شروع میں اس کی ساس نے اس کو قابو کرنے کیلئے حربے آزمائے مگر بے سود۔ بلآخر ایک شخص جو کہ رقم لے کر جنات یا ارواح بد دوسروں پر مسلط کرتا تھا یا اُن کو ہمارے ذریعہ تباہ و برباد کرتا تھا۔ اُس نے ہم چاروں کو اس پر مسلط کر دیا کہ اس کے ہر کام میں

اشرف بک ایجنسی، کمیٹی چوک راولپنڈی۔ 0333-5205014 ادارہ روحانیات

رکاوٹ ڈالیں، اس کو تباہ و برباد کردیں، مالی حالات خراب کردیں، یہ دوبارہ اپنی ساس کے قدموں میں آگرے۔ ہم نے ایسا ہی کیا اس کے کاروبار میں نقصان پہچانا شروع کردیا آہستہ آہستہ چند ماہ بعد ہم اپنے مقصد میں کامیاب ہوگئے اب یہ دبئی سے بالکل برباد ہوکر واپس آیا ہے تو اس کا رویہ بالکل درست ہوگیا چونکہ ہمیں اس کے جسم وروح سے بھی تک الگ نہ کیا گیا تھا یہی وجہ ہے ہم اب بھی اس پر مسلط ہیں۔ بندہ احقر نے با آواز 5 بار سورۃ مزمل تلاوت کی، پانی دم کرکے اُس شخص کو دیا اس دوران اپنا دائیں ہاتھ سے اُس کے بالوں کو پکڑے رکھا۔ چند بال توڑ کر بوتل میں ڈال کر ڈھکن سے بند کردیا یہ وہ جنات تھے جو کہ اس شخص کی تباہی کا باعث بنے۔ ایسا کرنے کے فوری بعد مریض بے ہوش ہوگیا سورۃ مزمل پڑھ کر پانی کے چھینٹے اس پر مارے تو وہ مریض ہوش میں آیا اس سے پوچھا گیا کہ آپ کس لئے آئے اور آپ کا کیا مسئلہ ہے جواب دیا کہ میں شادی کے بعد دبئی گیا تھا شروع میں میرا کام بہت اچھا تھا لیکن نہ جانے کیا ہوا گزشتہ ایک سے ڈیڑھ سال میں میرا سب کچھ تباہ و برباد ہوگیا اب میں مقروض ہوں اب اپنے سسرال میں رہ رہا ہوں میری غیرت گوارا نہیں کرتی لیکن کیا کروں مجبور ہوں ان سوال وجواب سے معلوم ہوا کہ اُس کی ساس کی جانب سے جنات کا مسلط کرنا اور تباہ و برباد کرنے کا اُسے علم نہ ہے۔ ہم خود بھی یہ چاہتے تھے کہ سسرالی رشتہ داروں کی عزت اُس کی نظر میں بنی رہے لیکن اُس کی ساس کی ہدایت کیلئے دعا ضرور کی گئی۔ نقش حصار، لوح ہمزاد اُس شخص کو دی گئی یہ روحانی تحائف اُسے دینے کے بعد سمجھایا گیا کہ روپیہ پیسہ ہمیشہ فتنہ کا باعث بنتا ہے اگر اُس کے ساتھ غرور اور تکبر شامل ہوجائے تو انسان تباہ و برباد ہوجاتا ہے ہر وقت کلمہ استغفار کا ورد رکھو لہجہ کی نرمی سے بڑے سے بڑا مقصد بھی حاصل کرسکو گے مگر غرور اور تکبر اللہ کے ہاں ناپسندیدہ عمل ہے جس حد تک ممکن ہو اس سے بچا جائے۔ ان صاحب سے اب بھی بذریعہ فون رابطہ ہے دبئی میں پھر سے خوشحال زندگی بسر کررہے ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے اس کو اولاد کی نعمت سے بھی نوازا، اب ساس اور سسرالی رشتہ داروں کی عزت پہلے سے زیادہ کرتے ہیں لیکن جنات کے مسلط ہونے کا اُنہیں تا حال علم نہیں۔ جب بھی کسی جناتی مریض پر حاضری ہوتی ہے تو اُس مریض کو علم نہیں ہوتا کہ وہ کیا کہہ رہا ہے اور جسم کیا حرکت کررہا ہے۔ اثر ختم ہونے کے بعد مریض کو صرف احساس رہ جاتا ہے۔

محترم دوستو! ایسے افراد جو روحانی شعور رکھتے ہوں یا جناتی مریض کا علاج کرنا چاہتے ہوں جب تک تشخیص درست نہ ہوگی علاج بھی درست نہ ہوگا۔ بہت سے ایسے لوگ جو کہ نفسیاتی طور پر مریض ہوتے ہیں خود کو جناتی مرض میں مبتلا سمجھتے ہیں اگر معالج بہتر ہوگا لمحہ بھر میں نفسیاتی اور جناتی مریض میں پہچان کر پائیگا۔ بصورت دیگر پہچان نہ کرپایا تو علاج بھی درست طریقہ سے نہ کرپائیگا۔ بندہ احقر کے پاس کئی نفسیاتی مریض بھی آئے جو کہ اپنے آپ کو روحانی مرض میں مبتلا سمجھتے تھے۔ نفسیاتی مریضوں کا علاج نفسیاتی طریقہ کار سے کیا جاتا ہے۔

پہلا قدم یہ ہے کہ نفسیاتی مریض کا مسئلہ مکمل توجہ سے سُنا جائے تاکہ اُسے یہ محسوس ہو کہ میری بات کو غیر ضروری نہیں سمجھا جارہا ہے۔ دوسرا قدم یہ کہ نفسیاتی مریض کی کسی بھی بات کا انکار نہ کیا جائے اگر آپ کو یہ سمجھ آجاتا ہے کہ مریض نفسیاتی ہے اور اس کو یہ وہم ہے کہ اُس پر جادو یا جنات یا آسیب مسلط کیا جارہا ہے تو معالج کو چاہیے کہ اُس کی کسی بھی بات کا اُسکے سامنے انکار نہ کرے۔ بلکہ اُس کا ہمدرد بن کر مکمل توجہ سے اُس کی پوری بات سُنے اور اُسے یہ یقین دلائے کہ اللہ کے کلام کی برکت سے مکمل طور پر روحانی و جسمانی صحت حاصل کرپائیگا۔ ایسے مریض کو یقین دلوایا جائے کہ کلام اللہ کی برکت سے ہر ناممکن کو ممکن بنایا جاسکتا ہے۔ زیادہ سے زیادہ کلمہ استغفار اور درود پاک کا ورد کروایا جائے۔

روحانی معالج کی زبان میں اللہ کی جانب سے ایسی تاثیر بذریعہ کلام الٰہی پیدا ہوجاتی ہے کہ اگر اس معالج میں ایمان کی قوت تو چارپائی پر لائے ہوئے مریض کو بھی اپنے پاؤں پر چلا کر بھیج سکتا ہے۔ وہم میں مبتلا اور نفسیاتی مریضوں کیلئے سورۃ الناس کی آیت من شر الوسواس الخناس کا نقش تیار کرکے دیا جائے۔ ترجمہ:۔ کہ میں اللہ تعالیٰ کی پناہ چاہتا ہوں خناس کے وسوسوں (وہموں) سے۔ اسی سورۃ مبارکہ کو 108 بار پانی پر دم کر 7 روز تک نفسیاتی اور وہم میں مبتلا مریض کو پینے کیلئے دیا جائے۔ یاد رہے کہ اس قسم کے مریض جب تک اپنے معالج کو اپنا مخلص اور ہمدرد ہونے پر یقین نہ کریں گے صحت یاب نہ ہونگے کیونکہ روحانی معالج کی زبان سے نکلا ہوا ایک ایک لفظ مریض کیلئے اہمیت کا حامل ہوتا ہے لہٰذا ایسے مریض کا علاج بہت سوچ سمجھ کر کرنا چاہیے ہر آنے والا مریض جناتی نہیں ہوتا جناتی مریض کی آسان تشخیص اس طرح ہوسکتی ہے کہ مریض کو سامنے بٹھا کر اپنے گرد حصار کریں اور سورۃ مزمل کا ورد 7 بار کریں اس دوران میں اگر مریض کی حالت خراب ہوجاتی ہے تو سب سے پہلے سوال کیا جاتا ہے کہ جنات میں سب سے پہلے اللہ نے کس کو پیدا فرمایا؟ اگر اس سوال کا جواب مریض درست دے دے تو مان لیا جاتا ہے کہ واقعی جناتی مریض ہے جیسا کہ ہر مسلمان کو معلوم ہے کہ انسانوں میں سب سے پہلے اللہ تعالیٰ نے حضرت آدمؑ کو تخلیق فرمایا اسی طرح ہر جن کو معلوم ہے کہ جنات میں سب سے پہلے جس کو تخلیق فرمایا اُس کا کیا نام ہے؟ اس سوال کا جواب جاننے کیلئے 0300-6351192 پر رابطہ کریں۔ (جاری ہے)

شمع بک ڈپو، کشمیر بازار راولپنڈی۔ 0336-2451457 ادارہ روحانیات

ایک خصوصی امکانی عدی تجزیہ

تحریر:۔
ریسرچر غلام اکبر رنگیجو
(کراچی)

میرے پیارے دوستو جعفریہ جنتری 2017ء میں عرصہ دراز سے سیاست پر اپنے مضامین شائع کر رہا ہوں اور آنے والے نئے سال کا تجزیہ بھی پیش کرتا ہوں۔ میرے تجزیات کی روشنی میں نئے سال کی جو پیشن گوئیاں کی جاتی ہیں الحمدللہ! 90 فیصد درست ثابت ہوتی ہین کیونکہ 100 فیصد صرف اللہ کی ذات ہے۔ کئی دوست حوصلہ افزائی کرتے ہیں۔ کسی بھی ملک کی سلامتی کا ذمہ اس ملک کی فوج پر منحصر ہوتا ہے۔ سابقہ آرمی چیف جنرل راحیل شریف کی بے پناہ مقبولیت اور عوامی خدمت پاکستانی نے تسلیم کیا یہی نہیں بلکہ بیرون ملک بھی دہشت گردی سے نبٹنے کیلئے اور ملک دشمن عناصر کا قلع قمع کرنے کیلئے آپ کی خدمات قابل ستائش ہیں۔ جنرل راحیل شریف پہلے آرمی جنرل ہیں کہ جن کی ریٹائرمنٹ پر ہر محب پاکستانی کی خواہش تھی آرمی چیف اپنے عہدہ کی مدت میں توسیع لیں۔ ایسا لگتا تھا کہ جیسے آپ سے بہتر کوئی جنرل پاکستان کو میسر نہ آئیگا۔ حقیقت ہے کہ مادر وطن بیش قیمت محبان وطن سے بھری ہوئی ہے۔ ایک سے بڑھ کر ایک گوہر موجود ہے جس کی تازہ مثال ہمارے نئے چیف آف آرمی سٹاف جنرل قمر جاوید باجوہ کی شکل میں موجود تھے۔

وطن عزیز ''پاکستان'' اور عوام کیلئے عدد ''1'' پر تقسیم ہونے والے تمام ماہ و سال ہر لحاظ سے ''بھاری'' ثابت ہوتے رہے ہیں۔ ''2016ء اور 2017ء'' کے علاوہ ماضی کے کم و بیش انہی اثرات کے حامل عددی سال ''1971ء اور 1972ء'' بھی اور وہ تمام اہم سیاسی' مذہبی' فوجی' قوم پرست اور سیاسی مخدوم شخصیات بھی جن کے نام عدد ''1'' پر تقسیم ہوں گے وہ بھی ''ملک اور عوام'' کی توقعات کے برعکس ہی ثابت ہوتی ہیں اور ہوتی رہیں گی۔ مہینوں میں جنوری' مارچ' مئی' جولائی' ستمبر' اکتوبر اور دسمبر **میاں نواز شریف' میاں شہباز شریف' کپتان عمران خان' جہانگیر خان ترین' چوھدری سرور' شاہ محمود قریشی' شیخ رشید احمد' مولانا فضل الرحمن' جنرل ایوب خان' یحییٰ خان' جنرل آصف نواز جنجوعہ' جنرل عبدالوحید کاکڑ' جنرل ضیاء' جنرل مرزا مسلم بیگ' جنرل پرویز مشرف اور جنرل جہانگیر کرامت' آرمی چیف جنرل قمر جاوید باجوہ** کے نام کا عددی تجزیہ۔ تاریخ ولادت 02-01-1959 کھکھڑ منڈی (گوجرانولہ پنجاب) تاریخ ولادت پر سب سے زیادہ طاقتور عددی اثرات عدد ''9'' ہونے کے باعث بڑے نڈر بے باک اور قدرے جلد باز واقع ہوئے ہیں۔

عموماً عدد ''1'' پر تقسیم ہونے والی عددی شخصیات سے نہیں بنتی (میاں نواز شریف کی مثال یہاں مناسب رہیگی) جنرل قمر جاوید باجوہ کا تعلق 16 بلوچ رجمنٹ سے رہا اور یہ کہ 1947=14+8+1=اور خود ان کے نام کا عدد بھی 7 ہے۔ جو دلیل ہے اس خصوصی امر کی کہ! جنرل قمر جاوید باجوہ بہ نسبت جنرل راحیل شریف۔ زیادہ سخت ثابت ہوں گے۔

موجودہ ''ن لیگ'' حکومت کیلئے جنرل قمر جاوید باجوہ نے 29 نومبر 2016ء کو عدد 3 کے زیر اثر عہدہ سنبھالا اور پاکستان کا عدد بھی ''3'' ہے۔ جو نواز سرکار اور پاکستان کے ازلی دشمن ''بھارت'' بشمول افغانستان کی طرف سے اندرونی و ظاہری سازشوں کا عندیہ ہے۔ پورا 2017ء اور 16 نومبر 2016ء تا 19 جنوری 2017ء اور ہر ماہ و سال آنے والا تین اہم اور فیصلہ کن عددی وقت .8.9.10.17.18 19.26.27.28 ہر لحاظ و اعتبار سے جنرل صاحب اور تمام سیاست دانوں اعلیٰ عدالتوں تمام تر میڈیا قانون' طب' کھیل وکھلاڑیوں اور شوبز کی اہم شخصیات کیلئے بھاری اور احتیاط و آزمائش طلب رہیگا۔

پیارے صاحبان فکر و نظر! میاں نواز شریف' کپتان عمران خان' شیخ رشید احمد' مولانا فضل الرحمن اور جہانگیر ترین اور سردار ایاز صادق کیلئے تخت یا تختہ یا آر یا پار ہونے جا رہا ہے۔ مجموعی طور پر نئے آرمی چیف جنرل قمر جاوید باجوہ نے انتہائی مشکل دور میں عہدہ سنبھالا ہے۔ نواز حکومت کو اپنی من مانیاں نہیں کرنے دیں گے اور پھر 2017ء اپنے ہی فیصلہ کن عددی وقت میں ''میاں نواز شریف'' تاحیات مکافات عمل کا شکار ہو جائیں گے۔

(واللہ اعلم بالصواب) اللہ نگہبان

باقی رہے نام اللہ کا 07-12-2016

ستاروں کی چال اور وظیفے کا کمال

عطارد تسدیس زہرہ

دن	تاریخ	صبح	دوپہر	رجال	بعدغروب	رجال
بدھ	04	07:10 تا 08:01	12:16 تا 13:58	جنوب مشرق	18:34 تا 20:51	جنوب مغرب

تسخیر محبوب

(مقصد عمل) محبوب کو تسخیر کرنے یا بلوانے کے لیے اس عمل کا جواب نہیں۔
(عمل) دیئے گئے وقت میں مصری کی ڈلی منہ میں رکھ کر 66 بار اول آخر درود شریف پڑھیں اور 66 بار درج ذیل آیت کو مکمل توجہ اور ذہن میں اپنے مقصد کا خیال رکھ کر پڑھیں گے۔ فوری کامیابی حاصل ہوگی "یـــــا

تنکافیل بحق یابدوح یا ودودو"

نقش بنانے کے لیے 40 عدد میں نام طالب و مطلوب کے نام کے عدد مع والدہ کے اعداد جمع کریں 40 عدد نقش لکھ کر 39 نقش کسی پھل دار درخت کے نیچے دبا دیں اور آخری نقش طالب اپنے پاس رکھے روزانہ درج بالا عبارت 20 بار پڑھیں پاس رکھے ہوئے نقش پر دم کریں۔

شمس تربیع مشتری

دن	تاریخ	صبح	دوپہر	رجال	بعدغروب	رجال
جمعرات	12	07:11 تا 08:03	13:13 تا 14:04	جنوب مشرق	19:48 تا 20:56	مغرب

بربادی خانہ دشمنی

(مقصد عمل) سیاروں کی یہ نظر دشمنوں کی تباہ و بربادی کیلئے موثر مانی جاتی ہے۔
(عمل) اس نظر میں اگر مسان دستیاب ہو جائے تو بہتر ہے ورنہ 8 قبروں کی مٹی حاصل کریں اور اس مٹی پر یا منتقم یا مذل کا ورد 90 بار کریں۔ بعد از ورد سورۃ لھب 80 بار پڑھیں۔ آخر میں دوبارہ مذکورہ بالا اسمائے حسنیٰ کا ورد 90 بار کریں۔ دشمن کی خانہ بربادی کیلئے بددعا کریں اور اس مٹی کو خانہ دشمن میں ڈال دیں۔
وہ لوگ جو نقش بنانے کے فن سے واقف ہیں درج بالا سورۃ مبارکہ اور اسمائے مبارکہ کے عدد ابجد قمری میں مقصد کے اعداد شامل کر کے دشمن کے نام مع والدہ کے عدد بھی شامل کر دیں نقش مربع معکوس خاکی پُر ہوگا۔
4 نقش بنانے کے بعد 3 قبرستان میں دفنا دیں جبکہ چوتھا خانہ دشمن میں مسلسل 8 روز تک درج بالا طریقہ سے ورد مذکورہ بوقت غروب آفتاب سے 15 منٹ قبل شروع کریں۔ انشاءاللہ جلد ہی عمل کا اثر ظاہر ہوگا۔ یاد رہے کہ معمولی دشمنی یا رنجش کی بناء پر عمل نہ کیا جائے کیونکہ اس کے رجعی اثرات اتنے سخت ہوتے ہیں کہ دیوانگی اور پاگل پن کی حالت میں مبتلا کر سکتے ہیں۔ لہذا عمل شروع کرنے سے قبل صدقہ لازمی دیں۔ اعداد سورۃ مبارکہ اسم الٰہی ادارہ سے معلوم کر سکتے ہیں۔

زہرہ تربیع زحل

دن	تاریخ	صبح	دوپہر	رجال	بعدغروب	رجال
جمعہ	27	07:09 تا 08:02	09:47 تا 10:40	جنوب مغرب	19:57 تا 21:04	مغرب

سزا بدکاری

(مقصد عمل) سیاروں کی اس نظر کے تحت ایسی عورتیں جو بدکاری اور غیر شرعی فعل کی مرتکب ہو یا جو زبان درازی بہتان اور اسی قسم کے دوسرے گناہوں میں مبتلا ہوں ان کو سزا دینے یا ان بداعمال سے باز رکھنے کے لیے عمل کیا جا سکتا ہے یا مرد اور عورت کو سزا دینے کے لیے یا ان کے ناجائز تعلق کو ختم کرنے کے لیے عمل کیا جا سکتا ہے۔
(عمل) دیئے گئے وقت میں گدھا، گھوڑا، کتا یا بلا وغیرہ یا کسی بھی حرام جانور کی ہڈی پر اس طلسم کو پڑھ کر آگ میں ڈال دیں۔ اور جب تک یہ ہڈی جل کر خاکستر نہ ہو اُس وقت تک ان طلسماتی الفاظ کو پڑھتے رہیں جب ہڈی جل جائے تو اُس کی راکھ کو اُٹھا کر اُس مکان میں یا اُس جگہ پر پھینک دیں جہاں پر ایسا بدکار شخص رہتا ہو انشاءاللہ چند ہی یوم میں وہ شخص اپنی بدکاری سے باز آ جائے گا پڑھتے ہوئے اُس شخص کا تصور اور اپنے مقصد کا دھیان رہے وہ طلسم جو اس وقت پڑھا جائے گا وہ ذیل ہے

اھطم فشذ ھب ھب لا مھو لا ھتا۔

نقش بنانے کے لیے 442 عدد کا مربع آتشی اس ہڈی پر لکھیں نیچا اپنا مقصد تحریر کریں۔ بدکار شخص کا نام اگر متبرک ناموں میں سے ہے تو نام لکھنے کی بجائے اس وقت صرف اُس شخص کا تصور کیا جائے اور اگر نام متبرک نہیں ہے مثلاً گلو، بالا، کالا وغیرہ یعنی عرف عام مشہور ہے تو یہی لکھا جائے گا۔

نوٹ:۔ قارئین تحفہ روحانیات اعمال شر اختیار کرنے سے قبل خصوصی اجازت طلب کریں۔ **ادارہ روحانیات**

شرف زہرہ خاص اعمال

تحریر:۔ گل محمد خان ککے زئی (پشاور)

شرف زہرہ کے اس نایاب موقع پر اپنے دوستوں کی خدمت میں چند مضامین عمل سفلی کے ساتھ حاضر ہوں چونکہ تحفہ روحانیات کا مطالعہ باقاعدگی سے غیر مسلم حضرات بھی کرتے ہیں لہذا اندرون وبیرون ملک غیر مسلم شائقین اعمال کیلئے چند اعمال بوقت شرف زہرہ کے ساتھ حاضر ہوں یہ تمام اعمال خاص طور سے شرف زہرہ کی سعد ساعتوں میں کام دیں گے ایسے افراد جو کہ شرف زہرہ کا وقت حاصل نہ کرسکیں اُن کیلئے بھی سہولت دی گئی ہے کہ بعد میں کس دن ان اعمال کو کیا جاسکتا ہے۔ تمام اعمال کا تعلق سفلی سے ہے۔

عمل نمبر 1:۔ ذیل کے عمل ہندو اور غیر مسلموں کے لئے ہے مسلمان ہرگز نہ کرے ایک غیر مسلم کا آزمودہ تجربہ کردہ ہے۔ ساعت شرف زہرہ 2017ء جو کہ آپ کو تحفہ روحانیات شمارہ جنوری سے با آسانی مل جائینگی اگر شرف زہرہ کا وقت حاصل نہ کرسکیں تو پھر پیر یعنی دوشنبہ کے دن جو ہندو مرے اس کی جلی ہوئی خاک لے کر اپنا پسینہ یا خون نکال کر اس میں ملا دیں لفظ **"یالیت سَوَاھا"** گیارہ مرتبہ پڑھ کر عورت کا نام لے کہ فلاں عورت فلاں مرد کے پاؤں آپڑے پھر وہ خاک مرد اس کے اوپر خود پھینک دے یا کسی دوسرے سے پھینکوادے اس کی تابعداری سے انحراف نہ کرے۔

عمل نمبر 2:۔ یہ عمل بھی درج بالا عمل کے اوقات کے مطابق کیا جاسکتا ہے اگر شرف زہرہ نہ مل سکے تو بروز اتوار طلوع آفتاب کے فوری بعد اس عمل کو کیا جائے۔ جو مسواک یعنی دانتن ہندو لوگ دریا یا ندی یا تالاب کے کنارے اپنے اپنے دانتوں کو صاف کر کے چھوڑ آتے ہیں ان کو لے کر جمع کریں ساعت شرف زہرہ یا بروز اتوار بوقت طلوع آفتاب مرگھٹ میں پہنچ کر پیپل کے درخت کے نیچے ننگا ہو کر بیٹھے۔ اس جگہ کو گائے کے گوبر سے لیپ کر چولہا مٹی کا بنائے' لکڑی پیپل کی اس میں جلا دے اس کی آگ میں تھوڑا تھوڑا گوگل ڈالتا رہیں اور اپنے منہ کے سامنے سُرخ دھاگے' پان' چاول سفید پھول رکھے' ناریل کی کھوپڑی اس چولہے پر چڑھا دے پھر اس میں اس جانور کا دودھ ڈالے جو کہ دوسری بار بچہ دینے والی ہو۔ تھوڑے چاول اور پانی ڈال کر پکائیں جب چاول پک جائیں تو اس کھوپڑی کو چولہے سے اٹھا کر پیپل کے درخت کی جڑ پر اوندھا کر دیں۔ جو چاول درخت کی جڑ پر چمٹے رہ جائیں ان کو اُتار کر رکھ لیں اپنے گھر آجائیں ان چاولوں میں سے دو تین چاول اپنے معشوق کو شیرینی یا کسی کھانے پینے میں ملا کر کھلا دیں محبت میں اس کی دیوانی ہو جائے گی اس عمل کو کرتے ہوئے ڈر خوف کا خیال ہو تو حصار سفلی کریں اور اپنے داہنے ہاتھ کی انگلی شہادت پر دم کر کے اپنے بیٹھنے کی جگہ پر یا جس قدر دور تک چاہے گول حصار یعنی اپنے چاروں طرف بیٹھنے سے پہلے اُسی انگلی سے لکیر کھینچ لیں کچھ دہشت پیدا نہ ہوگی اور نہ کوئی دکھائی دے گا۔

عمل نمبر 3:۔ قارئین تحفہ روحانیات نوٹ کرواتا چلوں کہ میرا یہ تیسرا عمل بھی سفلی اعمال میں سے کیونکہ ادارہ میں غیر مسلم حضرات کے بے پناہ فون اور انٹرنیٹ کے ذریعے میل موصول ہو رہی تھیں کہ کافی عرصہ سے تحفہ روحانیات میں سفلی اعمال بہت کم شائع کئے جا رہے ہیں۔ جس پر محترم ماہر روحانیات محمد ایاز مزمل حسین شاہ صاحب نے مجھے حکم دیا کہ میں شرف زہرہ کے موقع پر سفلی اعمال شائع کرواؤں تا کہ محترم شاہ صاحب اپنے اُن چاہنے والے غیر مسلم قارئین کی دلی خواہش پوری کرسکیں اس نئے سال کے تحفہ میں شرف زہرہ کے موقع سے بھرپور فائدہ حاصل کرسکیں۔

محبت اور الفت پیدا ہونے کیلئے بڑی بے نظیر اور بہت پُر تاثیر ہے اس میں شرط ہے کہ یہ عمل ایسی جگہ کریں کہ جہاں اذان کی آواز اپنے کان میں نہ پہنچے۔ چاولوں کے دھان لے کر کنواری لڑکیوں کے ناخنوں سے چھلوائیں جب چھلکا اُتر جائے تو شرف زہرہ یا چاند گرہن کے وقت پیپل کے درخت کے نیچے اُس کی لکڑیوں سے ناریل کی کھوپڑی میں سیاہ رنگ کے جانور کا دودھ ڈالے جو کہ دوسری بار بچہ دینے والی ہو۔ وہ چاول دھان نکلے ہوئے پکائیں پھر اسی درخت کی جڑ پر اوندھا کر دیں جو چاول درخت کی جڑ پر چمٹے رہ جائیں ان کو لے کر اسی وقت اپنے گھر آجائیں کہ اذان کہیں نہ سُنائی دے اُن میں سے دو تین یا زیادہ چاول لے کر اپنے ہاتھ پاؤں کے بیسیوں ناخن اور اپنے بدن کا میل اور اپنی ناف کے بال سب ایسے ملا دیں کہ معلوم نہ ہوں وقت ضرورت شیرینی یا دودھ میں کھلائیں۔ ہمیشہ آپکی بن کر رہیگی کبھی جدائی کا تصور بھی کریگی۔

عمل نمبر 4:۔ یہ سفلی عمل بڑا عمدہ اور نہایت سہل ہے اس کو پنڈت لوگ عمل کہانت اور مسلمان غیبی حالت کہتے ہیں اس کے کرنے والے کو چپکے سے کان میں ظاہر کر دیا جاتا ہے اور جس کو دل چاہتا ہے اسی کو حاضر کرلاتا ہے۔ ہفتہ کے دن کوئی ہندنی عورت پستہ قد (بونی) بُڈھیا مر

جائے تو اس جگہ جہاں کہ اس کے نہلانے کی ٹھلیا یا گھڑیا یا مٹکا توڑا جائے گیہوں کے دانے اتنی کہ جتنے میں چار روٹی پک جائے لے کر شراب میں ملا کر اُن توڑے ہوئے میں کوئی ثابت ٹھلیا یا گھڑیا ہو تو اُس میں اور اگر ایسی نہ ہو تو اور کسی ٹھیکرے میں اُن دانوں کو ڈال دیں تھوڑی دیر میں وہ دانے وہاں سے اٹھا کر انہیں ٹھیکروں میں سے ایک ٹھیکرا لے کر جنگل میں چلا جائے اور جنگلی ارنے (کنڈے) جلا کر اُس ٹھیکرے میں چار عدد روٹی پکائے پھر گھر لا کر زمین میں کپڑے کے اندر لپیٹ کر دبا دیں رات کو وہی مری ہوئی عورت آ کر عاجزی کرے گی اور دُہائی اور قسم دلائے گی بڑی عاجزی اور منت سماجت کرے گی اور کہے گی کہ مجھ کو وہ پکی ہوئی روٹی دے دیں جب کہ وہ نہایت خوشامد کرے تو آدھی روٹی توڑ کر اُسے دے دیں۔ آدھی پھر زمین میں دفن کر دیں نہیں تو وہ ہاتھ سے چھین کر لے جائے گی وہ عورت ڈرائے گی مگر اس سے ڈرنا نہیں ذرا بھی اس کا خوف اور نہ ڈر نہ لائیں اس کو ٹال دیں آخر وہ مجبور ہو کر چلی جائے گی دوسری رات کو پھر آ کر وہ روٹی مانگے گی آدھی روٹی پھر دے دیں اور اس سے جو کام لینا ہو اس کا قول و قرار اور قسم دو ہر دم عہد و پیماں پختہ وعدہ کام کرنے کا کرے تو پھر وہ روٹی بھی دے دیں اُسی وقت اس سے کام لو تو وہ کام تمہارا کرنے کو تیار ہو جائے گی اور جو اس سے پوچھو گے کان میں کہہ دے گی۔

طلسمات ہوشربا

اہل نجوم لکھتے ہیں کہ عشق مرض نفسانی ہے اور بہت سخت علاج ہے یہ ایک حالت ہے کہ عارض ہوتی ہے عقل اور نفس اور طبیعت میں اس کے اور زہرہ اور مریخ سے ہوتا ہے کہ ابتدا میں اس کی فعل زہرہ ہے اور آخر فعل مریخ ہے کیوں کہ ابتدائے عشق الفت و محبت ہے اور آخر عشق جلنا خلطوں (بلغم، سودا، صفراوی) کا اور فکر و اضطراب ہے۔ جس ستارہ کا جو فعل ہوتا ہے وہ رفع نہیں ہو سکتا جب تک کہ اس کی ضد کا ستارہ نہ دفع کرے۔ زہرہ کی ضد عطارد ہے اور مریخ کی ضد مشتری۔ علاج عشق عطارد اور مشتری کی مدد سے ہوتا ہے۔ عاشق کو چاہئے کہ جب اس طلسم کے بنانے کا ارادہ کرے اُس کو چار چیزیں اختیار کرنی چاہئیں۔ اس عمل کی کامیابی کیلئے سب سے پہلے ضروری ہے کہ ان باتوں کا خیال رکھا جائے پہلی نیت، دوسرا وقت، تیسرا بخور زہرہ، چوتھا جوہر۔ سب سے زیادہ مقدم رکھی ہے جب یہ طلسم بنانا مقصود ہو تو اس مقصد کیلئے سیارہ زہرہ جو کہ عشق و محبت کا ستارہ ہے۔ عین بوقت شرف زہرہ کی سعد ساعت زہرہ میں اس عمل کی قوت قابل دید ہے اُس وقت میں کریں کہ جہاں کہیں بھی محبوب ہوگا دوڑا چلا آئے گا۔ شرف زہرہ کی ساعت سے قبل میں ایک نگینہ لاجورد لیں اور اُس کو دیکھیں کہ نگینہ بڑا خوش رنگ ہو اور چشیاں اس میں سونے کی چمکتی ہوں۔

اس کی تین قسمیں ہیں۔ (۱) سسہ جیسی (۲) سرمہ جیسی۔ نیلی (۳) سرمئی اور نیلی اچھی ہوتی ہے۔ اُن میں سے کوئی سے رنگ ہوں بس صرف یہ دھیان رکھنا کہ نگینہ چکور (مربع) شکل کا ہو۔ اس پر دو تصویریں خوبصورت عورتوں کی اس طرح بنوائیں کہ دونوں ایک دوسرے کے گلے میں ہاتھ ڈالے ہوئے ہوں اور ہونٹ پر ہونٹ رکھے ہوئے ہوں اس طرح کہ درمیان ہونٹوں کا دکھائی دے اور ایک تصویر قمری یا کبوتر کی بنوائے کہ وہ اپنی چونچ سے دونوں کے منہ میں دانا بھرتا ہو جس طرح کہ چڑیا اپنے بچے کو دانہ بھرایا کرتے ہیں۔ دائیں اور بائیں طرف دونوں تصویروں کے ایک شاخ ریحان کی بنائی جائے جب اس طلسم کے کندہ کرنے کا ارادہ کریں تو ساعت شرف زہرہ ہو نقش تصویر وغیرہ پورا کرے اگر ایک ساعت میں تمام نہ ہو اور کچھ باقی رہے تو نقش اور طلسم بنانا چھوڑ دیں جب کہ پھر دوسری ساعت شرف زہرہ میں مکمل کریں چاروں کونوں پر اُس کے چار سوراخ کریں۔ پھر چار کیلیں سونے کی ہوں تو بہت اچھا ورنہ تانبے کی کیلیں اُن سوراخوں میں ڈالیں اس طرح کہ نوکیں اُن کیلوں کی طرف سے اونچی نہ رہیں بلکہ اُس نگینہ کے برابر ہوں کہ وہ کیلیں معلوم نہ ہوں۔ جب تک ساعت زہرہ رہے تو اس وقت تک کوشش کریں کہ کام مکمل ہو اسی دوران سونا چاندی برابر وزن سے اتنا لیا جائے کہ جتنے میں ایک انگوٹھی تیار ہو جائے۔ انگوٹھی بنوا کر وہ نگینہ اس میں لگوائیں اور انگوٹھی کو پالش کی جائے تا کہ خوب چمک اور صفائی آ جائے اس کے بعد اس انگشتری کو ایک شیشہ صاف و پاک میں رکھے اور ایک طبق مثل اس کے اس پر رکھیں کہ وہ ڈھک جائے اور سات رات تک ساعت زہرہ (نجیم) آسمان کے نیچے رکھے اور ہر رات کو مشک و زعفران اور کافور کی دھونی سُلگایا کریں اور جب ساعت کا اختتام ہو تب اس کو اُٹھا لے اور چھپا کر رکھ دیں ساتویں رات کو یہ عمل پورا ہوگا اور طلسم کامل ملے گا۔

اس عمل کا فائدہ یہ ہے کہ جو شخص اس انگوٹھی کو اپنے پاس رکھے گا وہ محبوب تمام خلقت کی آنکھوں میں ہوگا۔ جس عورت کی نظر پڑے مائل ہو جائے۔ یہ دو تصویریں خوبصورت ایک دوسرے کے گلے میں ہاتھ ڈالے ہوئے نگینہ لاجورد پر بنانے والی یہ صورت بُرج جوزا کی ہے جو **مزمل روحانی** اور **جعفریہ جنتری** کے اندرونی صفحات پر آسانی سے مل جائے گی اگر خود کندہ نہ کر سکے تو ادارہ سے رابطہ کریں۔

شرف زہرہ

طلسماتی عمل شرف زہرہ

تحریر
سید علی حیدر
گجرات

میرے دوستوں آج کے دور میں ہر شخص محبت کا مارا ہے چاہتا ہے کہ ہر عورت اُس پر فریفتہ ہو اور جان نثار کرے۔ عورتوں کو اپنی محبت میں مبتلا کرنے کیلئے جنوری 2017ء میں شرف زہرہ کا خاص وقت آ رہا ہے۔ ساعت زہرہ ماہنامہ تحفہ روحانیات میں ہمیشہ کی طرح اس بار بھی شائع کی جائیگی۔ اس وجہ سے میں ساعت شرف زہرہ اپنے مضمون میں شائع کروانا ضروری نہیں سمجھتا۔ اپنے مقصد عمل کی جانب آتے ہیں۔ جو کہ تسخیر خواتین کے بارے میں نہایت مجرب ہے۔

غیر مسلم حضرات کیلئے

محبت والفت پیدا ہونے کیلئے مجرب ہے بوقت ساعت شرف زہرہ یا اتوار کے دن کتیا کا دودھ لا کر چینی کے پیالے میں ڈال کر اس میں ساٹھی کے چاول بھگو دیں جب وہ دودھ جذب اور خشک ہو جائے پھر ان چاولوں کو خون حیض کے کپڑے جو کہ عورتیں ماہواری خون آنے کے وقت رکھا کرتی ہیں وہ خون بھرا کپڑا لے کر اس کپڑے پر چاول ڈال دیں اس کپڑا کو لپیٹ کر کہیں چھپا دیں جب دانے خشک ہو جائیں ان کو محفوظ کر لیں ایک دو چاول کسی مٹھائی میں ملا کر اپنے محبوب کو کھلائیں۔ آپ کی محبت میں فریفتہ ہوگا۔

مسلم حضرات کیلئے

اس عمل سے عاشق و معشوق کے درمیان ایسی محبت پیدا ہو کہ خود ہی چاہیں تو علیحدگی ہو ورنہ ہرگز جدائی نہ ہو بشرطیکہ وہ ایک دوسرے کو جانتے پہچانتے ہوں اس طلسم کے تیار کرنے کو ایک چھوٹی سی کوٹھڑی تنہائی کی سب چیزوں سے خالی کوئی سامان اس میں نہ ہو پھر اس کو خوشبو سے بسائیں پس ہر مہینہ چاند کی چودھویں تاریخ کو استقبال چاند اور سورج کا ہوتا ہے دن دیکھے کہ کون سا ہے پس اُس دن کی ساعت شرف زہرہ دیکھے اس وقت موم سفید لے کر اُس کے دو پتلے انسانی شکل کے بنائے ان دونوں شخصوں کی شکل و صورت کے موافق جس میں کہ محبت پیدا کرنی ہے ایک پتلے کو کوٹھڑی کے ایک کونہ میں اور دوسرے پُتلے کو دوسرے کونے میں آمنے سامنے یعنی ایک دوسرے کے مقابل میں رکھیں اور لوبان سُلگا دیں پس ہر روز جس قدر چاند سورج سے نزدیک ہوتا جائے اسی قدر حساب سے ان دونوں دھاتی تصویروں کو سرکا کر رکھتا جائے یہاں تک کہ اسی حساب سے ہر روز چاند نزدیک ہوتے ہوئے آفتاب سے مل جائے (**قران شمس قمر**) جعفریہ، مزمل جنتری سے با آسانی معلوم ہو جائے گا اسی قدر ہر روز دونوں دھاتی طلسمات ہوتے ہوتے ایک جگہ میں آ جائیں سورج اور چاند ہر مہینے کی اٹھائیس تاریخ کو ملتے ہیں جب اس وقت میں چاند سورج ایک درجہ یعنی ایک دقیقہ پر آ جائیں اسی تاریخ خاص میں ان دونوں دھاتی طلسمات کو بھی سینہ بسینہ ملا کر کھڑی رکھیں جہاں کہ وہ دونوں دھاتی طلسمات آ کر ملی ہوں اس میں ذرا فرق نہ رہے۔ پھر ان دونوں دھاتی طلسمات ملی ہوئی کو ایسی جگہ چھپا کر رکھیں کہ کوئی نہ دیکھ سکے تاثیر اُس کی یہ ہے کہ چودہ تاریخ سے اٹھائیس تک جس قدر کہ یہ تصویریں قریب تر ہوتی جائیں گی وہ دونوں شخص بھی آپس میں نزدیک ہوتے جائیں گے اور جب تک کہ دونوں دھاتی طلسمات آپس میں ملی رہیں گی یہ دونوں شخص بھی آپس میں مل جل کر رہیں گے اور کسی حال میں ایک دوسرے سے جدا نہ ہوں گے بڑا آزمایا ہوا طلسم ہے۔ یہ دونوں دھاتی طلسمات اگر خود تیار نہ کر سکیں تو ادارہ سے ہدیتاً منگوا سکتے ہیں۔

بوقت ساعت شرف زہرہ اس عمل کا آغاز کریں اس کے بعد 111 بار 40 یوم تک بعد نماز عشاء ورد کریں اور اپنے مقصد کی دعا اس طرح کریں۔ الٰہی اس کلام کے طفیل میرے محبوب کو مجھ سے فوری ملا دے۔

فَاِنْ تَوَلَّوْا فَقُلْ حَسْبِیَ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ط عَلَیْهِ تَوَكَّلْتُ وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ۔ اَللّٰهُمَّ اَنْتَ رَبِّیْ حَسْبِیْ عَلٰی فُلَانٌ (یہاں مطلوب کا نام لیں) **اعطف قلبه علیه و ظللها فان الله القینا و الّف بین قلوبهم لو انفقت ما فی الارض جمیعًا مّا الّفت بین قلوبهم ولکنّ الله الّف بینهم انّه عزیزٌ حکیم عسی الله ان یجعل بینکم و بین الّذین عادیتم منهم مّودّة والله قدیر والله غفور رحیم ومن النّاس من یّتّخذو من دون الله انداد یحبّونهم کحبّ الله والّذین اٰمنو اشدّ حبًا لله۔**

اختر بک ڈپو، فیصل بازار سرگودھا۔
ادارہ روحانیات

طلسمات قوت امساک

تحریر
بابا صدف انبالوی
(انڈیا والے)

محترم دوستو! اس ترقی یافتہ دور میں جب انسان چاند پر پہنچ چکا اور وہیں پر اپنے ڈیرے ڈال لئے تو روحانیت اور طلسمات کی دُنیا بہت وسیع ہے۔ انسان اللہ کے رازوں کو نہ پہچان سکا میری روزمرہ کی زندگی میں کئی طلسمات کے استعمال کا مشاہدہ رہا اور کئی دوستوں کو بھی طلسمات استعمال کروائے۔ جن کے بے انتہا پُر تاثیر اثرات ظاہر ہوئے۔ اب طبیعت کچھ بحال ہوئی تو اپنے دوستوں اور پڑھنے والوں کی خدمت میں چند طلسماتی اعمال کے ساتھ تحفہ روحانیات کے صفحات پر حاضر ہوں۔ طبیعت اب بھی اجازت نہیں دیتی لیکن کوشش رہتی ہے کہ اپنی زندگی کا جو بھی سرمایہ ہے کسی نہ کسی طرح آپ لوگوں کی خدمت میں پیش کرتا رہوں۔

معاشرہ کی خرابی

خاوند اور بیوی کا انسان کی آسائش اور آرام کیلئے ایک بڑا بھاری ذریعہ ہے لیکن آج کل کے جوان اپنے جوش شباب کے باعث اپنی بیوی کے علاوہ دوسری عورتوں کی تلاش میں رہتے ہیں۔ مثلاً بازاری طوائفوں یا نام نہاد دوستیوں پر اس زمانے کے فیس بک اور وٹس ایپ جیسے انٹرنیٹ پروگراموں کو استعمال کر کے نئی دوستیاں پالتے ہیں۔ اپنی ناآزمودہ کاری کے باعث اپنی عورتوں کو خواہ وہ کیسی ہی خوبصورت ہوں چھوڑ بیٹھتے ہیں جس کی بڑی وجہ موجودہ دور میں انٹرنیٹ کی آزادی اور اس سے متعلق دیگر لوازمات جو کہ ہر موبائل فون پر میسر ہیں معاشرے کی تربیت کو خراب کرنے میں اہم کردار ادا کرتی ہیں۔ پردہ نشین خاتون عفت مآب مستورات اپنے گھروں میں پڑی رہتی ہیں اور اپنی جوانی کی راتیں آہ و نالہ کر کے گذارتی ہیں کوئی کتنا ہی سمجھائے کسی ایک کا کہنا نہیں مانتے بلکہ اپنے گھر آنا ترک کر دیتے ہیں۔

میاں بیوی کے درمیان دن رات کی بحث و تکرار، بے رُخی اور بے توجہی کی وجہ سے حالات خراب سے خراب تر ہوتے چلے جاتے ہیں۔ خاوند اور بیوی کا ایک جائز تعلق ہے عورت کی محبت کا دم بھرنے کیلئے عجائب راز اور پوشیدہ اسرار ظاہر کئے جاتے ہیں جن سے مرد عورتوں کے جلد تابع فرمان ہو جاتے ہیں اور عمر بھر مونس جان بنے رہتے ہیں۔

نسخہ نمبر 1:۔ سفید مرغ کا خون مرد اپنے بدن پر لگائے اور عورت کو ہمبستر بنائے دل و جان سے عاشق زار ہو جائے بالکل ایسے سفید رنگ کا مرغ جس میں ذرا بھی اور کوئی رنگ نہ ہو اس میں برا مکر مرغ شامل نہ ہے کہ اس کی کوئی جنس نہیں ہوتی ہے صرف دیسی مرغ شرط ہے اس کے خون میں شہد ملا کر نئے برتن مٹی کے میں ڈال کر ہلکی آنچ پر ایک دو جوش دے کر اپنے بدن پر لگا دیں جس سے صحبت کرے ہمیشہ اسی مرد کو طلب کریگی۔

نسخہ نمبر 2:۔ سیاہ کوے کی بیٹ پیس کر شہد میں ملا کر اپنے عضو میں ملیں۔ ہم صحبت ہونے پر عورت جان نثار کرنے لگے۔

نسخہ نمبر 3:۔ ریچھ کا ناڑہ گلاب کے عطر خالص اوّل درجے میں گھس کر ذرا ذرا سا کافور اور شہد ملا کر خوب پیس لیں اور اپنے عضو پر ذرا سا لگا لیں اور صحبت کریں ایسا لطف آئے گا کہ اس مرد کی عاشق زار بن جائے۔

نسخہ نمبر 4:۔ بندر کا ناز و گائے کے گھی میں گھس کر لگائے کر صحبت کرے اور کسی مرد کو بالکل پسند نہ کرے گی۔

نسخہ نمبر 5:۔ محبت پیدا ہونے عورت کو اپنی طرف راغب کرنے کا بڑا پُر اثر بڑی تاثیر رکھنے والا عمل معروف من موہنی۔ چوراہے کی مٹی، قبر کی مٹی جس پر بارش نہ برسی ہو ہندو مردے کی راکھ جو تازہ جلایا گیا ہو اور اس کے پھول نہ چنے گئے ہوں اور نہ اُس پر بارش برسی ہو منگل کے دن لا کر مٹی کے کورے آبخورے میں بھر کر رکھیں جس کو فرماں بردار کرنا ہو اُس کا اور اپنا نام لے کر یہ منتر پڑھے تین سو ساٹھ مرتبہ پڑھ کر آبخورے میں پھونک دے اسی طرح سات منگل تک پڑھے اس میں سے ذرا سی خاک محبوب کے سر پر ڈالے مطیع فرماں ہو جائے منتر ہے۔

گور اندر گور چندر گور شنکر گور شاعر گوربن کون پیران گورو بیمار بال کا بدل پاوے فلانے کا نام **نا اوہ بدھتہ بدبدی تتھی پر ان دُھائی باگنا بدی پکڑنے آوے ھماری لسیال دُھائی دا ھدناتہ کی پکڑ لیا وے پاس پئے کے تورشان کے چاھئے ھماری پگٹ پراسیر مانھان دیو ترابا جافری کام ھوئے۔**

طاہر نیوز ایجنسی، کچہری بازار خانیوال۔ 0300-6899357 ادارہ روحانیات

آسان مجرب عملیات

تحریر
صوفی ظفر محمد کھوکھر
جھنگ صدر

قارئین تحفہ روحانیات! بیشتر کم علم لوگوں کا خیال ہے کہ قرانی عملیات کے اثر نہیں ہوتا اور اگر ہوتا ہے تو دیر میں اس کا کیا سبب ہے؟ جواب اس کا یہ ہے آج کل انسان کی طبیعت لہولعب اور غیر اعتقادی امورات کی طرف ایسی واقع ہوئی ہے کہ نیک کاموں پر اعتقاد نہیں لاتے اور اگر کسی کے کہنے سننے سے کوئی عمل کرتے ہیں تو شیطان جو ہر ایک ایسے شخص کے مزاج میں زیادہ تر دخل رکھتا ہے اس کے وسوسے اور خطرے دلوں میں پیدا ہوتے ہیں کہ ان عملیات کو کرتے ہوئے اتنے دن ہو گئے ان کا کوئی اثر ظہور میں نہیں آتا پس یہ خیال اور یہ بد اعتقادی اس طرح عمل سے بدظن کر دیتی ہے اس لئے کامیابی نہیں ہوتی جن لوگوں کا اعتقاد پختہ ہے وہ جلد کامیاب ہوتے، جو چاہتے ہیں وہ فوراً کر دکھاتے ہیں اور کلمات سفلی، عملیات شیطانی میں ابلیس کی طرف سے کسی قسم کے خطرے اور وسوسہ پیدا نہیں ہوتے بلکہ شیطان ایمان خراب کرنے کو اور امداد کرتا ہے کام جلد ہو جاتا ہو، توبہ توبہ اور ہزار بار توبہ نقل کفر کفر نباشد شیطانی وساوس اور لایعنی خیالات والوں کا قول ہے اور تجربہ ہے کہ کوئی برا کام کرنا ہو تو اس طرح کہیں کہ اے شیطان مجھے یہ بدکام کرنا ہے تو میری مدد کر تو بہت جلدی ہو جاتا ہے۔ یاد رہے کہ ایسا کہنا شرک اور کفر ہے اللہ کی ذات سب کچھ معاف کر دے گی ماسوائے کفر کے۔

مصیبت اور پریشانی دور کرنے اور جائز حاجت پوری کرنے والا آسان مجرب عمل

ترکیب عمل: ۔یہ سات دن کا عمل ہے روزانہ لکھی گئی ترکیب کے مطابق وظیفہ کرنا ہے دیکھ کر بھی پڑھ سکتے ہیں جگہ کی کوئی پابندی نہیں البتہ وقت کی پابندی ہے جہاں نماز فجر ادا کریں وہاں پڑھائی کرنی ہے۔ نوچندی پر یا جمعرات والے دن پڑھے شرح علماء طالب علم کو اس سے آسان عمل شاید مشکل سے ملے پرہیز کوئی نہیں جو شریعت نے حلال کیا کھائیں۔ بدنظری سے بچیں یہ عمل روزانہ چالیس بار پڑھنا ہے۔

پہلے دن کی پڑھائی

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْن يَاحَيُّ يَا قَيُّوْمُ اَجِبْ يَارُوْقِيَائِيلُ سَمِيْعًا مُطِيْعًا اَنْتَ وَخُدَّامِكَ مُذْهِبُ وَبِحَقِ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْن وَبِحَقِ اَلْحَيُّ الْقَيُّوْم وَبِحَقِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَلَيْهِ الصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ وَبِحُرْمَةِ الْمَلَائِكَةِ الْمُؤَكِّلِيْنَ بِقَوَائِمِ الْعَرْشِ اَبْجِدْ۔

(بعد میں دعا کیا کریں اپنے مطلب کی)۔

دوسرے دن کی پڑھائی

اَلرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ يَا رَبِّ يَا عَطُوْفُ يَا جِبْرَائِيْل عَلَيْهِ السَّلَامُ سَمِيْعًا مُطِيْعًا اَنْتَ وَخُدَّامِكَ بِحَقِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ وَبِحَقِ اَلرَّؤُفِ الْعَطُوْفِ وَبِحَقِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَلَيْهِ الصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ بِحُرْمَةِ الْمَلَائِكَةِ الْعَرْشِ هُوَزْحُ۔

تیسرے دن کی پڑھائی

مَالِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ يَا مُقَلِّبَ الْقُلُوْبِ وَالْاَبْصَارِ اَجِبْ يَا سَمْسَمَائِيْلُ سَمِيْعًا مُطِيْعًا اَنْتَ وَخُدَّامِكَ مُذْهِبُ بِحَقِ مَالِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ وَبِحَقِ مُقَلِّبَ الْقُلُوْبِ وَالْاَبْصَارِ وَبِحَقِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَلَيْهِ الصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ وَبِحُرْمَةِ الْمَلَائِكَةِ الْمُؤَكِّلِيْنَ بِقَوَائِمِ الْعَرْشِ طِيْكَلْ۔

چوتھے دن کی پڑھائی

اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ يَا سَرِيْعُ يَا قَرِيْبُ اَجِبْ يَا مِيْكَائِيْلُ سَمِيْعًا مُطِيْعًا اَنْتَ وَخُدَّامِكَ يَرْقَانُ وَبِحَقِ اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ بِحَقِ اَلسَّرِيْعُ الْقَرِيْبِ وَبِحَقِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَلَيْهِ الصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ وَبِحُرْمَةِ الْمَلَائِكَةِ الْمُؤَكِّلِيْنَ بِقَوَائِمِ الْعَرْشِ مَنْسَعْ۔

پانچویں دن کی پڑھائی

اِهْدِ نَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ يَاقَادِرُ يَا مُقْتَدِرُ اَجِبْ يَا صَرْفِيَائِيْلُ سَمِيْعًا مُطِيْعًا اَنْتَ خُدَّامِكَ شَمْهُوْرَشُ بِحَقِّ اِهْدِ نَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ وَبِحَقِّ اَلْقَادِرِ الْمُقْتَدِرُ وَبِحُرْمَةِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَلَيْهِ الصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ وَبِحُرْمَةِ الْمَلَائِكَةِ الْمُؤَكَّلِيْنَ بِقَوَآئِمِ الْعَرْشِ فَصَقَرَ۔

چھٹے دن کی پڑھائی

صِرَاطَ الَّذِيْنَ اَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ يَا عَلِيْمُ يَا حَكِيْمُ اَجِبْ يَا عَيْنِيَائِيْلُ سَمِيْعًا مُطِيْعًا اَنْتَ خُدَّامِكَ زُوْيَعَهْ بِحَقِّ صِرَاطَ الَّذِيْنَ اَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ بِحَقِّ اَلْعَلِيْمِ الْحَكِيْمِ وَبِحَقِّ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَلَيْهِ الصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ وَبِحُرْمَةِ الْمَلَائِكَةِ الْمُؤَكَّلِيْنَ بِقَوَآئِمِ شَتْشَخ۔

ساتویں دن کی پڑھائی

غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَيْهِمْ وَالْاالضَّالِّيْنَ يَاقَادِرُ يَاعَزِيْزُ اَجِبْ يَا كَسْفِيَائِيْلُ سَمِيْعًا مُطِيْعًا اَنْتَ خُدَّامِكَ مَيْمُوْنُ بِحَقِّ غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَيْهِمْ وَالْاالضَّالِّيْنَ بِحَقِّ اَلْقَاهِرِ الْعَزِيْزِ بِحَقِّ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَلَيْهِ الصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ وَبِحُرْمَةِ الْمَلَائِكَةِ الْمُؤَكَّلِيْنَ بِقَوَآئِمِ ذَضْظَغ۔

وظیفہ پڑھتے وقت توجہ اللہ کی طرف، مطلب کا دھیان دل میں ہو۔ اس پڑھائی میں سورۃ فاتحہ اور حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے صدقے کامیابی کی التجا کرے اور حروف تہجی اور مؤکلات کا وسیلہ شامل ہے۔ اگر کسی کو لکھائی یا حروف کی سمجھ نہ آئے تو خط لکھ کر ہمراہ رجسٹرڈ جوابی لفافہ بھیج دیں دوبارہ لکھ کر زیر زبر لگا کر فی سبیل اللہ بھیج دیا جائے گا۔ بہتر ہے کہ عمل شروع کرنے سے پہلے کسی قاری یا حافظ سے تلفظ کی درستگی کروالیں کیونکہ جتنی اچھی تلفظ کی ادائیگی ہوگی اتنا ہی مضبوط عمل ہوگا اگر اس کو اس طرح روزانہ ورد میں رکھا جائے تو ہر مقصد غیب سے پورا ہوتا رہے گا اور روحانی حفاظت بھی رہے گی اور تلاوت کا ثواب زائد ملے گا اگر کسی دوسرے کیلئے عمل پڑھ کر دعا کرو گے تو سائل کو بھی فائدہ ہوگا۔

حاجت پوری ہونے اور پریشانی اور مصیبت دور کرنے کیلئے دوسرا عمل

قارئین تحفہ روحانیات حاجت پوری ہونے اور پریشانی و مصیبت کو دور کرنے کیلئے ذیل کا عمل نایاب عمل ہے۔

طریقہ عمل: ۔اس تعویذ کو روزانہ بیس بار لکھ کر ہر ایک تعویذ میں ایک لونگ اور معمولی سی شکر ڈال کر پڑی بنا کر آگ میں ڈال دیا کرے بیس دن یہ عمل کرنے سے آپ کا مسئلہ غیب سے حل ہونے کے اثرات ہوں، دوسرا طریقہ اِس تعویذ کو 20 بار لکھ کر گولی بنا کر اوپر آٹا لگا کر دریا یا نہر جس میں مچھلیاں ہوں ڈالا کرے تو بھی کام ہو جائے گا، کچھ لوگ تعویذ کی تلاش میں رہتے ہیں اس لئے تعویذ کا عمل کھا ہے باوضو لکھنا شرط ہے۔ لکھتے وقت کسی سے بات نہیں کرنی اگر بتی جلا کر لکھیں۔ تعویذ یہ ہے۔ حفاظت کے لئے حصار کر کے تعویذ لکھیں۔ روزانہ صدقہ دیں۔



مقصد پورا ہونے کا عمل

عمل: ۔ **یا عزازئیل فلاں بن فلاں کا کام کربحق بوسیلہ واسطہ یا اللہ یا رحمان یا رحیم**

ترکیب، زوال کے وقت مشرق کی طرف منہ کر کے کھڑے ہو ایک سو آٹھ بار (108) روز پڑھا کرے جگہ ایک ہو پڑھتے وقت دوسرا کوئی نہ ہو اکیس دن کرے حیرت انگیز عمل ہے۔ کچھ لوگ عبارتی اعمال کے شوقین ہوتے ہیں۔ اس لئے لکھا گیا ہے کیونکہ تحفہ روحانیات ہر کسی کا رسالہ ہے اس عمل سے ہندو، عیسائی، یہودی، مسلمان سب فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔ بروز منگل ایک کلو گوشت ویرانے میں اونچی جگہ رکھ آیا کریں ورنہ یہ نقصان دے سکتا ہے۔

مجربات قریشی

تحریر:- مصدق قریشی (ایبٹ آباد)

قارئین تحفہ روحانیات! نئے سال کے اس پُرمسرت موقع پر کچھ مجربات لکھ رہا ہوں۔ میرے یہ مجربات کسی قسم کے شک وشبہ سے پاک ہیں۔

نقش عجیب برائے ہر مرض

اس نقش ہذا کو ساعت عطارد بروز بدھ دار تمام قوانین نقش کے مطابق لکھیں۔ پھر اس نقش مکرم کو مریض کے گلے میں ڈال دیں اور ایک عدد نقش پلایا بھی کریں۔ نقش لکھتے وقت رجال الغیب کا خاص خیال رکھیں۔ نقش مثلث کی چال ذیل ہے۔ ہر خاص وعام کو اجازت ہے۔



عمل مقدمہ کیلئے

جس روز مقدمہ کی عدالت میں پیشی ہو، سورج کے طلوع ہونے سے قبل دوست یا کوئی رشتہ دار سانس روک کر یکسو قلب ہو کر جج کا تصور باندھے ایک لوہے کا سُوا لے کر 3 دفعہ سورۃ الہب پڑھ کر حاکم (جج) کا نام لے اور سوئے کو چولہے میں گاڑھ دے، بخور سلگانا شروع کر دے۔ خواہش کو دل میں جما کر پاس بیٹھے کہ یہ سُوا جج کے منہ میں آئے۔ ہمارے دوست یا پیارے کے ساتھ بری طرح پیش نہ آئے۔ ہر طرح اس کو بری کر دے گا۔ ہر پیشی پر کریں۔ ایک شخص کو مقرر کر لیں جو یہ کام کرتا رہے۔ ان شاء اللہ جیسا چاہا ویسا ہی ہوگا۔

عمل برائے ہر قسم کینسر

باوضو رجال الغیب کو پشت پر رکھ کر یا شمالاً جنوباً بیٹھ کر باوضو تین سو مرتبہ پڑھے گا۔ ان شاء اللہ ان امراض سے نجات پائے گا۔ آیت ذیل ہے:

وسئلو الله سے شی ء علیما تک۔ سورۃ النساء آیت نمبر 32۔

نقش اکسیر اعظم

ام الصبیان۔ اٹھرا۔ ڈر۔ آسیب۔ نظر بد۔ خوف وغیرہ کے لئے یہ نقش بہت اکسیر ہے۔ یہ نقش لکھ کر زعفران سے مریض کے گلہ میں ڈالیں۔ فلاں کی جگہ نام معہ والدہ لکھیں۔

چال نقش

۱۶	۱۱	۶
۵	۲	۱۵
۳	۸	۹



حالات مخفی کا استخارہ

طلوع شرف زہرہ کے وقت خواب میں حالات معلوم کرنے کا استخارہ۔ یہ نقش ہمیشہ کے لئے کام دے گا۔ اوّل دن میں معلوم ہوگا نہیں تو تین روز میں حالات مخفی کا معلوم ہوگا۔ ذیل کی عبارت زعفران سے لکھ کر تکیہ کے نیچے رکھ کر سو جائیں اور اس پر سر رکھ کر 99 بار یہ اسم تلاوت کریں۔

یا جبرائیل یا دردائیل یا تنکافیل یا رفتمائیل واجب دعوتی بحق یا بدوح

استخارہ کرنے والا اپنے دائیں ہاتھ پر سترہ (17) حروف یہ لکھے۔

طبحت وھی متی بحق حملت

اپنے سیدھے کان کے نیچے ہاتھ رکھ کر لیٹے۔ نیند نہ آنے تک مندرجہ بالا عمل پڑھیں پھر بغیر بات کئے سو جائیں۔ اس دوران جب تک نیند نہ آئے درود پاک پڑھیں قواعد وضوابط کا خیال رکھیں۔

حلوس - جلبوس - مربوس- مرطوس - سلوس- ملوس -سلموس- کلوس والناروس عروس عیود و سلھود بارد سپادر اروس مطروس و نام دونا افیون و جلادہ افیون و فرحادو دفر حارو فرد ماجعو الٰی ارحم الراحمین بحق خاتم سلیمان بن داؤد علیہ السلام بحق آصف بن برخیا اخرج من جسد فلاں بن فلاں الی الجبال یا اُم الصبیان و یا اُم ملدمہ و یا اُم الجداری افوج بحق یا شیخ عبدالقادر جیلانی ، غوث الاعظم شاہ شاھاں والانہ برتودیو دیگر غالب سھمناک خواھم فرستاد ۔نقش لکھتے وقت رجال الغیب کو پشت پر رکھیں۔

عمل برائے ناسور پھنسی

دوا یا مرہم پر 1011 مرتبہ عبارت عمل لکھ کر دم کر کے لگائیں ان شاء اللہ جو زخم ٹھیک نہ ہوان شاء اللہ 10 یوم میں شفاء ہوگی۔

بسم اللہ الرحیم مُسَلَّمَۃٌ لَّا شِیَۃَ فِیْھَا

عمل برائے مرد / عورت

(ایسے مرد جو بازاری عورتوں کے چکر میں ہوں یا ایسی عورتیں جو مردوں کو خاطر میں نہ لاتی ہوں) اتوار کے روز ساعت شمس میں ورنہ ساعت مشتری میں ان سعد حروفوں ت۔ د۔ ذ۔ ر۔ ز۔ س۔ ش۔ ط۔ ل کو 18 مرتبہ زعفران میں بھگوئے کاغذ پر لکھیں۔ پھر نیچے لکھ دیں۔ فلاں بن فلاں اھد نا الصّراط المستقیم ۔ بخور شمس کا جلائیں۔ اگر بخور دستیاب نہ ہوتو اگر بتی سے کام چلالیں۔ ایک نقش مرد اعورت کے تکیہ میں رکھ دیں۔ ایسے تین تعویذ پلانے ہیں۔ ان شاء اللہ عورت / مرد با شرم و با حیا ہو جائے گا۔ نقش لکھتے وقت رجال الغیب کو پشت پر رکھ لیں۔

عمل حُب بذریعہ خواب بندی

ایک فولاد کی چھری لے کر اس پر لکھے اور پھر اس پر غلاف چڑھا دے۔ پھر تکیہ کے نیچے 3 روز تک رکھ کر سوئے تو مطلوب کو خواب و قرار نہ ہوگا۔ بے چینی رہے گی سکون نہ پائے گا عمل ذیل ہے۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

۱۱ ۸۹ ۱ ۵۰۰ ۵۱ ۹ ۱۱ ۱۱کہ ۱۹ ۱۱ ۱۱ ۸۹۹

بستم خواب بن/بنت فلاں علی حُب فلاں بن فلاں العجل العجل الساعتہ الساعتہ الساعتہ

پہلے فلاں بن فلاں کی جگہ مطلوب معہ والدہ دوسرے فلاں بن فلاں طالب نام معہ والدہ لکھیں۔

خاتمہ ناجائز تعلقات عورت

مندرجہ ذیل حروف کو عضو تناسل کے اوپر کی جانب زعفران سے لکھے۔ اور عورت سے مجامعت کرے یا ان حروف کو ماجو اور گوند کیکر میں زعفران سے لکھ کر گولیاں باریک بنالیں۔ پھر بوقت حق زوجیت ایک گولی کو پیس لے اور عورت سے ملے تو وہ عورت کبھی بھی غیر مرد سے زنا نہ کرائے گی۔

عمل حروف یہ ہیں۔ ا ك وع ھ د ن

عمل برائے لاٹری وغیرہ

نماز پنجگانہ ضروری ہے۔ رات کو پاکیزہ کپڑے پہن کر بیٹھے اور خوشبودار اگر بتی جلا کر پاس رکھے۔ اوّل آخر 11+11 بار درود ابراہیمی پڑھیں۔ اس کے بعد 11 تسبیح یا اخبرنی اخبیراً پڑھیں۔ اپنے داہنے ہاتھ پر دم کر کے اس ہاتھ سے درج ذیل طریقے سے عدد لکھ کر نکالے اور ان کو تکیے کے نیچے رکھ کر سو جائیں۔ اگر خواب میں کوئی نمبر اور معلوم ہو تو اس کا بالکل اُلٹ نمبر لگائیں۔ اگر کوئی نمبر معلوم نہ ہو تو وہی نمبر لگائیں جو آپ نے نکالے ہیں۔

عمل استخارہ (لاجواب)

قارئین تحفہ روحانیات باوضو ہو کر مکان کی بالائی منزل پر کاغذ پر آیت مبارکہ لکھیں۔ یا خالبحق یا میکائیل

پھر دو رکعت نماز استخارہ برائے دریافت حالات وغیرہ پڑھ کر 70 بار اوپر والی عزیمت پڑھیں اور پھر لکھا ہوا کاغذ سر کے نیچے رکھ کر بغیر بات کئے سو جائیں اور خواب میں حالات کا مشاہدہ کریں۔ مندرجہ بالا حروف بلند جگہ پر لکھنے ہیں۔ باقی تمام کام کمرہ میں کرنا ہے۔ رجال الغیب کا خاص خیال کریں۔ آخر میں مجھ گنہگار اور ماہر روحانیات محمد ایاز مزمل حسین شاہ صاحب کے حق میں دعائے خیر ضرور کیجئے گا۔

نام کی اہمیت

تحریر:۔ سید عبدالخالق (کراچی)

السلام علیکم! میرے اس مضمون کا عنوان ''نام کی اہمیت'' ہے۔ امید ہے اس مضمون کو آپ بہت پسند کریں گے۔ روئے زمین پر ہر چیز جہاں ہے اور جیسی ہے اپنی جگہ پر بے حد اہم ہے۔ کائنات کے دامن میں بکھری ہوئی انواع واقسام کی اشیاء کو دست زیست نے بے مقصد پیدا نہیں فرمایا۔ مگر ہمیں اس کا ادراک نہیں ہے۔ تخلیق آدم علیہ السلام سے لے کر آج تک انسان زمین پر اشرف المخلوقات کی حیثیت سے زندگی گزار رہا ہے اور زمین کا کوئی گوشہ ایسا نہیں جہاں پر اولاد آدم آباد نہ ہو۔ زندگی کے امور کو سر انجام دینے کے لئے اشیاء کی ترتیب وتشکیل کے ساتھ ساتھ اس کی ظاہری ہیئت ایک مخصوص طرح سے بنائی گئی ہے اور اس کے ساتھ ساتھ اس ہیئت کی نسبت سے اسے دوسری مخلوق میں ایک مخصوص مقام دینے کے لئے ایک مخصوص قسم کا نام دیا ہے جیسے ہی وہ نام ہماری سماعت سے ٹکراتا ہے تو ذہن کی لوح پر اس کی شکل موہوم سے تصویر اُبھر آتی ہے۔ اس طرح اس کے متعلق سمجھنے میں با آسانی مدد مل جاتی ہے، ہماری تخلیق ہی اس انداز سے ہوئی ہے کہ ظاہری علامات کا عکس جو اس کی مدد سے ذہن پر وارد ہو کر اس کی اصلیت کو سمجھنے میں مدد دیتا ہے۔ مثلاً جب ہم یہ کہتے ہیں کہ شیر جنگل کا بادشاہ ہے تو فوراً ادراک کی رہنمائی سے ذہن پر شیر کی شکل ابھرتی ہے اس کے ساتھ ساتھ اس کے خونخوار ہونے کا احساس پیدا ہوتا ہے اور اس کی بود وباش کے متعلق کسی حد تک معلوم ہو جاتا ہے۔

اس طرح آج سے تقریباً پون صدی پہلے ہوائی جہاز کا تصور صرف اُڑن کھٹولہ کی حد تک تھا اگر اس دور کا کوئی آدمی زندہ ہو جائے تو وہ ہوائی جہاز کو اُڑتا اور اُترتا ہوا دیکھ کر ورطۂ حیرت میں پڑ جائے اس کی وجہ صرف یہ ہے کہ اُس وقت تک اس قسم کی کوئی چیز اس کے سامنے نہیں تھی اور نہ ہی اس کے حواس ظاہری اس کے باطنی حواس کو ایسی کسی شبیہہ کے تصور تشکیل کرنے میں مدد دے سکتے تھے۔ یعنی ظاہری حواس کسی چیز کو دیکھ کر یا چھو کر سونگھ کر یا سُن کر یا چکھ کر باطنی حواس کی تمیز میں مدد دیتے ہیں۔ ان تمام معروضات سے ظاہر ہوتا ہے کہ کسی چیز کو سمجھنے کے لئے جہاں اس کی ظاہری شکل و صورت کا سامنے یا تصور میں ہونا ضروری ہے اسی طرح اس کے نام سے مکمل طور پر اس شئے یا چیز کے متعلق کلی طور پر پتہ چل جاتا ہے یعنی نام ایک ایسا سلسلہ یا ذریعہ ہے جس کے بغیر کسی چیز کا وجود تسلیم کرنا ممکن نظر نہیں آتا۔ کائنات کی ہر چیز کا کوئی نہ کوئی نام ہے جو چیز بے نام ہوگی اس کا وجود نہیں ہوگا اور جس کا وجود ہوگا۔ اس کا کوئی نہ کوئی نام لازمی ہوگا۔ اللہ تعالیٰ جو تمام کائنات کا مالک ہے اس کے ذاتی نام کے علاوہ اس کے بے شمار اسماء صفاتی بھی ہیں اور قرآن حکیم میں ارشاد ہے کہ ''مجھے میرے اچھے اور پیارے ناموں سے پکارا کرو'' اور ان پیارے ناموں میں ہر نام اَن گنت خوبیوں کا مظہر ہے اور اہل علم نے انتہائی بسیط انداز میں ان مقدس اسمائے پاک کے متعلق لکھا ہے جبکہ مفسرین کرام نے ان اسمائے پاک کی بے شمار خوبیاں گنوائی ہیں جن کے فوائد اور لطاف سے ایک سحر نما پیدا کنار پیدا ہوتا ہے نام فی الواقع شخصیت کا آئینہ ہوتا ہے۔

نام ایک ایسا لفظ ہے یا لفظوں کا مجموعہ ہوتا ہے جو کسی شخص سے اس کے پیدائش کے دن سے منسوب کر دیا جاتا ہے۔ یہی نام معنوی اور صوتی لحاظ سے اس کے حواس ظاہری و باطنی پر اثر انداز ہوتا ہے۔ جبکہ روحانی طور پر اس کے نتائج دور رس برآمد ہوتے ہیں۔ اس کے علاوہ اہل نجوم کسی کے نام اور تاریخ پیدائش کے حساب سے اس کے لئے آئندہ زندگی کا لائحہ عمل مرتب کر سکتے ہیں اور جن افراد کو اپنی تاریخ پیدائش یاد نہیں رہتی ان کے لئے ان کا نام ہی کلیدی کردار ادا کرتا ہے۔ اہل نجوم اسی نام کے پہلے حروف سے زائچہ بناتے ہیں۔ علم الاعداد کے ذریعے نام کے ساتھ دوسری منسوبات کا تجزیہ کیا جا سکتا ہے۔ جیسے نجوم، رمل، علم جفر سے نام کے بدلے اثرات کا توڑ یا حل تلاش کیا جا سکتا ہے۔ اس طرح نام کے اعداد سے اس کے لئے بہتر حالات زندگی پیدا کرنے کے لئے قرآنی علوم سے فائدہ اٹھانے میں مدد دی جا سکتی ہے روحانی علوم میں علم الاعداد بنیادی کردار ادا کرتا ہے یعنی آیت مقدسہ کے اعداد حاصل کر کے مناسب انداز میں نقوش مرتب کئے جاتے ہیں اور وظائف اختیار کئے جاتے ہیں۔ نام کسی شخص کی پہچان ہے۔ نام سے اس کے کردار کے متعلق جائزہ مرتب کیا جا سکتا ہے اور یہ جائزہ اس وقت بامعنی اور پُراز معلومات حاصل ہوتا ہے جب اس شخص کی تاریخ پیدائش معلوم ہو نام کسی شخص کی ظاہری اور باطنی تبدیلیوں کا ذمہ دار ہوتا ہے۔ جیسا کہ حضور سرورِ کونین صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے

کہ نام خوبصورت اور بامعنی رکھو جبکہ مسلمانوں کے لئے اسلامی روایات اور اقدار کے حامل نام تجویز کرنا جہاں ان کے مذہبی جذبات کے اظہار کا ذریعہ ہوتا ہے وہاں اس کے نام سے اس کے قومی تشخص کی پہچان ہوسکتی ہے۔ نام کو بگاڑنا یا نام بگاڑ کر پکارنا اچھا فعل نہیں ہے۔ اس کے علاوہ نام کا اگر کسی شخص کے ساتھ کوئی تعلق نہ ہو تو بگاڑ کر اس کا نام پکارنے سے اُس کے جذبات میں اشتعال کیوں پیدا ہوتا ہے۔ اسی طرح جب اس کے نام کے ساتھ کوئی مہذبانہ لفظ منسوب کر دیا جائے یا اسے جناب یا محترم کہہ کر پکارا جائے تو وہ شخص انتہائی مہذبانہ انداز میں پیش آنے پر مجبور ہوتا ہے۔ آخر نام کے چند حروف جو اچھے یا بُرے طور پر سے پکارنے پر اس شخص پر منفی یا مثبت اثرات کیوں ڈالتے ہیں۔ نام کے حروف میں ایسی کون سی کشش چھپی ہوتی ہے جو اُسے اچھے انداز سے پکارنے پر مہذب اور بُرے انداز میں پکارنے سے غیر مہذب بننے پر مجبور کر دیتی ہے۔ حقیقت یہ ہے کہ نام کا ہر شخص کے ساتھ گہرا تعلق ہے۔ نام شخصیت کا آئینہ ہوتا ہے نام قومیت کی علامت اور مذہبی رجحانات کا صحیفہ تسلیم کیا جاتا ہے۔ اچھے نام کے اثرات متعلقہ شخص پر بہتر انداز میں اثر انداز ہوتے ہیں جبکہ بُرے نام کے اثرات اس کی شخصیت کو مسخ کر دیتے ہیں۔ یاد رکھیں والدین کی طرف سے اولاد کو اچھی سے اچھی خوب سے خوب اعلیٰ سے اعلیٰ چیزیں اور جائیداد میں معقول حصہ دینے کے ساتھ ساتھ بہتر نام دینا بھی اہم ضرورت اور ذمہ داری ہوتا ہے، میری رائے میں والدین اولاد کو جو کچھ بھی دیتے ہیں ان میں ایک گرانمایہ تحفہ ایک خوبصورت نام بھی ہوتا ہے۔

نام کی اہمیت بے حد مسلم ہے اللہ تبارک وتعالیٰ نے ابوالبشر کو پیدا فرمایا اور اس کا نام آدم رکھا یہ نام پروردگار عالم نے انہیں عطا کیا۔ آدم کے اعداد 9 بنتے ہیں جو اعداد کی انتہائی بلندی ہے یعنی حضرت آدم علیہا السلام کی ذاتِ اقدس میں وہ تمام تر خوبیاں جو پروردگار عالم نے مجتمع فرما دی تھیں جو حیات کی انتہائی بلندیوں پر انہیں متمکن کرنے کا باعث بنیں۔ یہی وجہ ہے کہ انسان کچھ پروردگار عالم نے اشرف المخلوقات کے شرف سے نوازا۔ نام کے تجویز کرنے میں انتہائی احتیاط کی ضرورت ہوتی ہے کیونکہ یہی نام ساری زندگی انسان کو مدارِ حیات میں باقاعدگی سے متوازن انداز میں متحرک رہنے میں مدد دیتا ہے۔ نام کی اہمیت خود رب دو جہاں نے اپنی تخلیقات کو معنوں فرما کر واضح کر دی ہے جیسے مشرق، مغرب، شمال اور جنوب، زمین اور آسمان، رات اور دن، اندھیرا اور اُجالا، موت اور حیات، الغرض ہر چیز جو معرض وجود میں آئی کسی نہ کسی نام سے جانی جاتی ہے۔ آئندہ ابواب میں اپنے بچے کا نام تجویز کرنے کے لئے سلسلے میں حروف اور ان کی طبائع کا ذکر کیا گیا ہے۔ اس کے بعد بروج اور ستارے حروف کا بروج اور ستاروں سے تعلق، اعداد اور حروف کا ذکر ہے۔ یعنی ان تمام ابواب کا لب لباب یہ ہے کہ اپنے بچوں کے نام رکھنے میں کن کن اصولوں اور قواعدوں کو پیش نظر رکھنا ضروری ہے۔ نام رکھنے اور برج اور ستارہ کے متعلقہ حروف کی ترتیب تاکہ آپ نام رکھنے سے پہلے اس مضمون کو اور نام رکھنے کی ترتیب کو دیکھیں اور جو نام آپ رکھیں گے ان شاء اللہ وہ ٹھیک ہوگا۔

نمبر شمار	نام برج	نام ستارہ	متعلقہ حروف
1	حمل	مریخ	ا، ل، ی، ع
2	ثور	زہرہ	ب، و
3	جوزا	عطارد	ق، ك
4	سرطان	قمر	ح، ہ
5	اسد	شمس	م
6	سنبلہ	عطارد	ب، غ
7	میزان	زہرہ	ا، ت، ط
8	عقرب	مریخ	ظ، ذ، ض، ز، ن
9	قوس	مشتری	ف
10	جدی	زحل	ج، خ، گ
11	دلو	زحل	س، ش، ص، ث
12	حوت	مشتری	د، چ

نومولود کون سی تاریخ کو پیدا ہوا اس تاریخ سے برج کا تعین کرنے کے لئے بعد نام کے تجویز کرنے کے لئے غور وخوض سے کام لیا جاسکتا ہے اور یہ طریقہ کار کچھ مشکل نہیں ہے۔ جو بچہ جس پر پیدا ہوا سرے حروف سے نام رکھیں۔ بچہ تمام نحوستوں سے محفوظ رہے گا۔ امید ہے کہ آپ کو یہ مضمون بہت پسند آئے گا۔ مجھے اپنی خاص دعاؤں میں یاد رکھیں۔

بلڈ پریشر کا خاتمہ

بلڈ پریشر کے خاتمہ کیلئے ادارہ روحانیات میں ایک خاص رنگ فنگر (چھلا) تیار کی گئی ہے۔ جس کے استعمال سے بلڈ پریشر فوری ختم ہوجاتا ہے اور تاحیات یہ مرض دوبارہ نہیں پیدا ہوتا۔

قمری وشمسی سروں کی سحر انگیزیاں

شرف قمر

خاتم قمر

تحریر:۔ حکیم مولانا عتیق الرحمان ضیاء (کراچی)

محترم قارئین اُمید ہے کہ آپ نے دسمبر کے ماہنامہ تحفہ روحانیات میں اعدادِ متحابہ کی انگوٹھی سے فائدہ حاصل کیا ہوگا اس ماہ شرف قمر کے موقع پر قمر کی عددی انگوٹھی لے کر حاضر خدمت ہوں اس ماہ شرف قمر 7 جنوری بوقت سحر 04:40 سے 06:21 تک ہوگا یہ شرف قمر بھی عروج ماہ میں آئے گا مگر میں یہاں ایک وضاحت کرتا چلوں کہ ہر شرف قمر باقوت نہیں ہوتا لہذا شرف قمر کے اعمال میں اس بات کا ضرور خیال رکھیں کہ قمر باقوت اور سعد ہو اگر شرف قمر کے موقع پر یہ وقت نہ ملے تو جب تک قمر برج ثور کے 5 درجہ تا 24 تک موجود ہے یا پھر اپنے برج سرطان میں انہی ڈگری میں باقوت وسعد پوزیشن میں ہے تب ان اعمال کو تحریر میں لائیں تاکہ کسی بھی عمل کا اثر مکمل ظہور پذیر ہو۔

شرف قمر کے موضوع پر لکھتے ہوئے اچانک علم نفس کے قمری وشمسی سُروں کا تذکرہ یاد آ گیا جو قارئین کے علمی اضافے کیلئے حاضر خدمت ہے علم نفس بڑا وسیع دقیق علم ہے۔ اب اس کے جاننے والے اور اس سے کام لینے والے کم از کم نظر آتے ہیں لیکن جو لوگ اس علم سے پوری واقفیت رکھتے اور اس سے کام لیتے ہیں انکے بہت سے مسائل اسی ذریعے سے حل ہو جاتے ہیں انہیں پھر کسی دوسرے علم کی ضرورت نہیں رہتی۔ دلچسپ بات یہ ہے کہ اس علم کا سیکھنا اور سمجھنا بھی آسان ہے۔ اس علم سے کام لینے میں ہماری جیب سے کچھ خرچ بھی نہیں ہوتا۔ صرف ہمیں اپنی سانس کی آمدورفت کے نظام پر نظر رکھنے کی ضرورت ہوتی ہے یہ نظام دو راستوں سے جاری وساری ہے۔ ایک راستہ عارضی کہلاتا ہے اور دوسرا حقیقی۔ عارضی راستہ ہمارا منہ ہے اور حقیقی راستہ ناک کے دونوں سوراخ ہیں۔ منہ سے ہم کبھی کبھی کسی خاص ضرورت یا مجبوری کی وجہ سے سانس لیتے ہیں جبکہ ہمارے جسم کے اندر سانس کی حقیقی آمدورفت کا سلسلہ ناک سے جاری رہتا ہے ہماری ناک کے دونوں سوراخ (دایاں اور بایاں) اس عمل نفس کا ذریعہ ہیں۔ دائیں طرف سے چلنے والی سانس شمسی کہلاتی ہے یعنی سورج سے منسوب ہے اور بائیں طرف سے چلنے والی سانس قمری کہلاتی ہے یعنی چاند سے منسوب ہے گویا قدرت نے ہمارے چہرے پر چاند اور سورج سجا دیئے ہیں ہماری ناک کے دونوں نتھنے درحقیقت چاند اور سورج ہیں اور ان نتھنوں سے چلنے والی سانس اپنے اندر بے پناہ اسرار رکھتی ہے۔ علم النفس کی اصطلاح میں داہنے سوراخ کی شمسی سانس کو "گرم سر" کہا جاتا ہے۔ ناک کے دونوں سوراخوں سے یہ سُر ایک خاص نظام کے تحت جاری ساری رہتے ہیں اگر اس مقدرہ نظام میں خلل واقع ہونے لگے تو یہ اس امر کی نشاندہی ہوتی ہے کہ ہمارے جسمانی یا روحانی نظام میں کوئی گڑبڑ ہونے والی ہے یا ہو رہی ہے۔ ناک سے سانس کی آمدورفت کا یہ نظام اور بھی بہت سے امور حیات میں ہمارا معاون ومددگار ہے ضرورت اس اس بات کی ہے کہ ہم اس نظام کا علم رکھتے ہوں۔ میں اس علم سے استفادے کے کچھ نکات بیان کئے دیتا ہوں ہمیں امید ہے کہ شائقین علم ان پر تجربہ کریں گے اور ضروری سمجھیں تو ہمیں بھی اپنے تجربات سے آگاہ کریں ہمیں یقین ہے کہ جب آپ اس علم سے کام لینے لگیں گے تو اس کے حیرت انگیز نتائج کے قائل ہو جائیں گے۔

بہتر ہوگا کہ صبح سے شام تک اور شام سے رات تک ہم اپنی شمسی اور قمری سانسوں کو چیک کرتے ہیں اور اس کی رفتار میں آنے والی تبدیلیوں کو چیک کرتے رہیں گے تاکہ روزمرہ امور کی انجام دہی میں مفید نتائج لانے کی کوشش کی جا سکے۔ مثلاً جب آپ کسی اہم مقصد کے تحت اپنے گھر سے روانہ ہونے لگیں تو دیکھیں کہ کون سا، سُر چل رہا ہے دایاں یا بایاں؟ اگر دائیں نتھنے سے شمسی سر چل رہا ہے تو تمام کام دائیں طرف سے انجام دیں مثلاً لباس تبدیل کریں تو شلوار یا پتلون کے دائیں پائینچے میں پہلے پاؤں ڈالیں قمیض کی داہنی آستین پہلے استعمال میں لائیں، موزہ یا جوتا پہلے دائیں پاؤں میں پہنیں اب گھر سے باہر جانا ہے تو پہلے دروازے دایاں قدم باہر نکالیں اور پھر گھر سے دائیں طرف کو ہی مڑ جائیں۔

بعض ماہرین علم التنفس تو یہ شرط بھی لگاتے ہیں کہ گھر سے باہر نکل کر سات قدم تک پہلے دایاں پاؤں ہی آگے بڑھائیں۔ اگر آپ کا مکان اس طرح واقع ہے کہ آپ کو ہر صورت میں گھر سے نکل کر کسی ایک مخصوص سمت (دائیں یا بائیں) ہی مُڑنا ضروری ہوتا ہے تو بھی اگر شمسی سر چل رہا ہو تو پہلے دائیں طرف ہی مڑو اور چند قدم چل کر پھر بائیں طرف پلٹ جائیں اب جس اہم مقصد سے جا رہے ہو اس میں کامیابی کے امکانات بڑھ جائیں گے ورنہ ناکامی ہوگی۔ اسلامی نکتہ نگاہ ہر کام کی ابتدا سے بھی دائیں قدم اور ہاتھ کا حکم دیا گیا ہے۔

بطریق علم نفس قمری سائس چل رہی ہو تو تمام کام بائیں طرف سے کئے جائیں جب اپنے شہر سے کسی دوسرے شہر یا ملک کی طرف روانگی کا ارادہ ہو تو بھی اس اصول کو مدنظر رکھیں۔ اس سلسلے میں شمسی اور قمری سر سے متعلق سمتیں بھی مقدر ہیں۔ عزیزان من اس موضوع پر فی الحال اتنا ہی آگے چلتے ہیں شرف قمر کے موضوع کی طرف قمر ایک مؤنث سیارہ ہے مزاجی لحاظ سے سرد مرطوب و معتدل ہے کیوں کہ یہ تیز رفتار سیارہ ہے اور اس کی پوزیشن روز بدلتی رہتی ہے اس کا انحصار اس کی تابناکی پر ہے قمر ذہن کی بھی علامت ہے اگر کسی زائچہ میں قمر مضبوط پوزیشن میں ہو تو ذہنی صلاحیت بہتر ہوتی ہیں اس کے علاوہ شرف یافتہ اور مضبوط قمر کسی بھی زائچہ میں صاحب زائچہ کو پیسے کی فروانی، عمدہ حافظہ، اچھی عادتیں، دانش وری، ذہنی شعور عطار کرتا ہے اور اگر زائچہ میں کمزور ہو تو بے خوابی، ذہنی کاہلی، غنودگی، عورتوں میں رحم اور بچہ دانی کے مسائل جنم لیتے ہیں یہ مسائل تب شدید نوعیت اختیار کرتے ہیں جب قمر کے ساتھ ساتھ عطارد اور دوسرے سیارے بھی کمزور ہوں یا قمر ہبوط یافتہ ہو جو کہ برج عقرب میں ہوتا ہے یا تحت الشعاع ہو یعنی قمر سورج کے قریب ہو اور فعلی منحوس سیاروں کی نظر یا راہو کیتو کی نظر سے قمر متاثر ہو۔

ایسے عوامل کے لئے ہر پیر کے روز سفید چیزوں کا صدقہ دینا یا کسی غریب بچوں والی عورت کی مالی امداد کرنا

۷	۲	۹
۸	۶	۴
۳	۱۰	۵

نجات کا سبب بنتا ہے اس کے علاوہ قمر کا عددی نقش چاندی کی انگوٹھی میں شرف قمر کے موقع پر بنوا کر سیدھے ہاتھ کی چھوٹی انگلی میں پہن لیں میں اسے چاندی کے بجائے ایک خاص سیپ (جس سے موتی نکلتا ہے) پر بناتا ہوں جو چاندی سے زیادہ پر اثر ہے۔

جو کہ عدد ۲ سے شروع ہو کر عدد ۱۰ پر ختم ہوگا ہر شخص کے لئے یہی نقش کارآمد ہے یاد رکھیں انگوٹھی بنانے اور اس کے پہننے کا وقت اچھا ہونا چاہیے خود نہ بنا سکیں تو محترم ماہر روحانیات محمد ایاز مزمل حسین شاہ صاحب یا مجھ سے بنوا کر اور وقت معلوم کر کے پہن لیں۔ آپ حضرات جب بھی میرے دیئے ہوئے اعمال سے فائدہ اٹھائے تو مجھے اور تحفہ روحانیات کے تمام احباب اور خاص کر میرے مشفق استاد محترم کو دعاؤں میں ضرور یاد رکھیں کیونکہ یہ علم کے موتی اُن ہی کی مرہون منت ہیں۔

گھریلو نسخے

تحریر:۔ حسین آفریدی (لاہور)

☆ بادیان 3 گرام، گل منڈی 5 گرام، عناب 5 عدد پانی میں جوش دے کر شربت عناب دو چمچے ملا کر صبح نہار منہ وسوتے وقت نوش کئے جائیں۔

☆ عرق گلاب خالص دو دو قطریا رات سوتے وقت آنکھوں میں ڈالے جائیں۔ حساس آنکھوں کیلئے مفید ہے۔

☆ آنکھ میں سرخی ہو تو سیب کا ٹکڑا لے کر چاقو سے چھیل کر دکھتی آنکھوں پر رکھیں اوپر سے ململ کی صاف پٹی باندھ دیا کریں آرام ہوگا۔

☆ آنکھوں میں درد ہو تو روئی کا پھویا لیں اور اسے گرم دودھ میں ڈبو کر آنکھوں کے آس پاس نکوردیں آنکھوں کا درد دو ہو جائیگا۔

☆ آنکھوں میں ذرا سا اصلی شہد ڈالیں اور پھر پندرہ منٹ بعد اسے دھولیں۔ آنکھوں کا درد دور ہو جائیگا اور بینائی میں اضافہ ہوگا۔

☆ آنکھوں میں یرقان کے باعث پیدا ہونے والی زردی کے علاج کیلئے چقندر کو چھل کر اس کا پانی نچوڑ لیں اور پھر یہ پانی ناک میں کھینچیں۔ آنکھوں کی زردی ختم ہو جائیگی۔

☆ موتیا بند کی ابتداء میں پیاز کا رس دس گرام، شہد خالص دس گرام، بھیم سینی کافور دو گرام ملا کر رات کو سوتے وقت دو دو سلائی ڈالا کریں اس سے اترتا ہوا موتیا رک جاتا ہے بلکہ اترا ہوا بھی صاف ہو جاتا ہے۔

☆ چار بادام، چٹکی بھر سونف اور ذرا سی مصری لے کر رات کو سوتے وقت کھا لیجئے اور کھانے کے بعد پانی نہ پیئے۔ نگاہ دن بدن تیز ہو جائیگی۔

☆ سرسوں کے تیل کے چند قطرے آنکھوں کے اوپر لگا کر ہر روز رات کو سوتے وقت مالش کریں۔ نظر کمزور نہیں ہوگی۔

☆ غسل کرنے سے پہلے پاؤں کے انگوٹھوں پر سرسوں کا تیل ملے نظر کمزور نہیں ہوگی چاہے بڑھاپا آجائے۔

☆ آنکھوں پر خالص دودھ کی بالائی کسی کپڑے میں رکھ کر باندھ لیں اس دوران آنکھیں بند رکھیں۔ کم از کم پانچ منٹ آنکھیں بند رہنے دیں۔

☆ دودھ لیں، فلالین کے کپڑے کو اس نیم گرم دودھ میں ڈال کر آنکھوں پر رکھیں۔ جب اس کی گرمی کم ہو جائے۔ تو یہ عمل بار بار کریں مگر پانچ بار سے زیادہ نہ کریں۔ اس سے پلکوں کی نشوونما ہوگی۔

اعمال گیلانی

لَا اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ سُبْحَانَکَ اِنِّیْ کُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ

تحریر:۔ پیر سید سبطین حیدر شاہ گیلانی (حجرہ شاہ مقیم)

قارئین تحفہ روحانیات کیلئے کئی ماہ سے مجرب اعمال بسم اللہ شریف پر شائع کروا رہا ہوں اس بار آیت کریمہ کا ایک خاص مضمون لے کر حاضر ہوا ہوں اس اُمید کے ساتھ کہ قارئین پہلے کی طرح حوصلہ افزائی فرمائیں گے۔ انشاءاللہ اگلے ماہ دعائے سیفی سے مجرب عمل کے بارے میں شائع کرونگا۔

آیت کریمہ

لَا اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ سُبْحَانَکَ اِنِّیْ کُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ

مندرجہ بالا آیت مبارکہ آیت کریمہ کے نام سے موسوم ہے۔ کائنات میں انسانوں میں سب سے پہلے حضرت یونس علیہ السلام نے پڑھی۔ پھر حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی نبوت میں یہ آیت حضرت یونس علیہ السلام کی دعا کے نام سے مشہور ہوئی۔ اس آیت کے چار حصے ہیں۔

اس میں پہلا حصہ جمالی ہے۔ دوسرا جلالی ہے۔ تیسرا بادی اور چوتھا خاکی ہے۔ اس بناء پر ہی عامل لوگ اس آیت کو گرم وظیفہ یا گرم آیت کہتے ہیں لیکن میرے علم کے مطابق یہ آیت گرم نہیں ہے کیونکہ اس آیت میں چاروں عنصر پائے جاتے ہیں اس کے وظیفہ یا چلہ کرنے سے انسان میں صرف جلالی یا جمالی اثر پیدا ہوتا ہے کیونکہ جلالی کا عنصر جلالت ہے اور جمالی کا عنصر جمال ہے، اس میں بہت سارے فائدے ہیں لیکن عقل والوں کے لئے بہت ساری خوبیاں ہیں مگر استعمال اس کا علیحدہ علیحدہ ہے۔ ہمارے ایک دوست اس کے بہت عامل تھے مگر تھے جلالی اور جمالی پرہیز سے اس عمل کو کیا جائے ان میں اور کوئی عنصر نہیں پایا جاتا تھا۔ آپ جب لا الٰہ کہتے تھے تو آپ کے منہ سے ایک نور کا شعلہ نکلا کرتا تھا جو کہ اکثر ہمارے دوستوں نے دیکھا تھا۔ لیکن آپ اپنی جذب مستی سے کبھی بھی باہر نہیں نکلتے تھے۔ آپ فرماتے تھے کہ بندہ ہو آیت کریمہ کا عامل تو پھر دنیا داری کے ساتھ کیا تعلق ہے یہ لوگ جھوٹ بولتے ہیں کہ میں آیت کریمہ کا عامل ہوں۔ آپ اکثر فرماتے تھے کہ دوستو ہمارے گناہ اللہ تعالیٰ نے معاف فرما دیئے ہیں اور اب آئندہ اللہ تعالیٰ ہمارا حامی و ناصر ہے۔ ہم سے کوئی گناہ سرزد نہیں ہونے دیتا کیونکہ ہم نے سچے دل سے توبہ کی ہے اور ہم نے سچے دل سے آیت کریمہ کا وظیفہ کیا ہے۔ اب ہمارے اور اللہ تعالیٰ کے درمیان کوئی پردہ حائل نہیں ہو سکتا ہے۔ آپ آیت کریمہ کی فضیلت بیان کرتے ہوئے فرمایا کرتے تھے کہ جو اس کا عامل ہو جاتا ہے اللہ تعالیٰ اس کے تمام کبیرہ صغیرہ گناہ معاف فرما دیتا ہے اور بندہ اس طرح ہو جاتا ہے کہ گویا ابھی ماں کے پیٹ سے پیدا ہوا ہو آئندہ گناہ نہ کرے تو تب فائدہ ہے۔

آیت کریمہ اللہ تعالیٰ کی ربوبیت، رحمانیت، محبوبیت، غفوریت حتیٰ کہ اللہ تعالیٰ کی شان مکمل طور پر اس میں بیان کی گئی ہے جس کی تفصیل میں جانے کے لئے کئی ہزار دن اور کئی ہزار دفتر اور کئی ہزار دماغی خلیوں کی ضرورت ہوگی اور کئی ہزار صفحات پر مبنی کتاب شائع ہو سکتی ہے۔ مگر ہم یہاں پر چند ایک باتوں پر ہی بات کو ختم کرتے ہیں۔

عمل نمبر 1:۔ اگر کوئی آدمی قیدی ہو گیا ہو خواہ حق پر ہو یا ناحق پر ہو تو اس کو چاہئے کہ ساٹھ دن کے روزے رکھے اور صرف نمک والے پانی اور سادہ روٹی سے افطار کرے۔ روزہ افطار کرنے کے بعد نماز مغرب ادا کرے پھر نماز کے بعد عشاء کے درمیان میں بکثرت آیت کریمہ کا وظیفہ جاری رکھے۔ جب عشاء کی اذان آجائے تو پھر ایک سو مرتبہ درود ابراہیمی پڑھے۔ پھر بعد میں کام کاج سے فارغ ہو جائے تو پھر سو جائے صبح روزہ رکھنے سے پہلے گیارہ سو مرتبہ آیت کریمہ پڑھے پھر کھانے پر پھونک مار کر روزہ رکھ لے بعد میں فجر ادا کرے تو 110 مرتبہ آیت کریمہ پڑھے پھر اپنے کام کاج میں لگ جائے۔ اس طرح مکمل ساٹھ دن کرے ان شاء اللہ ساٹھ دن کے اندر اندر سزائے موت والا آدمی بھی رہائی پائے گا۔ اللہ تعالیٰ کے حکم سے اگر اللہ تعالیٰ نے چاہا تو ضرور آزاد ہوگا۔

عمل نمبر 2:۔ اگر کوئی چاہے کہ باطنی طور پر آیت کریمہ کے مؤکلات کے ساتھ حاضرات کروں تو اس کو چاہئے کہ پرہیز جلالی جمالی کے بعد نماز عشاء روزانہ 41 دن گیارہ سو مرتبہ پڑھا کرے اور پاس اپنے سرسوں کا تیل رکھے اور بازار سے تھوڑا سا کاجل بھی رکھ لے جب پڑھائی سے فارغ ہو جائے تو سرسوں کے تیل اور کاجل پر پھونک مار دیں اس طرح 41 دن کرتا رہے جب 41 دن پورے ہو جائیں تو کاجل کو سرسوں کے تیل میں حل کریں اگر مزید کاجل اور تیل ملانا ہو تو ملا سکتا ہے۔ پھر 12، 13 سالہ بچے یا بچی کو بلائے۔ یہ حل شدہ لوازمات بچی کے انگوٹھے پر سیدھی سائیڈ پر لگائے اور آیت کریمہ کا ورد کرنا شروع کرے کے بچی کو پھونک مارے۔ اس طرح تین مرتبہ پھر

بچے کو بولے کہ میدان ہو جائے بچی یا بچہ اس کے ساتھ بولتا جائے پھر کہے کہ حضرت سلیمان علیہ السلام کا تخت آجائے پھر کہے کہ پیادے حاضر ہو جائیں پھر جو کام پوچھنا ہو بچی کو بولتا رہے مؤکلات بچے کو بتائے جائیں گے۔ چور، جادو ٹونہ کاروباری رکاوٹ حتیٰ کہ آپ ہر مشکل کا حل ان سے پوچھ سکتے ہیں۔

عمل نمبر 3: ۔اگر کوئی چاہے کہ آیت کریمہ کے مؤکلات میرے تابع ہوں تو اس کو چاہئے کہ آیت کریمہ کے اعداد اور اپنے نام کے اعداد دونوں کو جمع کر کے شروع کرے ہر روز تعداد دوگنا کرتا جائے۔ مثلاً آیت کریمہ کے اعداد 2374 ہیں اور اپنے نام کے اعداد 311 ہیں۔ ان کو جمع کر کے کل عدد 2685 بنے پھر ان کو ہر روز پڑھیں اور دوسرے دن دوگنا، تیسرے دن تین گنا، چوتھے دن چار گنا حتیٰ کہ یہ عمل 41 دن تک کرتے جائیں پھر جوں جوں آگے دن آئیں گے تعداد جو ساتھ ملاتے گئے تھے وہ ہر روز ختم کرتے رہیں۔ کل 82 دن عمل کرنا ہوگا۔ جب آپ 45 دن کے قریب پہنچیں گے تو مؤکلات حاضر ہونا شروع ہو جائیں گے۔ آپ نے ان سے کوئی بات نہیں کرنی ہے۔ جیسے جیسے آپ پڑھیں گے مؤکلات بھی آپ کے قریب آتے جائیں گے، پھر ایک دن ایسا ہوگا کہ مؤکلات نورانی شکل میں آپ سے پوچھیں گے کہ کیا بات ہے آپ نے ہم کو کیوں بلایا ہے آپ ان کو کہیں کہ میری تابعداری کرو وہ حامی بھر لیں گے پھر آپ ان سے ہر جائز کام لے سکتے ہیں آیت کریمہ میں آخر پر یا جبرائیل یا میکائیل یا بدوح کا اضافہ کر لیں۔ ان شاء اللہ بالکل ٹھیک حاضر ہو کر کام کریں گے۔

آیت کریمہ دفع بخار

خواہ کوئی بھی بخار ہو آیت کریمہ گیارہ پڑھیں اوّل آخر درود ابراہیمی تین تین بار پڑھ کر پانی پر دم کریں یا بخار والے پر پھونک ماریں۔ دن میں تین بار کریں۔ تین تین بار سفید کاغذ پر لکھ کر دونوں کلائیوں کے ساتھ باندھ دیں۔ ان شاء اللہ ہر طرح کا بخار ختم ہو جائے گا۔

تلاش گمشدہ کیلئے

اگر کوئی آدمی گم ہو گیا ہو یا کوئی چیز گم ہو گئی ہو تو پھر ایک ہی جلسہ میں آیت کریمہ دس ہزار مرتبہ پڑھائیں تو ان شاء اللہ آپ کی گمشدہ چیز مل جائے گی یا پھر چیز ملنے تک ہر روز پڑھاتے رہیں۔ جتنے دن گم شدہ چیز میسر نہ آجائے پڑھتے رہیں۔ عمل میں کسی قسم کا کوئی شک نہیں ہے مجرب عمل ہے۔ آیت کریمہ کے اختتام میں اپنے مقصد کی دعا لازمی کریں۔

گناہ سے توبہ کیلئے

قارئین تحفہ روحانیات اپنے گناہوں سے توبہ کے لئے بعد نماز عشاء چار رکعت نماز استغفار پڑھیں۔ پہلی رکعت میں الحمد شریف کے بعد 41 مرتبہ سورۃ اخلاص 41 مرتبہ اور آیت کریمہ پڑھیں۔ دوسری رکعت میں الحمد شریف کے بعد سورۃ اخلاص 41 مرتبہ اور آیت کریمہ 82 مرتبہ پڑھیں۔ تیسری رکعت میں آیت کریمہ 123 بار پڑھیں۔ چوتھی رکعت میں آیت کریمہ 164 مرتبہ پڑھیں پھر آخری سجدہ میں آیت کریمہ 41 مرتبہ پڑھیں پھر سلام پھیرنے کے بعد فوراً ہی سجدہ میں جا کر آیت کریمہ 41 مرتبہ پڑھیں۔ اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے آپ کے تمام گناہ معاف ہو جائیں گے بشرطیکہ آئندہ گناہوں سے مکمل طور پر پرہیز کریں تو پھر ٹھیک ہوگا۔ ورنہ پہلے والے گناہوں سے بھی چھٹکارہ نہیں ملے گا۔ خلوص نیت سے ہر عمل کریں تو کامیاب ہو جائیں گے۔

لوح مزمل خاص

حدیث مبارکہ ہے کہ جو شخص مصیبت کی حالت میں سورۃ مزمل کا ورد کرے گا اس کی مصیبت کو دور کر دیا جائے گا۔
حدیث مبارکہ ہے کہ جو شخص سورۃ مزمل کو پڑھے گا اللہ تعالیٰ اسے دنیا و آخرت میں خوش رکھے گا اس کی غربت اور مفلسی کو دور کرے گا، جس مشکل کیلئے پڑھے گا وہ مشکل آسان ہوگی۔
حضرت علی کرم اللہ وجہہ! 170 لڑائیوں میں فتح اسی سورۃ مبارکہ کی بدولت حاصل کی۔ اس سورۃ کی بدولت آپ کرم اللہ وجہہ نے خیبر کے دروازے کو اکھاڑ پھینکا۔
حضرت بصری نے تحریر فرمایا ہے کہ جو کوئی سورۃ مزمل پڑھنے پر ہدایت رکھتا ہو اسے جس قدر حاسد ظالم جادوگر اور بدخواہ نقصان پہنچانا چاہتے ہیں تو وہ اس کا کچھ نہیں بگاڑ سکتے سب مغلوب ہو جائیں گے۔
اس لوح کی برکت سے امراض سے نجات، مصیبت، پریشانی سے چھٹکارا، غربت و افلاس کا خاتمہ، مشکلات میں آسانی، دشمنوں پر غلبہ، حاسد ظلم، جادوگروں، خطرناک حملوں سے بچا رہے گا۔ اس کے علاوہ بے شمار فضائل و برکات اس سورۃ مبارکہ کی ہیں۔ لوح مزمل خاص کی برکت سے درج بالا تمام فیض آپ فوری طور پر حاصل کر سکتے ہیں۔
تمام الواح ماہر روحانیات وقت خاص ورد کے بعد تیار فرماتے ہیں۔

ھدیہ / لوح 4200 روپے

ادارہ روحانیات

شمع بک ڈپو، بھوانہ بازار فیصل آباد 0300-7230290

علم جفر اور بنیادی اصول

قسط نمبر 24

زکوۃ کی قسمیں

تحریر
سید حیدر رضا حیدری
(کوئٹہ)

قارئین تحفہ روحانیات کو میں نئے سال کی مبارکباد پیش کرتا ہوں اور ماہر روحانیات محمد ایاز مزمل حسین شاہ صاحب اور ان کی مکمل ٹیم کو جعفریہ جنتری 2017ء اور مزمل روحانی جنتری 2017ء شائع کرنے پر مبارکباد پیش کرتا ہوں۔ ویسے تو مارکیٹ میں بے شمار جنتریاں دستیاب ہیں مگر جو معیاری مضامین کو منتخب کر کے جنتری میں خوبصورت طریقہ سے شائع کیا گیا ہے وہ اپنی مثال آپ ہے۔ جو اعلیٰ معیار ان دونوں جنتریوں کا ہے وہ شاید ہی کسی اور جنتری کا ہوگا۔ سب سے بڑھ کر اس کی تقویم پر مجھے مکمل اعتماد ہوتا ہے کیونکہ پچھلے کئی سالوں سے میں اس کی تقویم اور نجوم سے مکمل استفادہ حاصل کرتا ہوں۔

قارئین تحفہ روحانیات علم جفر اور اس کے بنیادی اصولوں کے مطابق زکوۃ کی قسمیں بیان کرتے ہوئے یہ میری چوبیسوی قسط ہے۔ اُمید کرتا ہوں کہ جفر سے لگاؤ رکھنے والے طالب علم میری ان شائع کردہ اقساط سے بہت کچھ سیکھ چکے ہوں گے۔ جیسا کہ دسمبر 2016ء کی قسط میں کچھ آیات سے مختلف اعمال بارے بتایا گیا تھا اُسی سلسلہ کی کڑی کو آگے بڑھاتے ہوئے چند آیات کے ہمراہ مختلف اعمال پیش کر رہا ہوں۔ اُمید کرتا ہوں کہ قارئین ان سے فائدہ اُٹھائیں گے اور مجھے تحفہ روحانیات کی مکمل ٹیم کو اپنی دعاؤں میں یاد رکھیں گے۔ میری دعا ہے کہ رواں سال بھی تحفہ روحانیات پہلے کی طرح دن دوگنی رات چوگنی ترقی عطا کرے اور ماہر روحانیات محمد ایاز مزمل حسین شاہ صاحب کو ہر نظر بد اور حسد کرنے والی نگاہوں سے بچائے (آمین)

(ز) اَجِبْ یا اَمْوَاکِیْلُ بحق را یَارَحِیْمُ کُلَّ صَرِیْخٍ وَ مَکْرُوْبٍ غِیَاثُہٗ وَمَعَاذُہٗ یَا رَحِیْمُ۔

اس کا عامل عشق سے سرشار ہو۔ ہر شے میں حق سبحانہٗ کے جلوے دیکھے اگر غِیَاثُہٗ زبر کے ساتھ رَحِیْمَ میم زبر کے ساتھ پڑھے تو دنیا و عقبیٰ میں کوئی ایسی بات نہ پیش آئے جو رنج و غم تکلیف و مصیبت کا سبب بنے بلکہ جب یہ گمان ہو کہ فلاں مصیبت آنے والی ہے۔ یا فلاں تجارت میں نقصان ہونے والا ہے۔ اس دعا کو پڑھنے والا ہر غم و پریشانی سے محفوظ رہے گا۔ روزانہ 258 بار یا 108 بار یا کم از کم 7 بار اوّل آخر درود شریف 11 بار۔

(ش) اَجِبْ یَا ھَمْزَائِیْلُ بحق شین یَا شَافِیُ اَلْاَمْرَاضِ وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا ھُوَ شِفَاءٌ وَّ رَحْمَۃٌ لِّلْمُؤْمِنِیْنَ صَدَقْتَ یَا شَافِیُ۔

اس کا عامل سوائے موت کے ہر مرض کی شفا بن جائے۔ جس پر تین بار پڑھ کر دم کرے مرض دفع ہو۔ اس کے پاس مریضوں کا ہجوم رہے اور کوئی مایوس نہ پھرے۔ اگر ہمیشہ دیکھ کر پڑھے، نگاہ میں یہ تاثیر پیدا ہو جائے کہ صرف نظر بھر کر دیکھنے ہی سے مرض جاتا رہے۔ اگر 7 بار روزانہ لکھتا رہے تو قلم میں یہ اثر پیدا ہو جائے کہ جس کو بھی جو نسخہ لکھ دے تیر بہدف ثابت ہو۔ جس کو یہ اسم یا شین لکھ کر دے دے مریض شفایاب ہو۔ ہر روز 391 بار یا 94 بار یا کم از کم 7 بار اوّل آخر درود شریف 7 بار۔

(ت) اجب یا عزرائیل بحق تا یا تامُّ فلا تَصِفُ الْاَلْسُنُکُلُّ کنہ جلال ملکہ و عزہ یا تَامّ۔

اس کا عامل مقبول عوام و خواص ہو جاتا ہے۔ امراء و سلاطین اس کے تابع اور فرمانبردار ہوں اور وہ مقام ملے جو اس ملک کے بادشاہ یا صدر یا وزیراعظم کو مقام حاصل ہوتا ہے اگر تام کے میم اور السن کے نون و سین کو زبر سے پڑھے تو وہ ایسا بادشاہ یا صدر مملکت ہو کہ جس کی حکومت نہ صرف انسانوں کے زبان پر ہو بلکہ دلوں پر بھی حکومت کرے اور اس کی اقلیم کی ظاہری و باطنی دولت کی کثرت ہو۔ کہ جس کو چاہے عطا کرے۔ ہر روز 441 بار یا کم از کم 56 بار اوّل و آخر درود شریف 11 بار۔

(ث) اجب یا میکائیل بحق ثا یا ثابت رَبَّنَا اَفْرِغْ عَلَیْنَا صَبْرًا وَّثَبِّتْ اَقْدَامَنَا وَانْصُرْنَا عَلَی الْقَوْمِ الْکٰفِرِیْنَ۔

اس کا عامل ایسی روحانی قوت اپنے اندر پاتا ہے۔ جس سے وہ خود حیران ہوتا ہے کہ ایسا کیوں ہوا کیسے ہو گیا۔ کسی دور کی چیز کو اٹھانا چاہتا ہو تو وہ قریب ہو جاتی ہے۔ دور جانا ہو تو راستہ سمٹ کر قریب ہو جاتا ہے۔ گھنٹوں کا راستہ منٹوں میں طے ہو جاتا ہے۔ ہمراہی بھی حیران رہتے ہیں اور خود بھی متعجب ہوتا ہے۔ جسمانی اعتبار سے وہ کتنا ہی کمزور ہو اس میں روحانی قوت اتنی ہوتی ہے کہ اس کے کام کو دیکھ کر دنیا حیران ہوتی ہے۔ دنیا کی نظر میں جو کام وہ نہ جانتا ہو اس طرح کرتا ہے جس طرح کو ماہر فن کرتا ہے۔ اس کا عامل مستقل مزاج درگزر کرنے والا ہوتا ہے مگر وقت ضرورت سینکڑوں سے

ڈرتا ہے نہ بھاگتا ہے نہ دشمن کے وار اس پر اثر کرتے ہیں۔ روز بعد نماز ظہر یا مغرب 903 بار یا کم از کم 80 بار اوّل آخر درود شریف 21 بار یا 3 بار۔

(خ) اجب یا مہ کائیل بحق یا خالِقَ مَنْ فِی السَّمٰوٰتِ والارض کلّ الیہ معادہٗ یا خالقُ۔

اس کے عامل کو علم مافی الارحام حاصل ہو جاتا ہے کہ بچہ ماں کے پیٹ میں کس طرح پرورش پاتا ہے۔ کس طرح گوشت پوست ہڈیاں بنتی ہیں اور سنورتی ہیں۔ کس طرح روح جسم میں داخل ہوتی ہے۔ رحم میں نر ہے یا مادہ اور اس کی صلاحیت وحقیقت کیا ہے۔ عمر کیا ہے بڑا ہو کر کیا کرے گا۔ اگر خالق کے قاف کو زبر کُلُّ کے لازم کو پیش بغیر تنوین اور مَعَادَہٗ کے دال کو زبر کے ساتھ پڑھے تمام جمادات، معدنیات کا علم حاصل ہو، کس زمین میں کون سی اشیاء ہیں، کتنی قیمتی ہیں، اس زمین سے کون سا درخت پیدا ہوگا۔ وہ اس درخت کی ماہیت سے بھی واقف ہوگا جو بغیر بیج کے اُگے گا۔ ہر روز بعد نماز تہجد یعنی قبل فجر یا کم از کم بعد نماز فجر 731 بار یا کم از کم 57 بار اوّل آخر درود شریف 9 بار۔

(ذ) اجب یا اھرائیل بحق ذال یا ذالجلال والاکرامِ ذالبطش الشدید انت الذی لا یطاق انتقامہ یا ذالجلال والاکرام۔

اس کا عمل عزت وعظمت بزرگی میں وہ مقام حاصل کر لیتا ہے جو امیر و کبیر حاکم وزیر جس کے لئے دن رات سرگرداں رہتے ہیں۔ بلکہ اس کے عامل کے حضور ہر مخلوق ادب کرتی نظر آتی ہیں۔ اس کی حکومت کا سکہ جن وانس، وحوش وطیور کے قلوب پر چلتا ہے۔ ہر روز 731 بار یا 248 بار یا 85 بار یا کم از کم 7 بار اوّل آخر درود شریف 41 بار۔

(ض) اجب یا عطکائیل بحق ضاد یا ضارُّ لَا یَضُرُّ مَعَ اِسْمِہٖ شَیْءٌ فی الارض ولا فی السّمآء و ھوالسمیع العلیم یا ضارُّ۔

اس کا عامل دوسرے کو نقصان پہنچانے سے اپنے کو بچائے رکھے تو شیر اس کی سواری میں رہے۔ سانپ کو ہاتھ میں مثل کوڑے کے پکڑے وہ زہریلے بچھو جن کے کاٹے سے موت واقع ہو جائے بے ضرر شئے ہو۔ غرض زہریلی شئے اور ہر زہریلا جانور اور ہر درندہ صفت انسان خواہ وہ افسر ہو یا حاکم وغیرہ کبھی ضرر ونقصان نہ پہنچا سکے۔ ہر روز 110 بار یا 805 بار یا 141 بار یا کم از کم 7 بار اوّل آخر درود شریف 7 بار۔

(ظ) اجب یا لوزائیل بحق ظاھر سبحانک انت اللہ لا الٰہ الّا انت الظّاھر المظہر یاظاھرُ۔

یہ بہترین استخارہ بھی ہے۔ وقت ضرورت اس کے ذریعے فرار شدہ کا حال معلوم کرنے کی بیمار کی کل کیفیت اور اس کو دوا سے یا عمل سے فائدہ ہوگا۔ یا چوری کیا ہوا مال کہاں رکھا ہے۔ وغیرہ وغیرہ فوری طور پر معلوم کرنے کے لئے مجرب ہے اور اس کے عامل کو ان فیوض کے ساتھ ساتھ علوم سفینہ یعنی جو علوم کتب میں موجود نہیں ظاہر ہو جاتے ہیں۔ خزانے اور دفینے معمولی جدوجہد سے حاصل کر لیتا ہے۔ ہر روز 1106 بار یا 58 بار یا کم از کم 7 بار اوّل آخر درود شریف 11 بار۔

(غ) اجب یا لوفائیل بحق غین یا غِیَاثُ یَا غِیاثِی عِنْدَ کُلِّ کُرْبَۃٍ ومجیبی عند کُلِّ دعوۃٍ وَ مُؤنِسِیْ عِنْدَ کُلِّ وَحْشَۃٍ وَمَعَاذِیْ عِنْدَ کُلِّ شِدَّۃٍ وَ رَجَائِی حِیْنَ تَنقَطِعُ حِیْلَتِیْ یَا غِیَاثِیْ۔

اس کے عامل کو اللہ تعالیٰ تمام مکروہات پر رنج وغم سے نجات دیتا ہے۔ ہر کام اور ہر حاجت جو خلاف شرح نہ ہو جس پر دنیا وآخرت کا ضرر نہ ہو پورا فرماتا ہے۔ رزق حسنہ عطا فرماتا ہے اور خزانہ غیب سے ظاہری وباطنی نعمتیں دیتا ہے اور اس کا دل اللہ کی بے شمار نعمتوں کو دیکھ کر خوش ہوتا ہے۔ ہر روز 178 بار مغرب اور عشاء کے درمیان اوّل آخر درود شریف 5 بار۔ جس دن وقت نہ ملے تو 41 بار انتہائی مجبوری اور بیماری میں صرف ایک بار۔

اگر کوئی شخص الف سے غین تک کسی حرف کا عامل بننا اور اس کے موکل کو تابع کرنا چاہے تو ایک لاکھ پچیس ہزار کی تعداد کو 41 دن یا 28 دن میں پورا کرے اور خلوت اختیار کرے۔ پرہیز جلالی وجمالی پر کاربند رہے۔ عمل پورا ہونے تک کسی سے بات نہ کرے اگر ضرورت پڑے تو لکھ کر دے۔ اگر ان پابندیوں کے ساتھ عمل کر لیا تو پھر کبھی کوئی عمل کرنے کی ضرورت نہیں۔ موکل کو جو حکم دے گا وہ انجام دے گا اور جو چاہے گا اس پر ظاہر ہوگا۔ جس کسی کو عمل کی اجازت دے گا ایک بار پڑھنے سے اسے وہ سب کچھ حاصل ہوگا جو عامل کو حاصل ہوگا۔

قارئین تحفہ روحانیات! انشاءاللہ آئندہ ماہ حروف تہجی کے عملیات بارے میں شائع کرواؤنگا۔

نوٹ:۔ ماہر روحانیات محمد ایاز مزمل حسین شاہ صاحب سے فون پر بات کرنے کے خواہشمند حضرات، صبح 10 تا دوپہر 01 بجے فون پر اپنے مسائل کا حل دریافت کر سکتے ہیں علاوہ اتوار۔

0300-6351192

نایاب الرّمل

قسط نمبر 14

تحریر
رمال ملک اویس جعفری
(ہارون آباد)

قارئین تحفہ روحانیات! کافی عرصہ کی غیر حاضری کے بعد دوبارہ سے اپنا پرانا سلسلہ شروع کر رہا ہوں۔ اُمید ہے کہ قارئین پہلے کی طرح میری حوصلہ افزائی فرمائیں گے۔

اصول و قواعد: شکل حمرہ (⚊) کو دیکھو۔ اگر خانہ چہارم میں آئے تو جناب سائل کے گھر میں قابض ہیں۔

(۲) **شکل حمرہ** (⚊) سائل کے خانہ اوّل و نہم میں آئے۔ یا صرف خانہ نہم میں ہو تو سائل کے اوپر جنات مسلط ہیں اور سائل کے سر اور کندھے وزنی رہتے ہیں اور سائل کو سائے بھی نظر آتے ہیں اور آوازیں بھی سنائی دیتی ہیں۔ سائل پر ان مسلط شدہ جنات کی حاضرات بھی ہو سکتی ہے۔

(۳) **طالع میں شکل حمرہ** (⚊) ائے اور خانہ چہارم میں بھی مکرر ہو۔ اور خانہ نہم میں ان شکلوں میں سے کوئی شکل آئے۔ ⚋، ☰، تو سائل کے اوپر جنات مسلط ہیں اور سائل پر ان مسلط شدہ جنات کی حاضرات بھی ہو سکتی ہے۔

(۴) **طالع میں شکل اجتماع یا جماعت** ☰ آئے اور خانہ چہارم اور ہشتم میں شکل حمرہ (⚊) آجائے تو سائل پر جناب کے اثرات ہیں۔ اور اس کو ڈر خوف بھی لگتا ہے۔

(۵) **شکل طریق** (⚋) سائل کے طالع میں آئے اور خانہ نہم میں مکرر ہو اور سائل کے خانہ چہارم ششم ہشتم میں ان شکلوں میں سے کوئی شکل آئے (⚋)، (⚊)، ☰ تو سائل کو کوئی عمل یا وظیفہ پڑھنے سے رُجعت ہوئی ہے اور وہ بندش کا شکار ہے۔

(۶) **خانہ چہارم میں انکیس** ⚌ یا عقلہ ⚌ اشکال آجائیں اور خانہ ششم اور خانہ نہم میں جماعت ☰ یا طریق ⚋ میں سے کوئی شکل آئے، تو سائل بندش کا شکار ہے۔ سائل کے گھر میں کوئی قبرستان ہے اور سائل اس کی وجہ سے بندش کا شکار ہے۔

(۷) **طالع میں شکل حمرہ** ⚊ آئے اور تکرار اس کا خانہ پنجم میں ہو۔ تو سائلہ کا حمل اسقاط ہو یا بچے پیدا ہو کر مر جائیں۔

(۸) **شکل حمرہ** (⚊) **خانہ اوّل**، چہارم، ششم میں ہو یا خانہ ششم میں اجتماع ⚌ یا جماعت ☰ آئے تو سائل کا کاروبار جادو سحر کی وجہ سے بند ہو۔ اگر ان شکلوں میں سے کوئی شکل خانہ نہم میں مکرر ہو تو جادو سحر کے اثرات سائل کے اوپر ہوں۔

(۹) **خانہ چہارم میں شکل حمزہ** ⚋ آئے تو سائل کا گھر آپسی ہے اگر طریق ⚋ یا جماعت ☰ یا اجتماع شکلیں آئیں۔ تو اس گھر میں جادو سحر کے اثرات ہیں، یا کوئی تعویذات دفن ہیں۔

(۱۰) **خانہ چہارم کا تعلق دکان** وغیرہ کے ساتھ بھی ہے۔ اگر اس میں شکل حمرہ (⚊) آئے تو وہ دکان آسیبی ہے۔ اگر اس خانے میں اشکال جماعت (☰) طریق (⚋) یا اجتماع آئے تو یہ دکان جادو سحر کی وجہ سے بند ہے۔

اگر یہ دیکھنا ہو کہ آئے ہوئے کسی سائل یا بچے پر حاضرات ہو سکتی ہے یا کہ نہیں؟

اصول و قواعد:۔

حاضرات

قاعدہ نمبر 1:۔ اگر خانہ اوّل میں طریق (⚋) آئے اور تکرار اس کا خانہ نہم میں ہو۔ یا خانہ نہم میں اجتماع (⚌) شکل آئے۔ تو حاضرات ہوگی ورنہ نہیں۔

قاعدہ نمبر 2:۔ اگر خانہ اوّل میں شکل بیاض ⚍ آئے اور تکرار اس کا خانہ نہم میں ہو۔ یا خانہ نہم میں اجتماع ⚌ یا طریق ⚋ شکل آئے۔ تو حاضرات ہوگی۔ ورنہ نہیں۔

قاعدہ نمبر 3:۔ اگر سائل کے خانہ اول و نہم میں شکل حمرہ ⚊ آئے یا طالع میں شکل (⚊) ہو اور خانہ نہم میں اجتماع ⚌ یا طریق (⚋) آئے تو سائل پر جنات کی حاضرات ہوگی۔

قاعدہ نمبر 4:۔ اگر سائل کے طالع میں شکل سعد داخل ہے اور خانہ نہم میں اجتماع ⚌ یا طریق (⚋) میں سے کوئی شکل آئے۔ تو سائل پر حاضرات ہوگی۔

قاعدہ نمبر 5:۔ اگر کسی سائل کے خانہ اوّل میں شکل طریق (⚋) آئے، تکرار اس کا خانہ نہم میں ہو، یا خانہ نہم میں شکل اجتماع آئے

عابد شاپر فروش، ریلوے چوک کوٹ ادو۔ 0333-6002048 — ادارہ روحانیات

اور اور خانہ چہارم میں شکل انلیس ☷ آئے تو سائل کے اوپر اُن بزرگوں کی حاضرات ہوگی جو کہ اس کے گھر میں ہیں۔

اب ہم چند ایسے لوگوں کے زائچے پیش کررہے ہیں۔ جو کہ آپسی مریض ہیں ان پر جادو سحر کے اثرات یا کوئی نہ کوئی ذی روح مسلط ہے اور وہ ان کی وجہ سے بندش کا شکار ہیں۔ یہ بات لکھنی بھی ضروری ہے کہ یہ تمام زائچے اصل ہیں۔ فرضی نہیں ہیں۔

سوال:۔ سائل نے سوال کیا۔ میرے گھر میں سکون نہیں کیا وجہ ہے؟ قرعہ سائل کے ہاتھ سے ڈلوایا گیا۔ قواعد مذکورہ کے تحت اس کا دل پیش خدمت ہے۔ زائچہ کے خانہ چہارم میں شکل حمرہ ہے ☲ ہے جو کہ جنات سے منسوب ہے۔ بیان کیا کہ آپ کا گھر آسیبی ہے۔ گھر میں سکون نہیں ہے۔ ہر کام بندش اور رکاوٹ ہے۔ اور آپ کا دل اس گھر میں نہیں لگتا۔ جتنی دیر آپ اس گھر میں رہتے ہیں آپ کی طبیعت بوجھل سی رہتی ہے۔ سر اور کندھے وزنی رہتے ہیں۔ آگ یہ گھر چھوڑ کر کسی دوسری جگہ پر جانے کا ارادہ رکھتے ہیں۔ جتنی دیر آپ گھر سے باہر رہیں گے، سکون محسوس



کریں گے اور آپ کی طبیعت بھی ٹھیک رہے گی لیکن گھر میں جا کر دل پریشان ہو جاتا ہے اور گھر میں دل ہرگز نہیں لگتا۔ سائل نے بتایا کہ جو کچھ آپ نے کہا ہے یہ باتی دو سو فیصدی درست ہیں۔ اللہ نے ہمیں سب کچھ دیا ہے لیکن اس گھر میں سکون نہیں ہے۔ یہ بات آپ کی پتھر پر لکیر ہے کہ میں جتنی دیر گھر میں رہتا ہوں۔ میرے سر اور کندھے بھاری رہتے ہیں اور طبیعت بھی بوجھل سی رہتی ہے۔ (واللہ اعلم بالصواب)

زائچہ پڑھنے کا طریقہ

خانہ اوّل، دوئم سوئم میں اشکال خارج ہیں۔ جن کا تعلق نقل و حرکت سے ہے۔ خانہ چہارم کا تعلق سائل کے گھر کے ساتھ ہے۔ جہاں پر کہ سائل کی سکونت ہے۔ شکل حمرہ کا تعلق جنات سے ہے۔ خانہ نہم کا تعلق حاضرات اور الہام سے ہے۔ شکل جماعت ☵ کا تعلق بندش اور اثرات سے ہے۔ اب ملا جلا کر پورا زائچہ اس طرح پڑھیں گے۔

اشکال: ☶، ☲، ☳ خانہ اوّل دوم سوم میں آئی ہیں جن کا تعلق خروج نقل و حرکت سے ہے، یہ ان دلائل سے کیا گیا کہ سائل کا قیام ایک جگہ پر نہیں ہے۔ دل نہیں لگتا اور کسی دوسرے مقام یا جگہ پر جانے کا ارادہ رکھتا ہے، لیکن جا نہیں سکتا کیونکہ سائل کے گھر سے رکاوٹ ہے۔ جو کہ جنات کی طرف سے ہے۔ خانہ نہم میں شکل جماعت ہے، جس کا تعلق اثرات سے ہے۔

لوح ردسحر

یہ خاص لوح ان پریشان اور مایوس کن افراد کیلئے تیار کی جاتی ہے جو کہ جناتی اثرات تعویزات اور دشمنوں کے جادو وار کی وجہ سے آئے روز نئی نئی مصیبتوں میں پھنسے رہتے ہیں۔ زندگی میں ناکامیاں ان کا مقدر بن گئی ہوں ہر طرف بند رستہ نظر آتا ہے یا جسم میں جھٹکے لگتے ہیں یا حافظہ کمزور ہو گیا ہو، دل و دماغ میں عجیب و غریب وسوسے اور وہمات جنم لیتے ہوں۔ گھر میں پراسرار واقعات رونما ہوتے ہوں کبھی خون اور کبھی پانی کے چھینٹے پڑتے ہوں۔ گھر یا جسم سے بدبو آتی ہو یا دہشت خوف طاری رہتا ہو۔ غنودگی یا نیند کی حالت میں چونک کر اٹھ جاتے ہوں اولاد نافرمان ہو یا کاروبار کی بندش کا شکار ہیں یا نکاح کی بندش کر دی گئی ہو یا بیماری جان نہ چھوڑتی ہو، زندگی میں سوائے ذلت اور رسوائی کے کچھ ہاتھ نہ آیا ہو ان تمام حالات میں لوح ردسحر آپ کیلئے قدرت کا ایک بہترین تحفہ ثابت ہوتی ہے۔ اس لوح کی برکت سے دشمن کا ہر حملہ ختم ہو جاتا ہے ناکامیاں کامیابیوں میں بدل جاتی ہیں۔ خوشیوں سے زندگی بھر جاتی ہے۔

ہدیہ لوح ردسحر 4200 روپے

طلسم خاص اولاد نرینہ

ہر شادی شدہ فرد کی خواہش ہوتی ہے کہ اُسے جلد سے جلد اولاد نرینہ حاصل ہو لیکن عرصہ دراز تک یا تو اولاد نہیں ہوتی یا پھر اولاد نرینہ کی خواہش دل میں رہتی ہے جس کی وجہ سے ایسے خواہشمند حضرات کے ہاں بیٹیاں ہی بیٹیاں پیدا ہوتی رہتی ہیں یہ قانون قدرت ہے لیکن حکمت سے اپنی اس خواہش کو خاص طریقہ سے بارگاہ الٰہی میں پیش کر کے پورا کیا جا سکتا ہے وہ لوگ جو کہ اب تک اولاد نرینہ سے محروم ہیں مجرب طلسم خاص برائے اولاد نرینہ کے ذریعے اپنی اس خواہش کو پورا کر سکتے ہیں۔

ہدیہ 7200 روپے

پتھروں کے اثرات

تحریر: ایس اے شہزاد (پشاور)

قارئین تحفہ روحانیات! اس بار میں آپ کیلئے پتھروں کے خواص کے ساتھ حاضر ہوا ہوں اس اُمید کے ساتھ کے آپ ان پتھروں سے اپنی زندگی میں فائدہ اُٹھائیں گے۔ اگر قارئین پہلے کی طرح میری حوصلہ افزائی کی تو آئندہ بھی اپنے مجربات شائع کرواتا رہونگا۔ پتھروں کے بارے میں ایک روایت مشہور ہے لیکن ہر ایک پتھر کی خصوصیت موجود ہے۔ ایک وہ پتھر جو کہ عام راہ گزر میں گرا پڑا ہوتا ہے اور ایک وہ پتھر جو کہ خانہ کعبہ میں نصب ہے۔ ایک وہ پتھر جو کہ پہاڑوں اور زمینوں سے نکلتا ہے اور ایک وہ پتھر ہے جو کہ سمندر کی تہوں سے نکلتا ہے۔ ہر ایک کی اپنی اہمیت اور فادیت ہے۔

(1) **ہیرا**: انگریزی میں ڈائمنڈ ہند میں ہیرک اور عربی میں الماس کہتے ہیں۔ اس کو دیکھنے سے دل کو ٹھنڈک ملتی ہے۔ اس پر سورج کی شعاعیں خاص اثر کرتی ہیں۔ ہیرے کو دل پر لٹکانے سے دل مضبوط ہوتا ہے۔ امراض معدہ کے لئے موافق ہے۔ مرگی کے مرض کے لئے موافق ہے۔ حاملہ عورت کو باندھنے سے وضع حمل میں آسانی رہتی ہے۔ برج اسد کے حامل افراد کو ہیرا موافق آتا ہے

(2) **یاقوت**: جگر کو طاقت دیتا ہے۔ پیاس کی شدت کو کم کرتا ہے۔ اس کا سرمہ بصارت کو بڑھاتا ہے۔ جنون اور طاعون یاقوت شفا بخش ہوتا ہے۔ زہر کے اثرات ختم کرتا ہے۔ کمزوری کو دور کرتا ہے۔ خون کو متحرک کرنے میں معاون ثابت ہوتا ہے۔ جگر کی خرابیوں کو دور کرتا ہے۔ امراض قلب میں اس کو پاس رکھنے سے شفا ملتی ہے۔ جریان کی بیماری میں بھی شفا ملتی ہے۔ یاقوت بہت سی بیماریوں میں معاون ثابت ہوتا ہے۔ برج حمل والوں کے لئے موافق پتھر ہے۔

(3) **زمرد**: اس پتھر کو شوہر پہنے تو اُسے بیوی اور اگر بیوی پہنے تو اُسے شوہر، یہ پتھر بصارت کو تیز کرتا ہے، زہر کے اثرات کو زائل کر دیتا ہے۔ اسے سانپ دیکھے تو اندھا ہو جاتا ہے۔ زمرد پہننے سے معدہ کو تقویت ملتی ہے۔ خواتین کے امراض میں بھی مفید ہے۔ جگر کے امراض میں بھی مفید ہے۔ گردوں کو بھی تقویت دیتا ہے۔ پیاس کی شدت کو کم کرتا ہے۔ برج عقرب والوں کو راس آتا ہے۔

(4) **نیلم**: اس پتھر کو پہننے سے کمزور انسان خود کو طاقت ور محسوس کرتا ہے۔ شخصیت میں دلکشی پیدا کرتا ہے۔ صحت اور تندرستی کے لئے موافق ہے۔ اس کو پہننے سے بلڈ پریشر سے نجات ملتی ہے۔ پہننے پر رکھنے سے بخار کی شدت کم ہوتی ہے۔ خون کے امراض کے لئے مفید ہے۔ اس کا سرمہ نظر کو تیز کرتا ہے۔ برج جدی اور برج دلو والوں کے لئے موافق ہے۔

(5) **موتی**: دل میں نیکی پیدا ہوتی ہے۔ برے خیالات کو دور کرتا ہے۔ ازدواجی زندگی خوشگوار گذرتی ہے۔ اس کے کے پہننے سے دن کو صبر و استقلال پیدا کرتا ہے۔ دل کے امراض کے موافق ہے۔ خواتین کی پوشیدہ امراض کے لئے مفید ہے۔ شوگر اور یرقان کے لئے اچھا ہے۔ اس کا کشتہ مقوی اعضائے رئیسہ ہے۔ برج میزان والوں کو موتی راس آتا ہے۔

(6) **فیروزہ**: اس پر تیزاب اثر نہیں کرتا۔ اصل پتھر آگ میں پگھلتا نہیں۔ اصلی فیروزہ کن رنگ بدلتا نہیں۔ مزاج میں صحبت اور انکساری پیدا کرتا ہے۔ اس کے پہننے سے انسان خوش رہتا ہے۔ دشمن کو زیر کرتا ہے۔ مفلسی اور محتاجی کو بھگاتا ہے۔ سانپ اور بچھو فیروزہ کو دیکھ کر دور بھاگتے ہیں۔ بگڑے ہوئے کام سنوارتا ہے۔ بری نظر سے بچاتا ہے۔ مقوی اعضائے رئیسہ ہے۔ امراض دل اور امراض آنکھوں کے لئے موافق ہے۔ برج جوزا، سنبلہ والوں کے لئے موافق پتھر ہے۔

(7) **عقیق**: یہ نہایت ہی قدیم پتھر ہے۔ اولیا نے اس کو بہت استعمال کیا، درویش بھی پہنتے ہیں۔ طبیعت میں مستقل مزاجی پیدا کرتا ہے۔ عقیق بھی نسب سے اعلیٰ ہے۔ عقیق کی انگوٹھی پہننے سے رنج و غم دور رہے گا۔ حضرت امام رضا کا ارشاد ہے کہ عقیق کی انگوٹھی پہننے والا خوش حالی کی زندگی بسر کرتا ہے، کشتہ عقیق اکسیر اعظم ہے۔ امراض قلب کے لئے مفید ہے۔ پھیپھڑوں سے خون آنے کے لئے مفید ہے۔ فالج کے لئے مفید ہے۔ پیشاب میں خون آنے کی بیماری کے لئے مفید ہے۔ برج حمل، عقرب کے لئے زمرد عقیق۔ اسد والوں کے لئے بھی مفید ہے جیسا کہ برج دلو والوں کے لئے سیاہ عقیق مفید ہے۔

(8) **پکھراج**: اس انگریزی میں ٹوپاز کہتے ہیں۔ اس کو پہننے سے خلوص اور صحبت پیدا ہوتی ہے۔ عمر کے ساتھ عقل کو بڑھاتا ہے۔ قوت اِرادی مضبوط ہوتی ہے۔ اس کو پہننے سے جادو اثر نہیں کرتا۔ سفر کے لئے

مفید ہے۔خرابی خون کے لئے موافق ہے۔بواسیر کے لئے موافق ہے۔ جزام سے نجات ملتی ہے۔طاقت وقوت کو بڑھاتا ہے۔طبیعت میں چستی لاتا ہے اس کو پہننے سے بصارت تیز ہوتی ہے۔برج قوس، حوت کو موزوں ہے

(9) مرجان: اس کی انگشتری نظر بد کے لئے موافق ہے، بچوں کو ڈراؤنے خوابوں سے نجات ملتی ہے۔اس جادو اور عملیات کا اثر نہیں ہوتا۔ دماغی طاقت کا اضافہ ہوتا ہے۔دائمی نزلہ اور زکام سے نجات ملتی ہے۔لقوہ، رعشہ اور فالج کے لئے مفید ہے۔پیٹ اور معدہ کے لئے مفید ہے۔مقوی اعضائے رئیسہ ہے۔جگر کو طاقت دیتا ہے۔ برج حمل، اسد، سنبلہ، قوس والوں کو راس آتا ہے۔

(10) زرقون: اس جواہر کو انگریزی میں بھی زرقون کہتے ہیں۔بھر پور نیند لاتا ہے۔سفر خیر وعافیت سے کٹتا ہے۔اللہ تعالیٰ بہترین روزگار دیتا ہے، میاں بیوی میں محبت پیدا کرتا ہے۔فالج کے لئے بہترین ہے۔زبان کی لکنت کو دور کرتا ہے۔دوران خون کو صاف کرتا ہے۔قوت باہ کو تیز کرتا ہے۔سیلان رحم کے لئے مفید ہے۔برج جوزا اور برج سنبلہ والوں کو راس آتا ہے۔

(11) اوپل: یہ سفید رنگ کا دودھیا پتھر ہے، اس کو پہننے سے سادگی اور سنجیدگی پیدا ہوتی ہے۔محبت کرنے والوں کے لئے خوش بخت لاتا ہے۔ تجارت کی طرف رجحان پیدا کرتا ہے۔سیاہ اوپل نحس ہوتا ہے۔احتیاط کریں۔اس کے خواص نیلم سے ملتے جلتے ہیں، راس آجائے تو فقیر سے بادشاہ بن جاتا ہے۔اگر راس نہ آئے تو بادشاہ فقیر بن جاتا ہے۔آنکھوں کی بیماریوں کے لئے مفید ہے۔امراض معدہ کے لئے مفید ہے۔دماغ کو طاقت دیتا ہے۔مقوی اعضائے رعیسہ ہے۔یہ پتھر برج سرطان اور برج میزان والوں کو راس آتا ہے۔

(12) حجرالقمر: اس پتھر کو عربی میں حجرالقمر اور انگریزی میں مون اسٹون کہتے ہیں۔اس پتھر کا چاند سے گہرا تعلق ہے۔یہ پتھر رات کو چمکتا ہے۔عروج ماہ میں رش میں چمک پیدا ہو جاتی ہے۔اس کو چاند گرہن میں دیکھیں تو ایسا لگتا ہے جیسا پانی ٹپک رہا ہو۔جگر کو طاقت دیتا ہے۔خوش بختی کی علامت ہے۔تنگ دستی دور کرتا ہے۔اگر درخت سے باندھ دیا جائے تو درخت پھل زیادہ دے گا۔برج سرطان والوں کے لئے موافق ہے۔

(13) لاجورد: تندرست اور توانا رکھتا ہے۔جادو ٹونے کے اثر کو زائل کرتا ہے۔جو بچے سوتے میں ڈرتے ہیں اُن کے موافق پتھر ہے، مقوی اعضائے رئیسہ ہے۔بلڈ پریشر کو نارمل رکھتا ہے لاجورد جس کے پاس ہوگا اُس پر جادو اثر نہیں کرے گا۔دل کو سکین دیتا ہے۔مرض برص میں مفید

خاص لوح شرف مشتری

سیارہ مشتری عزت، مال و دولت کا سیارہ کہلاتا ہے جب اس سیارے کا عروج کسی بھی شخص کے زائچہ میں ہو تو ایسا شخص تمام عمر مال و دولت میں کھیلتا ہے اور خوشحالی کی زندگی بسر کرتا ہے اور اگر کسی شخص کے زائچہ پیدائش میں یہ سیارہ نحس یا خراب حالت میں ہو تو ایسا شخص تمام عمر مفلسی، بیروزگاری، پریشانی اور مال و دولت میں کمی کا شکار رہتا ہے۔

اکثر و بیشتر دیکھا گیا ہے کہ جو لوگ مالی لحاظ سے کمزور ہوتے ہیں اُن کے زائچہ پیدائش میں مشتری بھی کمزور ہوتا ہے اس سیارے کی نحوست کو ختم کرنے کیلئے اللہ تعالیٰ نے اپنی قدرت سے ہر بارہ سال بعد ایک موقع دیا ہے اس خاص موقع سے اہل علم فائدہ اُٹھاتے ہیں اور وہ لوگ جن کے زائچہ پیدائش میں سیارہ مشتری کمزور ہو اُن کو خاص وقت شرف مشتری جو کہ 12 سال بعد 1 بار آتا ہے اس میں لوح مشتری تیار کر کے دیتے ہیں اس لوح کی برکت سے میرے ذاتی مشاہدہ میں آیا ہے کہ غربت، مفلسی، بیروزگاری اور مالی مشکلات کا خاتمہ ہو جاتا ہے۔گزشتہ 12 سال قبل بے شمار لوگوں کو لوح مشتری تیار کر کے دی اور اس لوح کی برکت سے پریشان حال لوگوں کی اللہ تعالیٰ نے پریشانیاں ختم کر دی رزق روزی میں اضافہ ہوا اور آج وہ لوگ جنہوں نے لوح مشتری اپنے پاس رکھی خوشحال اور پُرسکون زندگی گزار رہے ہیں۔وہ لوگ جو کہ فوری طور پر مالی مشکلات سے نجات چاہتے ہیں اس قیمتی اور نایاب وقت کو ہاتھ سے نہ جانے دیں۔لوح مشتری آج ہی ادارہ سے بک کروائیں۔

ھدیہ 7200 روپے

لوح نادعلیؑ

خاص ایام میں تیار کردہ

لوح نادعلیؑ کے فضائل، برکات، تجلیات، کرشمات، انوارات سے کون شخص واقف نہیں دعائے نادعلیؑ کا ورد خاص اس لوح کی تاثیر میں مزید اضافہ کر دیتا ہے۔لوح نادعلیؑ کی برکت سے زندگی میں وہ سکون اور روحانیت میسر آتی ہے جس کے حصول کے خاطر انسان لاکھوں کروڑوں بھی خرچ دے تو نہ ملے۔لوح نادعلیؑ قدرت کا ایسا انعام ہے جس کو لفظوں میں بیان نہیں کیا جا سکتا۔

ہدیہ لوح نادعلیؑ 2700 روپے

سبزیوں کی افادیت

تحریر:۔عرفان ہاشمی (ایبٹ آباد)

قارئین تحفہ روحانیات دسمبر میں انار کی غذائی اہمیت اور اس میں شفا بخش طبی اجزاء کے علاوہ اس سے احتیاط کے بارے میں بھی بتایا گیا تھا اس بار موسم سرما کی سبزی سلاد کے طور پر استعمال کی جانے والی عام غذا بند گوبھی اور سلاد کے پتوں کی اہمیت' افادیت اور اس کے طبی فوائد سے متعلق آگاہی دونگا اُمید کرتا ہوں کہ قارئین ان سے مکمل طور پر استفادہ حاصل کرسکیں گے۔

بند گوبھی Cabbagf

بند گوبھی کا شمار پتوں والی سبزیوں کے گروپ میں کیا جاتا ہے۔ بند گوبھی کو کرم کلمہ اور پتوں والی گوبھی بھی کہتے ہیں۔ پتوں والی ترکاریوں میں بند گوبھی بہت ہی شاندار اور بہت ہی قیمتی غذا کہلاتی ہے۔ بند گوبھی کے پتے لمبے اور خوش ذائقہ ہوتے ہیں اسی لئے اسے پوری دنیا میں کاشت کیا جاتا ہے۔ اس کے کھانے سے پٹھوں کی تعمیر ہوتی ہے اور بدن کی صفائی ہوتی ہے۔ اس کی کئی قسمیں دریافت ہو چکی ہیں۔ ہر قسم رنگ، شکل اور جسامت میں ایک دوسرے سے مختلف ہوتی ہے۔ اس کے پتوں کا رنگ، ساخت اور سائز بھی الگ الگ ہوتا ہے۔ ماہرین کے مطابق بند گوبھی کا کاشت انسانی تاریخ سے بھی پہلے ہوتی چلی آرہی ہے۔ قدیم یونانی سے اہم سبزی قرار دیتے تھے۔ بند گوبھی رومنوں میں بھی بہت مقبول تھی۔ رومن جہاں بھی جاتے، بند گوبھی بھی اپنے ساتھ لے جاتے۔ جہاں جہاں قبضہ کرتے اسے ان علاقوں میں کاشت کردیتے۔ جن ممالک میں اس کی کاشت وسیع پیمانے پر ہوتی ہے۔ ان میں انڈونیشیا، ملائیشیا، جنوبی امریکہ، شمالی ہندوستان، وسطی مشرقی اور مغربی افریقہ، وسطی امریکہ، فلپائن اور اجزاء غرب الہند (ویسٹ انڈیز) شامل ہیں۔

بند گوبھی کی غذائی صلاحیت :۔ بند گوبھی کی زبردست اہمیت کا باعث اس میں پائے جانے والی اعلیٰ درجہ کے معدنی اجزاء، وٹامنز ارکھاری نمکیات ہیں۔ اسے سلاد کے طور پر کچا بھی استعمال کیا جاتا ہے۔ اسے پکانے کیلئے بھاپ سب سے اچھا طریقہ ہے۔ ویسے اسے بھون کر اور ابال کر بھی پکایا جاتا ہے۔ اسے آگ پر پکا کر کھانے سے کچا کھانا زیادہ بہتر ہے۔ کیونکہ پکانے سے اس کے قیمتی غذائی اجزاء ضائع ہو جاتے ہیں۔ یہ ایسی سبزی جو بہت جلد ہضم ہو جاتی ہے جبکہ پکانے سے تنی جلدی ہضم نہیں ہوتی۔ بند گوبھی کو جتنا زیادہ پکاتے جائیں، یہ اتنی زیادہ ثقیل ہوتی چلی جاتی ہے اور ہضم ہونے میں بھی دیر لگاتی ہے۔ اس کی یہ خاصیت دور کرنے کے لئے اگر پکاتے ہوئے اس میں تھوڑی سے ہینگ ملادی جائے تو یہ زود ہضم بن جاتی ہے۔ بند گوبھی جس کے پتے سبز رنگ کے ہوتے ہیں، بہت اہمیت کی حامل ہوتی ہے۔ کیونکہ اس وٹامن اے کی مقدار بہت زیادہ پائی جاتی ہے۔ ایک سو گرام بند گوبھی میں رطوبت 91.9 فیصد، پروٹین 1.8 فیصد، معدنی اجزاء 0.6 فیصد، ریشے 1.0 فیصد، چکنائی 0.1 فیصد اور کاربوہائیڈریٹس 4.6 فیصد ہوتے ہیں۔ جبکہ بند گوبھی کے 100 گرام میں حیاتینی اور معدنی اجزاء میں آئرن 0.8 ملی گرام، کیلشیم 39 ملی گرام، وٹامن سی 124 فاسفورس 44 ملی گرام اور قدرے وٹامن بی کمپلیکس شامل ہیں۔ 100 گرام بند گوبھی کی غذائی صلاحیت 27 کیلوریز ہے۔

بند گوبھی کے شفا بخش اجزاء اور طبی استعمال

:۔ قدرت کی طرف سے زمین میں سے اگنے والی ہر معدنیات میں کوئی نہ کوئی خوبی ضرور رکھی ہے۔ صرف اس کو کھوج لگانے کے لئے دماغ کی ضرورت ہوتی ہے۔ دنیا بھر کے غذائی سائنس دانوں نے بند گوبھی کے جو اوصاف اب تک معلوم کئے ہیں ان کے مطابق یہ بدن کو صاف کرتی ہے۔ موٹا ہونے سے بچاتی ہے۔ اس میں دو بہت ہی قیمتی اجزاء سلفر اور کلورین پائے جاتے ہیں۔ اس میں ایک خاص تناسب سے آیوڈین بھی پائی جاتی ہے۔ معدے اور انتڑیوں کی نجیبی بافتوں کو صاف کرنے کا فرض سلفر اور کلورین ادا کرتی ہیں یہ کام اس وقت انجام پاتا ہے۔ جب بند گوبھی کو بغیر نمک کچا کھایا جائے۔ بند گوبھی کے جوس کا استعمال کم کم کرنا چاہئے۔ کوشش کرنی چاہئے کہ دیگر غذاؤں کی نسبت اسے کم مقدار میں استعمال کیا جائے۔ اس کے زیادہ استعمال کرنے سے تھائرائیڈ یعنی گلہڑ کا مرض لاحق ہو جاتا ہے۔ اس کے جوس کا ذائقہ کڑوا ضرور ہوتا ہے لیکن اگر اسے کم مقدار میں استعمال کیا جائے تو یہ غذائیت بخش اور شفا بخش ہوتا ہے۔ اس کو استعمال کرنے سے السر انفیکشن اور نظام ہضم کی کئی شکائتیں دور ہو جاتی ہیں۔ بند گوبھی کا استعمال بڑی عمر کے لوگوں کیلئے بہت مفید ہے۔ کیونکہ اس میں پائے جانے والی اجزاء جسم انسانی کو انحطاط سے بچاتے ہیں اور وقت سے پہلے بوڑھا ہونے سے محفوظ رکھتے ہیں۔ اس میں ایسے طبی اجزاء پائے جاتے ہیں جو خون کی نالیوں کی دیواروں پر بننے والے اجتماعات کی تشکیل کو روک دیتے ہیں اس کے علاوہ تلی (طحال) میں پیدا ہونے والی پتھروں کو تحلیل کرتے

شاہین نیوز ایجنسی، نمک میانی تحصیل بھیرہ 0344-748351 ادارہ روحانیات

ہیں۔اس میں پائی جانے والی وٹامن سی اور پی خون کی نالیوں کو صحت مند بنانی ہے۔ بند گوبھی نظام ہضم کے عمل کے بعد مواد بن کر معدے میں داخل ہوتی ہے تو یہ ایسی شکل اختیار کر لیتی ہے جو انتڑیوں میں پہنچ کر جذب نہیں ہوتا اور انتڑیوں کو اجابت کے لئے متحرک کر دیتا ہے اسی لئے بند گوبھی کا کچا استعمال قبض دور کرنے میں بہت مدد فراہم کرتا ہے اور کسی قسم کے منفی اثرات پیدا کئے بغیر فوراً اپنا کام شروع کر دیتا ہے۔ جب قبض دور کرنے کے لئے کچی بند گوبھی کا استعمال کیا جائے تو اسے کاٹ کر تھوڑا، سانمک کالی مرچ اور چند قطرے لیموں کا رس ملا لنا چاہئے۔ بند گوبھی کے پتے گرم کر کے زخموں پر باندھنے سے زخم مندمل ہونے میں تیزی آجاتی ہے۔ پیپ زدہ زخموں، جلی ہوئی جلد، آبلوں سے پھٹتی ہوئی جلد اور چنبل میں بند گوبھی کے گرم کئے ہوئے کامیاب علاج ہیں تجربات سے ثابت ہو چکا ہے کہ بند گوبھی کے پتے باندھنے سے کاربنکلز اور جلی ہوئی جلد میں فائدہ مند ثابت ہوتے ہیں۔ان مقاصد کے لئے بند گوبھی کے بیرونی پے جو گہرے سبز رنگ کے موٹے موٹے ہوتے ہیں زیادہ اثر رکھتے ہیں۔استعمال کرنے سے پہلے ان پتوں کو گرم پانی میں اچھی طرح دھو کر کسی کپڑے سے خشک کر لینا چاہئے اور پھر پورے پتے کو پھیلا کر گرم کر کے بعد کپڑے رکھ کر متاثر جلد پر باندھ دینا چاہئے۔اگر متاثرہ جلد تھوڑی جگہ ہو تو پتے کا کاٹ کر استعمال کیا جا سکتا ہے۔اگر گرم پتوں کو لینن کے کپڑے رکھ کر متاثرہ جگہ پر باندھا جائے اور اوپر کسی گرم اونی کپڑے کی گدی سی بنا کر بنا کر رکھ دی جائے تو زیادہ بہتر ہے۔ کم از کم چوبیس گھنٹے یہ پٹی متاثرہ جگہ پر باندھے رکھنی چاہئے اگر پتے کی رنگت خراب ہو جائے یا وہ مرجھایا ہوا دکھائی دے تو نیا پتہ گرم کر کے اسی طرح باندھ دیا جائے نیا پتہ باندھنے سے پہلے جلد کو اچھی طرح دھو کر خشک کر لینا چاہئے۔ بند گوبھی کو جوس چھوٹی آنت کے السر کا معجزاتی علاج ہے۔ سٹین فورڈ یونیورسٹی کے ڈاکٹر گارنٹ چنے یہ دعوی کرتے ہیں کہ انہوں نے معدے کے السر کا شکار متعدد مریضوں کو بند گوبھی کا جوس دے کر شفایاب کیا ہے۔السر کے مریض کو روزانہ 90 سے 180 گرام بند گوبھی کا جوس دن میں تین بار یعنی صبح دوپہر اور شام کھانا کھانے کے بعد پلایا جائے۔ ماہر یک غذا کا یہ بھی کہنا ہے کہ بند گوبھی کے جوس کو خوشذائقہ بنانے کیلئے اس میں اجوائن کے سبز پتوں اور شاخوں کا جوس اور انناس، ٹماٹر یا کسی ترش پھل کا جوس بھی شامل کر لیا جائے، یہ جوس جتنا ٹھنڈا ہوگا، اتنا ہی اس کا ذائقہ بہتر ہوگا۔اس جوس کو ایک وقت میں زیادہ مقدار میں نہیں ہونا چاہئے۔ بلکہ بہتر یہ ہے کہ تھوڑے تھوڑے وقفہ سے دن بھر پیتے رہیں اگر آپ کو جوسر یا بلینڈر میسر نہ ہو تو جوس کی بجائے کچی بند گوبھی روزانہ پانچ مرتبہ خوب اچھی طرح چبا چبا کر کھالیں اس کا وہی اثر ہوگا جو اثر جوس کا ہوتا ہے۔

سلاد پتے Lettuee

سلاد پتے کا تعلق ہرے پتے دار سبزیوں کے گروپ سے ہے۔ کاہو یا کاسمی ساگ کی نسبت سلاد پتے کا بطور سلاد استعمال بہت زیادہ ہے۔اس مقصد کیلئے استعمال ہونے والے تمام سلادوں کے پودوں کا بادشاہ سلاد پتہ ہے۔ یہ سلاد تمام سبزیوں کے سلاد سے زیادہ مقبول ہے۔ سلاد پتہ کے پتے گول دیتے ہیں جن کی لمبائی چوڑائی بالترتیب 25-15 سینٹی میٹر تک ہوتی ہے۔اس کی کئی قسمیں ہوتی ہیں۔ ہر قسم کے پتوں کی رنگت اور لمبائی چوڑائی مختلف ہوتی ہے۔ اکثر پتوں کا رنگ گہرا یا ہلکا سبز ہوتا ہے۔ زیادہ استعمال میں سلا کی دو قسمیں آتی ہیں۔یعنی کھلے پتوں والی اور بند پتوں والے۔ کھلے پتوں والے سلاد کے پتے چاروں طرف پھیلے ہوئے ہوتے ہیں جبکہ بند پتوں والا سلاد بند گوبھی کی مانند ہوتا ہے۔یعنی پتے ایک دوسرے کے اوپر لپٹے ہوئے ہوتے ہیں۔سلاد پتے کا اصلی وطن مشرقی وسطی کا علاقہ خیال کیا جاتا ہے۔سلاد پتے کا پہلا ذکر لمبے پتوں والی سبزیوں کی حیثیت سے ساڑھے چار ہزار سال قبل مسیح تعمیر کئے جانے والے مقبروں میں کندہ ہے۔ ایران کا شاہی خاندان سلاد پتے کو پانچ سو پچاس سال قبل مسیح استعمال کرتا تھا جبکہ اس کی کاشت قدیم یونانی علاقوں اور رومن مملکت کے زیر انتظام علاقے میں کی جاتی تھی۔ چین میں سلاد پتے کو ساتویں صدی عیسوی میں متعارف کرایا گیا اور انگلستان میں سے سب سے پہلے سلاد پتہ بادشاہ ہری ہشم نے 1520ء استعمال کیا تھا اور وہ بہت زیادہ خوش وہا۔اس نے سلاد اروپھیلوں کا حسین امتزاج پیش کیا تھا۔ منطقہ حارہ کے ممالک میں سلاد پتہ حال ہی میں متعارف کرایا گیا ہے۔ موجودہ دور میں اس کی کاشت ہندوستان، پاکستان، فلپائن، مشرقی مغربی اور وسطی یورپ چین، ویسٹ انڈیز (جزائر غرب الہند) ملائیشیا، وسطی اور جنوبی امریکہ کے علاوہ انڈونیشیا میں کثرت سے کی جارہی ہے اور اس کا استعمال دن بدن بڑھتا جارہا ہے۔

سلاد پتہ کی غذائی صلاحیت: ۔سلاد پتے میں حیاتینی اجزاء بکثرت پاء جاتے ہیں۔اسی لئے اسے زندہ غذا کا نام دیا جاتا ہے۔ اس میں دافع سکروی وٹامن سی وافر مقدار میں پائی جاتی ہے اور اسے اعلی مقام دلاتی ہے۔ یہ ایسی سبزی ہے جس میں غذائیت کم اور صحت بخش خوبیاں بہت زیادہ پائی جاتی ہیں۔ سلاد پتے میں معدنی نمک بھی زیادہ مقدار میں پائے جاتے ہیں۔جسم کو تندرست اور ذہن کی چاق و بند رکھتے ہیں۔ 100 گرام سلاد دیتے ہیں رطوبت 93.4 فیصد، پروٹین 2.1 فیصد، ریشے 0.5 فیصد، چکنائی 0.3 فیصد اور پروٹین 2.1 فیصد پائی جاتی ہے۔ جبکہ سلاد

پتے میں معدنی اور حیاتینی اجزاء ذیل کی نسبت سے پائے جاتے ہیں۔
100 گرام سلاد پتوں میں : فاسفورس 28 ملی گرام ، وٹامن سی 10 ملی گرام، کیلشیم 50 ملی گرام، آئرن 2.4 ملی گرام کے علاوہ تھوڑی مقدار میں وٹامن بی کمپلیکس بھی پائی جاتی ہے۔ اس میں کیلوریز کی تعداد 42 ہوتی ہے۔ عام طور پر کھلے پتوں والی قسم زیادہ پسند کی جاتی ہے۔ چونکہ ان کے پتے کھلے رہتے ہیں اسی لئے انہیں دھوپ وافر میسر آتی ہے۔ ان میں دوسری قسم (بند پتوں والی) کی نسبت وٹامن بھی زیادہ ہوتے ہیں۔ آپ سلاد کی جو بھی قسم پسند کریں۔ وہ تازہ، پکی ہوئی اور سبز ہونی ضروری ہے۔ باسی سلاد پتے میں وٹامن کم ہوتے ہیں۔

شفاء بخش صلاحیت اور طبی استعمال :۔ سلاد پتوں کا تعلق ایسی سبزیوں کے گروہ سے ہے جس میں پروٹین کی مقدار 3.0 فیصد سے کم پائی کاتی ہے۔ یہ ان اہم غذاؤں میں سے ایک غذا ہے جو شوگر کے مریضوں کو بہت زیادہ فائدہ پہنچاتی ہے۔ اسی لئے شوگر کے امراض ایسے جتنا چاہیں کھا سکتے ہیں انہیں کسی صورت بھی نقصان نہ پہنچے گا۔ سلاد کے پتوں میں آئرن کافی زیادہ پایا جاتا ہے۔ اسی لئے سلاد پتے نباتاتی ہیمو گلوبن کی عمدہ قسم مہیا کرتے ہیں۔ علاج بالغذا دکے ماہر اطباء انیمیا کے علاج کیلئے سلاد پتوں کو بہترین غذائی ٹانک کے طور پر تجویز کرتے ہیں ان پتوں سے حاصل ہونے والا آئرن جسم انسانی کے لئے غیر نامیاتی آئرن ٹانک کی نسبت بہت بہتر ثابت ہوتا ہے۔ سلاد پتوں میں بے شمار صحت بخش اور خوبیاں اور طبی خواص پائے جاتے ہیں۔ جسم انسانی کے لئے ان میں بہت مفید اجزاء میں موجود ہے۔ اسی لیے یہ دماغ کیلئے بہترین اور اعصابی نظام کیلئے عمدہ غذا اور دوا ہیں۔ پھیپھڑوں کو بھی ان کا بہت فائدہ پہنچتا ہے۔ سلاد پتوں کا تازہ جوش تسکین بخش اور بخار کی حدت کم کرنے والا اور سکون پہنچانے والا ہوتا ہے۔ جوس میں پائے جانے والے میکنیشم کے اجزاء پٹھوں کو طاقت وتوانائی پہنچانے میں اپنا ثانی نہیں رکھتے۔ یہی وجہ ہے کہ یہ دماغ اور اعصاب کو بھی تقویت پہنچاتے ہیں۔ سبز پتوں میں کلوروفل اور دیگر ضروری اجزاء بکثرت پائے جاتے ہیں۔ اسی لئے جوس کیلئے ہمیشہ سبز پتے ہی استعمال کئے جائیں۔ سفیدی مائل سبز اور سفید رنگ کے پتوں میں کلوروفل کی مقدار کم ہو جاتی ہے۔ جن مریضوں کو نیند نہ آتی ہو ان کو سلاد پتے کھلائے جائیں تو فائدہ مند رہتے ہیں کیونکہ سلاد پتوں میں ایک خاص مادہ پایا جاتا ہے جسے لیکٹو کریم کہتے ہیں۔ سلاد پتوں کا جوس بھی اس لئے پسند کیا جاتا ہے۔ کہ اس کی تاثیر افیون جیسی ہوتی ہے۔ اس کے استعمال سے ہیجان انگیز کیفیت پیدا نہیں ہوتی۔ انگیریز ماہر نباتات مسٹر کل پیپر کے مطابق سلاد پتوں کا جوس روغن گلاب کے ساتھ ملا کر ماتھے اور کنپٹیوں پر لگانے سے دردسر ختم ہو جاتا ہے اور پرسکون گہری نیند آجاتی ہے۔ اگر زیادہ ذہنی کام کرنے کی وجہ سے نیند اڑ جائے تو یا بے خوابی کی وجہ سے نیند نہ آتی ہو تو سلاد کے بیجوں کو جوشاندہ بنا کر پلانے سے نیند آجاتی ہے۔ جس کا کام انتڑیوں کی دوریہ حرکت میں تیزی لانا ہے۔ اس حرکے غذا آنتوں میں ہضم ہو کر آگے جاتی ہے اور فضلہ خارج ہو جاتا ہے۔ سلاد پتوں کے باقاعدہ استعمال سے پرانی سے پرانی قبض بھی رفتہ رفتہ ختم ہو جاتی ہے۔ سلاد پتوں کو عام طور پر کچی حالت میں سلاد کے طور پر استعمال کیا جاتا ہے۔ آپ ان کو بطور سبزی ترکاری پکا کر بھی استعمال کر سکتے ہیں۔ انہیں پکاتے ہوئے اضافی پانی نہیں ڈالنا چاہئے جونہی انہیں دیگچی میں ڈال کر آگ پر رکھا جاتا ہے تو دو چار منٹوں میں ان کا اپنا پانی نکلنا شروع ہو جاتا ہے۔ سلاد پتوں کو عام طور پر کچی حالت میں سلاد کے طور پر استعمال کیا جاتا ہے۔ آپ ان کو بطور سبزی ترکاری پکا کر بھی استعمال کر سکتے ہیں۔ جونہی انہیں دیگچی میں ڈال کر آگ پر رکھا جاتا ہے تو دو چار منٹوں میں ان کا اپنا پانی نکلنا شروع ہو جاتا ہے۔ ابتداء میں دیگچی یا ہانڈی کا منہ ڈھکن سے بند رکھنا چاہئے۔ تاکہ پانی نکلنے کا عمل جلد شروع ہو جائے۔ دس منٹ میں یہ پک کر تیار ہو جاتے ہیں۔ سلاد پتوں میں ایک اہم مادہ جسے فولک ایسڈ کہتے ہیں پایا جاتا ہے۔ جو حاملہ خواتین اور دودھ پلانے والی ماؤں کے لئے فائدہ مند ہوتا ہے۔ اس لئے ہر دو خواتین کو سلاد پتے کھاتے رہنا چاہئے۔ حاملہ خواتین کبھی کبھی دوران حمل ایمیا کا شکار ہو جاتی ہے۔ یعنی ان میں خون کی کمی ہو جاتی ہے۔ فولک ایسڈ جو سلاد پتوں میں پایا جاتا ہے، ان خواتین کو اس مرض سے نجات دلاتا ہے۔ ماہرین نے بار بار تجربات کر کے یہ ثابت کر دیا ہے کہ خواتین سلاد پتے استعمال کرتی رہتی ہیں۔ ان میں خون کی کمی پیدا ہی نہیں ہوتی۔ سلاد پتوں کا مسلسل استعمال خواتین کو بار بار کے اسقاط حمل سے محفوظ رکھتا ہے۔ ماہرین کے مطابق سلاد پتے خواتین میں پروگیسٹرون ہارمونز کی افزائش کرتے ہیں۔ جبکہ ان کے ساتھ پالک شتوا اور پھول گوبھی ملا کر استعمال کرنے وٹامن بی کے حصول میں اضافہ کرتا اور فولک ایسڈ بھی آسانی سے حاصل ہوتا ہے۔ کیونکہ حمل کے آخری مرحلہ میں خواتین کو 300 سے 500 مائیکروگرام روزانہ وٹامن بی درکار رہتا ہے۔ وگرنہ خواتین میں خون کی کمی واقع ہو جاتی ہے۔

احتیاط: ۔ سلاد پتے استعمال سے پہلے ایک ایک کر کے اچھی طرح دھو لینے چاہئیں اور کھانے سے پہلے کسی کپڑے سے انہیں خشک کر لینا چاہئے۔ پتے چھتری سے نہ کاٹیں کیونکہ لوہا لگنے سے پتوں میں کڑواہٹ آجاتی ہے۔ ہاتھ سے توڑ توڑ کر کھاتے جائیں زیادہ بہتر ہے۔

حمل

برج حمل 21 مارچ تا 20 اپریل، سیارہ مریخ
حروف۔ ا، ل، ع، ی۔ پتھر، مرجان۔ مبارک دن، منگل
مبارک رنگ، سرخ۔ موافق دھات، لوہا، تانبہ
لکی عدد 9۔ اسم اعظم، یا محیطُ 140 بار
سعد تاریخیں 27,23,19,15,14,9
نحس تاریخیں 25,12,4
لکی نمبرز 77,09,63,71

(یکم تا 8) سال رواں کے آغاز سے آپ کے برج کا حاکم سیارہ برج حوت میں موجود ہے اس برج میں یہ سیارہ نحس ہو جاتا ہے لہذا سال کے آغاز سے محتاط رہنے کی ضرورت ہے دوکاندار حضرات اپنے ملازمین پر زیادہ بھروسہ نہ کریں۔ ملازم پیشہ افراد افسران بالا سے بنا کر رکھیں سخت بات کرنے کی وجہ سے آپکو اس کا بہت زیادہ خمیازہ بھگتنا ہوگا۔ دشمنوں کی چالیں کامیاب ہو سکتی ہیں محبت میں ناکامی اور مذہبی لوگوں سے ناراضگی کا اندیشہ ہے۔

(9 تا 16) چھٹیوں کیلئے سیر و تفریح کا پروگرام بنا سکیں گے طالب علم اپنی تعلیمی کمی کو پورا کرنے کے لئے تعلیم پر پوری توجہ دیں اہم امور کے سلسلے میں بزرگوں سے مشورہ لینا بہتر رہے گا شریک حیات کا تعاون حاصل رہے گا موسم کے اثرات سے محفوظ رہنے کے لئے اپنے پروگرام پر عمل کریں کسی خوشی کے ملنے کی امید ہے۔ یہ ہفتہ ملازمت کے حصول کیلئے بہتر رہے گی۔ صحت کے بارے میں تشویش رہے گی۔ اس لئے آپ کے میڈیکل چیک اپ کروانا چاہئے۔

(17 تا 25) دوران سفر اپنے سامان کی حفاظت کریں بچوں کے معاملات توجہ طلب ہونگے گھر میں کوئی اہم تقریب منعقد ہوگی۔ جس سے شخصیت وحیثیت میں اضافہ ہوگا اس ہفتہ کچھ مسائل کا سامنا کرنا پڑھے گا آپ اپنی حکمت عملی سے مسائل پر قابو پا سکیں گے نئے معاہدے طے کر سکیں گے جس حد تک ہو سکے اختلافات سے بچنے کی کوشش کریں۔ نئے کاروباری معاہدے طے کر سکیں گے آپ کے خواب سچائی کا روپ بدلیں گے۔

(26 تا 31) 28 جنوری کو آپ کے برج کا حاکم سیارہ اپنے طبعی برج حمل میں داخل ہو رہا ہے جہاں پر اس کا قیام 10 مارچ تک رہیگا۔ اس دوران یہ مضبوط ہوگا اور یہ حالت ترفع یعنی سعد صغیر قوت میں ہوگا۔ آپ کی کچھ خواہشات پوری ہو جانے کے امکانات ہیں۔ کوئی نیا کاروباری معاہدہ طے کر سکیں گے۔ ملازمت کے معاملات میں احتیاط ضروری ہے۔۔ اس دوران بہت سی تبدیلیاں واقع ہو سکتی ہیں۔ شریک حیات سے نرم رویہ اختیار کریں۔

برج ثور

برج ثور 21 اپریل تا 20 مئی، سیارہ زہرہ
حروف۔ ب، و۔ پتھر، الماس۔ مبارک دن، جمعہ
مبارک رنگ، نیلا۔ موافق دھات، پیتل، تانبہ
لکی عدد 6۔ اسم اعظم، یا وھابُ 101 بار
سعد تاریخیں 28,19,14,9,3
نحس تاریخیں 31,17
لکی نمبرز 87,43,51,92

(یکم تا 8) محبوب سے توقعات پوری ہونگی لیکن اس میدان کے لئے کھلاڑی ناکام ہونگے۔ آپ کے لئے اوپل یا حجر القمر معدنی نگینہ پہننا بہتر اور مفید رہے گا۔ زیادتی نقل وحرکت سے گریز کریں اور غذائی پرہیز کریں اندرون خانہ ہر طرح سے خیر وعافیت رہے گی۔ بعض حضرات عشق معشوقی کے چکر میں پڑ جائیں گے۔ خواہ مخواہ بدنامی اور بے عزتی ہوتی لہذا ان چکروں سے باز رہیں آپ کی اپنی صحت ناقص رہنے کا احتمال ہے ہر ممکن احتیاط کریں۔

(9 تا 16) طبیعت غم وغصہ پر قابو پانے کی اشد ضرورت ہے۔ دوسروں سے معاملات طے کرتے وقت جذبات کا مظاہرہ نہ کریں ورنہ بنے کاموں میں روکاوٹیں حائل ہونگی اس ہفتہ مالی امور احتیاط طلب ہیں۔ آپ کا یہ ہفتہ بہترین بسر ہوگا۔ خفیہ امور کی انجام دہی انجام کی ہے کوئی غلط قدم نقصان دہ ثابت ہو سکتا۔ دوسروں سے مخالفت کا اندیشہ ہے احتیاط سے قدم اٹھائیں۔ کاروباری امور کی انجام دہی بہتر طریقہ پر ہوگی ترقی وسیع کوششیں کامیاب ثابت ہونگی۔

(17 تا 25) دوسروں کو شریک کار کر لینا بھی بہتر ہوگا۔ باحیثیت حضرات سے وابستہ توقعات پوری ہونگی۔ زیر غور پروگراموں کی تکمیل ہوگی کاروبار یا غراض کے تحت اگر سفر کی ضرورت پیش آئے تو سفر بہتر رہے گا کسی گھریلو خوشی کا بھی ہونا پایا جاتا ہے۔ انعامی اسکیموں لاٹری یا بانڈ سے بھی فائدہ ہوگا۔ سفر حصول مقاصد کا باعث ہوگا ازدواجی امور کی انجام دہی محتاط روی سے کام کریں تو بہتر ہوگا مگر زمین وجائیداد سے متعلقہ امور ومعاملات حل نہ ہو سکیں گے۔

(26 تا 31) آپ کے برج کا حاکم سیارہ زہرہ درجہ شرف سے 30 تا 31 جنوری گزریگا اس وقت اسکی قوت انتہائی بلندی پر ہوگی۔ جس کے تحت ایسے افراد جو کہ من پسند شادی کے خواہشمند ہوں یا ایسے افراد جو کہ کاروبار میں وسعت چاہتے ہوں اور اُن کا تعلق عوامی رابطہ سے ہو مثلاً ڈاکٹر وکیل اساتذہ یا دفتری کام کرنے والا ملازمین افسران بالا کو تسخیر کرنا چاہتے ہوں۔ ان ایام میں لوح شرف زہرہ بنوا کر پاس رکھنے سے ان کے مقصد کی تکمیل ہوگی۔

برج جوزا 21 مئی تا 20 جون، سیارہ عطارد

حروف۔ک، ق۔ پتھر، زمرد۔ مبارک دن، بدھ
مبارک رنگ، زرد، سرخی مائل۔ موافق دھات، پیتل، تانبہ
لکی عدد 5۔ اسم اعظم، یا رزاق 308 بار
سعد تاریخیں 31,29,27,19,14,93
نحس تاریخیں 23,20,16
لکی نمبرز 11,43,51,24

جوزا

(یکم تا 8) آپ کے برج کا حاکم سیارہ عطارد 08 جنوری کو رجعت ختم کر رہا ہے یہ ایک نحس دور سے گزر کر سعد ہو رہا ہے اس دوران وہ معاملات جو کہ بگڑے ہوئے تھے یعنی مقدمہ پنچایتی فیصلے تعلیم علم عقل قلم اب آپ کے حق میں ہونا شروع ہو جائیں گے لیکن اس بات کو بھی مدنظر رکھیں کہ 10 اپریل کو یہ سیارہ دوبارہ رجعت پذیر ہوگا۔ اس وقت سے قبل اپنے لئے بہتر اقدامات کر لیں۔

(9 تا 16) یہ ہفتہ مضبوط بنیادوں پر قائم مالی معاملات سرمایہ کاری، بچت کی اسکیموں، مشترکہ حصص، اسٹاک، اور شیئرز وغیرہ کیلئے موافق ثابت ہوگا۔ زائچہ نحس سیاروں کے اثرات معاملات میں سست روی لائیں گے۔ ان دنوں تحائف اور مالی وصولیوں کا امکان ہے۔ کوئی انعام بھی نکل سکتا ہے۔ شادی شدہ افراد کو سال ختم ہونے سے پہلے شریک زندگی کے ذریعے کوئی فائدہ ملے گا۔ علاوہ ازیں غیر شادی شدہ افراد کی منگنی یا شادی ہونے کا بھی امکان ہے۔ وراثتی جائیداد کا مسئلہ جو عرصہ دراز سے حل نہ ہو پا رہا تھا ان ایام میں اگر کوشش تیز کریں تو مسئلہ حل ہوتا نظر آ رہا ہے۔

(17 تا 25) اس ہفتہ پیشہ ورانہ معاملات کے لحاظ سے یہ ماہ ترقی پذیر ثابت ہوگا۔ سخت مخالفت کا سامنا ہوگا ساتھ کام کرنے والوں کے ساتھ بھی اختلافات اور جھگڑوں کا اندیشہ ہے اسکی وجہ آپ کا ضرورت سے زیادہ حکمانہ رویہ ہوگا۔ اس وقت دوسروں پر اپنی مرضی مسلط نہ کریں بلکہ دوسروں کی مرضی پر چلیں۔

(26 تا 31) اس ہفتہ شراکتی معاملات کی موافقت میں رہے وہ افراد جن کی اس وقت منگنی یا شادی ہوگی انہیں خوشی اور مالی فائدہ ملے گا جبکہ شادی شدہ افراد کو بھی خوش بختی حاصل ہوگی۔ کسی اہم معاملے کے متعلق آپ کا ارادہ اور سوچ تبدیل ہو جائے گی۔

برج سرطان 21 جون تا 20 جولائی، سیارہ قمر

حروف۔ح، ہ، ھ۔ پتھر، موتی۔ مبارک دن، سوموار
مبارک رنگ، سفید، ہلکا نیلا۔ موافق دھات، ٹین
لکی عدد 2۔ اسم اعظم، یا جبار 21 بار
سعد تاریخیں 30,27,17,5,1
نحس تاریخ 28,19,14,6
لکی نمبرز 58,19,31,35



سرطان

(یکم تا 8) اس ہفتہ ایسے معاملات خصوصاً جائیداد سے تعلق رکھنے والے امورز بانی طور پر حل کرنے کی کوشش نہ کریں۔ تحریری معاہدہ میں آپ کو فائدہ ہو سکتا ہے۔ اس ماہ کے آغاز میں کچھ خرابیاں پیدا ہوتی ہوئیں نظر آ رہی ہیں۔ جن میں صحت، تعلقات ازدواجی زندگی، کاروباری حالات شامل ہیں۔ آپ نہایت محتاط طریقہ سے ان حالات سے گزر سکتے ہے۔ ایک افواہ بھی آپ کے خلاف گھوم سکتی ہے۔ 07 جنوری کو شرف قمر خوشیاں لے کر آ رہا ہے۔

(9 تا 16) اس ہفتہ تحریری معاہدہ کرنا فائدہ دے سکتا ہے۔ اپنی صحت کا خیال رکھیں سینہ کے امراض کھانسی نزلہ وزکام پیدا ہو سکتے ہیں وہ افراد جو کہ غیر ملکی سفر کے خواہشمند ہیں ان کیلئے اس ماہ کوشش کرنا بے سود ہوگا انہیں اس ماہ کوئی خاطر ماہ بہتر نہیں۔ کسی بزرگ کی جانب سے بری خبر مل سکتی ہے۔ ڈرائیونگ کرتے وقت محتاط رہیں۔

(17 تا 25) اس ہفتہ اپنے شراکتی کاروبار کو بغیر معاملات طے کئے پیچھے ہٹانا یا آگے بڑھنا آپ کیلئے نقصان کا باعث بن سکتا ہے۔ ان دونوں کوئی اہم قدم اٹھانے سے پہلے تحریری معاہدہ لازمی کریں۔ مخالفین آپ کا مالی نقصان کرینگے۔ کسی مرض پر اخراجات زیادہ ہو سکتے ہیں۔ انعامی اسکیموں میں قسمت آزمائی نہ کریں۔

(26 تا 31) ان ایام میں اگر کوئی غلطی کریں تو اس کا نشان نہ چھوڑیں ورنہ تمام معاملہ الٹ پڑ جائیگا قوت اعتماد کے ساتھ اپنے مشن کو جاری رکھیں لیکن یاد رکھیں کہ لوگوں کو بے وقوف بنانا کوئی آسان کام نہیں آپ کی ذرا سی بھول سب کچھ ختم کر سکتی ہے۔ اس میں اسکی بیماری کا خطرہ یا جدائی کا امکان ہے آپ کیلئے یہ ماہ کوئی خاص بہتری لے کر نہیں آ رہا ہے اس ماہ کئی صدمات سے بھی گزرنا پڑ سکتا ہے وہ کام جن کو آپ نے آسان سمجھ لیا تھا مشکلات پیدا کر سکتے ہیں۔

برج اسد 24 جولائی تا 22 اگست، سیارہ شمس
حروف۔ م۔ پتھر، ہیرا، لہسینا۔ مبارک دن، اتوار
مبارک رنگ، زرد۔ موافق دھات، سونا
لکی عدد 1 اسم اعظم، یا مُھَیمِنُ 115 بار۔ یا متکبرُ 108 بار
سعد تاریخیں 30,17,1
نحس تاریخ 28,14,6
لکی نمبرز 21,57,49,61

اسد

(یکم تا 8) ہمیشہ کی طرح سال نو کے آغاز سے آپ کے برج کا حاکم خانہ حضیض میں موجود ہے نئے سال کی ابتداء صدقات سے کریں خاص طور سے اتوار کے روز ساعت شمس میں سوجی اور شکر بطور صدقہ حشرات الارض کو ڈالیں۔ معاملات بہتری کی طرف آسکتے ہیں اگر آپ لوح شرف شمس اپنے پاس رکھیں تو اپنے سیارہ کی نحوست ہبوط، حضیض اور گرہن میں ہونے والے نقصانات سے محفوظ رہ سکتے ہیں۔ دشمن پر غلبہ پانے کیلئے بہتر حکمت عملی اختیار کریں۔

(9 تا 16) اس ہفتہ شمس تربیع مشتری کی نحس نظر قائم ہو رہی ہے۔ کچھ لوگ آپکو خوش نہیں دیکھ سکتے اپنے راز کسی کو نہ بتائیں دل کی بات دل میں رکھیں تو زیادہ بہتر ہے۔ بولتے وقت محتاط رہیں زیادہ بولنے سے آپ راز کھولنا شروع ہو جاتے ہیں۔ اپنے اسم الٰہی کا ورد بھی کریں۔ اس ہفتہ 09 تا 10 جنوری آپ کیلئے اہم ہوگی چونکہ یہ وہ نحس وقت ہے جب آپ کے برج کا حاکم سیارہ شمس حضیض کے درجات سے گزر رہا ہوگا۔ فضول خرچی سے اجتناب کریں۔ ان ایام میں اپنا صدقہ لازمی دینے کا اہتمام کریں۔ صدقہ سے متعلق تفصیلاً دیگر اہم معلومات مزمل روحانی جنتری 2017ء کے صفحہ نمبر 77 کا مطالعہ کریں۔

(17 تا 25) ان ایام میں ازدواجی معاملات بہتری کی جانب آجائیں گے آمدنی بڑھے گی ایک موقع اس ماہ ملے گا اور آپ کو اس موقع سے بھرپور فائدہ اٹھانا چاہیے کوئی بڑی خوشی کی خبر ملے گی یہ خوشخبری مالی بھی ہو سکتی ہے اور کسی مقصد میں کامیابی کی جانب اشارہ بھی ملتا ہے۔ 20 تا 24 جنوری شریک حیات سے تعلقات خلاف توقع بہتر نہ ہونگے معمولی باتوں کو درگزر کر دیں۔ نیا مکان بنانے کیلئے یہ ایام آپ کیلئے خوش بخت ثابت ہونگے۔

(26 تا 31) اس ہفتہ صحت بہتری کی طرف آجائیگی۔ بگڑے ہوئے معاملات سلجھنا شروع ہو جائینگے۔ انعامی اسکیموں میں حصہ لے سکتے ہیں۔ اسدی افراد شادی کے بندھن میں بندھ سکتے ہیں۔ ملازمت کی غرض سے کیا گیا بیرون ملک سفر فائدہ مند ثابت ہوگا۔ مالی مسائل سے نکلنے کا سنہری وقت ہے۔

برج سنبلہ 24 اگست تا 23 ستمبر، سیارہ عطارد
حروف۔ غ، پ۔ پتھر، زمرد، فیروزہ۔ مبارک دن، بدھ
مبارک رنگ، پیلا۔ موافق دھات، ٹین
لکی عدد 5۔ اسم اعظم، یا عَزِیزُ 41 بار
سعد تاریخیں 31,29,27,19,14,9,3
نحس تاریخ 23,20,16
لکی نمبرز 96,75,82,46

سنبلہ

